جیسا کہ اسکے ہونے نہ ہونے میں اختلاف ہے ایسا ہی اسکی جائے موقع و شکل میں ہے جسکا بیان بخیال طوالت ترک کیا جاتا ہے مگر مختصر یہہ ہے کہ عموماً ہلالی شکل کی ایک باریک لعابدار جھلی جسکا سامنے کا سطح مجوف اور پچھلا سطح محدب ہوتا ہے۔ فرج کے منہ پر اسکے کل دائرہ میں لگی رہتی ہے اور ایام بلوغت تک جوں جوں عمر بڑھتی ہے جھلی مذکور بھی بڑھتی جاتی ہے لیکن بالغ ہونیکے بعد اسکے کنارے ڈھیلے ہوکر اسمیں بھریاں پڑجاتی ہیں اور جب مرد مباشرت کرتا ہے تو وہ بھریاں پھٹکر اسکی جگہہ چھوٹی چھوٹی ٹکال مثل اُبھار کے رہ جاتے ہیں کبھی یہہ جھلی بڑھاپے تک قایم

عورتوں میں گول ہوتا ہے۔ مگر بعد وضع حمل کے یہہ زیرین سوراخ آڑا ہو جاتا ہے۔ عوام میں جسکو دھرن کا مُنہ کہتے ہیں وہ یہی سوراخ ہے۔

رحم اپنے جائے موقع پر چھ رباطات کے ذریعہ سے قایم ہے جنکا بیان ترک کیا جاتا ہے۔ ساختار رحم کی تین پرتوں سے ہے۔ سب سے بیرونی پرت آبدار جھلی کا اور درمیانی عضلاتی و دوسری لعابدار جھلی کا ہے۔ چار شرائین رحم کی پرورش کیواسطے آتی ہیں اور جو وریدیں خراب خون واپس لیجاتی ہیں موٹی اور باہم بطور جال کے ملی ہوئی ہیں۔ موٹے جاذب آوردے و اعصاب بھی ہوتے ہیں۔

۲۔ بقول اطبا رحم ایک عضو خریطیہ کے مانند ہے جو مثانہ و معاء مستقیم کے مابین واقع ہے اور بذریعہ رباطات پشت و مثانہ و ہڈی وغیرہ سے مربوط ہے۔ نفس رحم و گردن رحم کی شکل مثل لٹے ہوئے کیس خصیہ و قضیب کے ہے جیسا کہ ذکر ہو چکا اور ان دونوں کی صورت ایسی ہے جیسے آستین کے اندر آستین۔ طوالت رحم کی ناف سے لیکر سفندیج تک سمجھی جاتی ہے۔

بوقت مجامعت سر ذکر پر جو اونچائی سی محسوس ہوتی ہے وہ فم رحم یعنی رحم کا مُنہ ہے جو ہمیشہ حاملہ کے حمل کے دنوں میں ایسا بند رہتا ہے کہ سلائی بھی اسمیں داخل نہیں ہو سکتی ہے مگر [illegible] کے وقت منی لینے کو یا حمل ہو تو وضع حمل ہونیکے لئے کھلتا ہے اور چونکہ رحم کو منی کے کھینچنے کا شوق طبعی ہوتا ہے اسلئے رحم بوقت مجامعت عنق الرحم کی طرف مایل ہو جاتا ہے۔ اور رحم کے اندر قرنی الرحم یعنی دو افزونی ہیں جو بوقت مباشرت محسوس ہوتی ہیں۔

نفس رحم جو عنق الرحم کے علاوہ ہے مثانہ کے مانند وسیع اور گردن رحم کی طوالت

رحم

رحم کو فارسی میں بچہ دان ڈاکٹری اصطلاح میں یوٹرس انگریزی میں وومب ہندی میں دھرن کہتے ہیں۔

۱۔ بقول ڈاکٹروں کے رحم جسمیں بحالت حمل بچہ پلتا ہے ایک چپٹا اور قدرے سہ گوشہ کھوکلہ آلہ ہے جو مثانہ اور معاء مستقیم کے مابین فرج کے بالائی سرے پر ہوتا ہے جب حمل نہو تو اوسکی شکل مثل امرود کے اور ابتداء حمل میں بیضاوی اور حمل کے پورے دنوں میں تربوز کی مانند ہوتی ہے۔

رحم کا چوڑا سرا اوپر اور آگے اور نوکیلا سرا فرج کے جوف میں نیچے کو مائل اگلا سطح چپٹا اور پچھلا محدب ہوتا ہے اُسکے تین حصے کئے گئے ہیں ایک تو جسم جو بالائی سرے سے گردن تک ہے دوسری گردن۔ تیسرا منہ جو رحم کی گردن کے آخر میں ہے۔

جوان عورتوں میں بحساب اوسط رحم کی طوالت بالائی سرے سے فم رحم تک کچھ کم تین انچ و چوڑائی دو انچ و دبازت ایک انچ و وزن نصف یا پون چھٹانک ہوتا ہے۔ رحم کا جوف جو سہ گوشہ ہے اُسکے تینوں کونوں پر تین سوراخ ہوتے ہیں۔ دو بالائی باریک سوراخ تو دونو فلوپین ٹیوب کے منہ ہیں جنکا بیان آگے ہوگا اور زیرین گول سوراخ رحم کی گردن کی نالی کا ہے۔

گردن رحم کی نالی تہائی یا نصف انچ لمبی اپنے اگلے پچھلے سروں پر تنگ اور درمیان میں کشادہ ہوتی ہے اور اس کشادہ حصہ کی درازی میں ایک ایسی اونچی لکیر ہوتی ہے جسمیں بہت سی ترچھی لکیروں کے ملنے سے درخت کی سی شکل بنجاتی ہے اس نالی کا بالائی سوراخ جسکا ذکر ہوا ہمیشہ اور زیرین سوراخ صرف باکرہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کے اندازہ پر ہوتی مگر نابالغ لڑکیوں کا مثانہ سے چھوٹا اور حیض کے وقت دو چند ہوتا ہے
اور حمل ہونے میں بموجب کلانی جنین کے بڑا ہوتا جاتا ہے۔
ساخت رحم کی سپید و نرم و بے حس ہے۔ نرمی کا یہ فائدہ ہے کہ جوں جوں جنین بڑھے رحم بھی
بڑھتا جائے اور بے حس اسلئے کہ جنین کے سبب سے رحم کو ایذا نہ ہو اور رحم دماغی اعصاب سے نہیں
ملے ہے اندر سپید و نرم ہونے کے باعث اسکو عصبی کہتے ہیں۔ مگر ہاں آپ عصب
سے رحم کیجانب آتا ہے جسکے سبب سے رحم میں حس زیادہ ہوتی ہے تاکہ مباشرت سے لذت
حاصل ہو اور کوئی خارجی چیز اسمیں آئے تو معلوم ہو جائے۔
رحم میں دو پردے ہیں ایک تو طبقہ ظاہری جو طبقہ باطنی پر مثل غلاف کے محیط ہے
دوسرا طبقہ باطنی جسمیں بہت سی رگیں اور اُنکے منہ اور گڑھے ہیں۔ خون حیض اسی جگہ
سے نکلتا ہے اور یہیں سے بچہ کی غذا پہنچتی ہے اسی طبقہ میں دائیں بائیں رگوں کے ایسے ہوتے
ہیں جیسے معلوم ہوتا ہے کہ دو رحم اور دو گردن ہے اور ہر ایک حیوان میں جتنی پستان ہوتی ہیں
اُتنے ہی یہ خانے ہوتے ہیں اور جتنے خانے ہوتے ہیں اسی قدر بچے پیدا ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ
اسی اصول پر اکثر عورتوں کے ایک حمل سے دو بچے پیدا ہوتے ہیں اور ایک حمل سے تین بچوں کا
ہونا جو معلوم ہوا ہے پس شاید ان عورتوں کے اسیقدر خانے ہوں۔ ایک خانہ میں دو بچے ٹھیرے ہوں

خصیۂ زنان

۱۔ عورتوں کے ایک خصیہ کو ڈاکٹری میں اووری اور دونوں کو اوویز کہتے ہیں۔
ڈاکٹروں نے لکھا ہے کہ یہ دو چھوٹی و سفید و بادامی شکل کی گلٹیاں ہیں جو رحم سے
ڈیڑھ انچ کے فاصلہ پر اوسکے دونوں پہلوؤں پر ایک چوڑی رباط کی تہ میں لپٹی ہوئی فلوپین نلیوں
کے بیرونی سروں کے پیچھے اور نیچے ہوتی ہیں۔

اُسی قاذف الرحم کہتے ہیں۔ اور چونکہ سوراخ اس کا نہایت باریک ہے اس لئے انزال نہیں بلکہ رطوبت ہوتی ہے

مذی

۱۔ ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ مذی غدہ قدامیہ کی رطوبت ہے جو انزال کے وقت منی کے ساتھ خارج ہوتی ہے۔ اور گو کہ بعد مرگ دو دو کی مانند منی کا نکلنا لکھا ہے مگر اصول آدم صاحب خیال کیا جاتا ہے کہ غذا بازدگی کی حالت میں خارج ہوتی ہوگی۔

ڈاکٹر محمد عوض صاحب نے اپنی کتاب مجموعۃ الجوہر میں لکھا ہے کہ غدہ قدامیہ کی لعابدار جھلی کی ایک سیال رطوبت کا نام مذی ہے۔

۳۔ ولیسی طبیب کہتے ہیں کہ مجرا بول کے ابتدائی مقام پر یعنی گردن مثانہ میں ایک غدود ہے اُس سے جو رطوبت رشکر تندی کیوقت ذکر کے سر پر ظاہر ہوتی ہے اُسکا نام مذی ہے۔ اور جسقدر لذت مباشرت زیادہ ہوتی ہے اُسیقدر اسکا اخراج زیادہ ہوتا ہے اور جلق کیوقت بھی بکثرت نکلتی ہے۔ فائدہ اسکا مجرا بول کو تر کرنا اور منی کے نکلنے میں آسانی بخشنا ہے۔ اسکا مجری یعنی راستہ مجری منی کے اوپر ہے۔ اور یہ رطوبت صرف مردوں میں ہی نہیں بلکہ بقول مصنف بحر الجواہر عورتوں میں بھی شہوت کے وقت نکلتی ہے۔

فائدہ۔ ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب غدہ قدامیہ کی رطوبت کو مذی لکھتے ہیں اور اطباء قدیم اُس غدود کی رطوبت کو مذی سمجھتے ہیں جو مجرا بول کے ابتدا یعنی گردن مثانہ میں ہے پس یہ دونو بیان تو مطابق ہیں کیونکہ مجرا بول کی ابتدا میں جو غدود ہے اُسکا نام ہی غدہ قدامیہ رکھا گیا ہے مگر صرف اتنا فرق ہے کہ اطباء متقدمین عورتوں میں بھی شہوت کیوقت مذی کا نکلنا خیال کرتے ہیں لیکن عورتوں میں کوئی غدود غدہ قدامیہ کے مقابلہ میں نہیں پایا جاتا۔

ودی

۱۔ ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب نے اُس رطوبت کو ودی لکھا ہے جو کوپر صاحب کی گلٹیوں سے

[illegible] ہوتے ہیں۔

اوعیہ منی زناں

اوعیہ منی کے معنی تو صفحہ [illegible] میں بیان ہو چکے ہیں ڈاکٹری کی اردو کتابوں میں جو لفظ فلوپین ٹیوب کا ترجمہ قاذف نالی کیا گیا ہے اسمیں تھوڑا سا فرق ہے جو آگے کے بیان سے ظاہر ہو جائے گا۔

ترکی کی صورت کی تین پار انچ لمبی لہردار دو گاؤدم دو نالیاں جو رحم کے ہر دو طرف ایک چوڑے رباط کی دو تہوں کے درمیان ہوتی ہیں اونکو ڈاکٹری میں فلوپین ٹیوبز کہتے ہیں ہر ایک نالی کا درونی سرا تنگ ہے بذریعہ ایک سوراخ کے رحم کے جوف سے اسکے بالائی کونے پر اور بیرونی سرا جو جھالردار ہے بذریعہ ایک باریک وگول سوراخ کے پیٹ کے جوف سے علاقہ رکھتا ہے اور خصیہ عورت کے قریب ہوتا ہے اور بذریعہ ایک چھوٹی رباطی ڈوری کے اوسکے بیرونی پہلو سے چسپاں رہتا ہے۔ اسکی ساخت آبدار و عضلانی و اعصابدار تین پرتوں سے ہے۔ فائدہ ان نالیوں کا یہہ ہے کہ جب خصیہ عورت سے بیضہ خارج ہوتا ہے تو بذریعہ بیرونی جھالردار سرے کے خصیہ کو پکڑ کر بیضہ کو سنبھال کر رحم تک پہنچا دیتی ہے۔

۲۔ دیسی اطبا کا قول ہے کہ عورتوں کے بھی اوعیہ منی ہوتے ہیں مگر بہ نسبت مردوں کے چھوٹے و تنگ کیونکہ انمیں دور تک منی پہنچانیکی ضرورت نہونیکے سبب درازی کی اور سی رقیق ہونیکی وجہ سے فراخی کی حاجت نہیں ہوتی۔

یہہ دو رگیں جو نر ہیں ایک دائیں اور ایک بائیں جو عورتوں کے دونوں خصیوں سے شروع ہو کر فم رحم کے اندر ختم ہوتی ہیں اور جو سرا ان رگوں کا رحم سے ملا ہوا ہے

ڈاکٹر کہتے ہیں کہ منی کی رنگت سفیدی مائل ہو بوخاص طرح کی وصورت گاڑھی سیال ہوتی ہے اور بقول کارپنٹر صاحب اس کا رنگ سفید دودھ کا سا و قوام مانند ریٹھ کے ہوتا ہے۔

تندرست آدمی کی تازہ منی نیم شفاف سیال ہوتی ہے اور گول گول قطرے سی اسمیں ہوتے ہیں مگر خارج ہونیکے کچھ دیر بعد پانی کی مانند رقیق ہو جاتی ہے اور سرد ہونیکے سبب جو اجزا تہ نشین ہوتے ہیں وہ خشک ہو کر شفاف زرد مائل و سخت نظر آتے ہیں چنانچہ کسی کپڑے پر منی لگی ہو تو وہ مثل کلفدار کپڑے کے سخت ہوتا ہے اور اسکو آنچ پر سکیں تو خاکی رنگ کا داغ نظر آتا ہے جو روشنی کی طرف دیکھنے سے اور بھی زیادہ خاکی دکھائی دیتا ہے۔

خوردبین سے منی کو دیکھا جائے تو دو قسم کی چیزیں اسمیں پائی جاتی ہیں ایک تو شفاف و بیرنگ سیال شے جسکی ماہیت سفیدی بیضہ مرغ کی مانند ہے اور یہ صرف مددگار اور منزل مقصود پر پہنچانے والی دوسری چیز کی ہے۔

دوسری بندھی ہوئی چیز جسمیں گول و بیرنگ دانے جنکا قطر ایک انچ کے چار ہزار حصوں کے ایک حصہ کی برابر ہوتا ہے اور حیوانات منی دکھائی دیتے ہیں۔

حیوانات منی جنکو انگریزی میں اسپرمٹوزوا کہتے ہیں اور جو مردوں کی منی کے جزو اعظم ہیں اور عورتوں کے بیضہ کے ساتھ جنکے ملنے سے جنین میں جان پڑتی ہے انکی صورت و ہیئت کیڑوں کی مانند یعنی سر گول و دم باریک اور طول ایک انچ کے چار یا پانچ سو حصوں کے ایک حصہ کی برابر اور جسم کا چوڑا ایک انچ کے چھ ہزار حصوں کے ایک حصہ کے مطابق ہوتا ہے اور منی کے اندر جلد جلد حرکت کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں مگر ایک انچ کا فاصلہ تیرہ منٹ میں طے کرتے ہیں اور حرکت کیوقت کوئی رکاوٹ کی شے انکے روبرو ہو تو اس راستہ کو چھوڑ کر دوسری طرف چلتے ہیں لیکن دم ہلاتے ہوئے آگے کو بڑھتے ہوئے نظر آتے ہیں پیچھے لوٹتے ہوئے کبھی نہیں

نکلتی ہے۔ ڈاکٹر محمد حسین صاحب نے غدہ قدامیہ کی رطوبت کا نام ودی رکھا ہے پس غدہ ودیہ
کی رطوبت کی صفت تو ہم پہلے لکھ چکے اور کوپر صاحب کی گلٹیوں کی رطوبت کا ٹھیک ٹھیک ودی ہوتی ہے
دیسی اطبا کا قول ہے کہ ودی کو ودی بھی کہتے ہیں ایک چپ دار سیال شے ہے سفیدی بیضہ
مرغ کے ہوتی ہے جو مرد کے آلہ تناسل کے پیشاب کے ساتھ پیشاب کرنے کے بعد نکلتی ہے تاکہ پیشاب کی حدت
سے مجری البول کو تکلیف نہ ہو۔ [illegible] شہوت اعلیٰ وغیرہ
کے نرم و تر کرنے کو جاری ہوتی ہے [illegible] پیشاب کے اوسکا اخراج ہوتا ہے
[illegible] رطوبت اس غدود میں پیدا ہوتی ہے [illegible] کے نزدیک یعنی ذکر کی جڑ میں ہو۔
[illegible] کوپر صاحب کی گلٹیوں کی رطوبت کا نام ودی رکھا
ہوگا [illegible] رطوبت کو ودی کہتے ہیں [illegible] ذکر کی جڑ میں جو گلٹیاں
پائی جاتی ہیں [illegible] غدہ قدامیہ کی رطوبت
کو ودی [illegible] کے نزدیک [illegible] ہے مگر دیسی اطبا [illegible] ودی
کا بوقت شہوت [illegible] اور ودی اس رطوبت کا نام رکھا گیا ہے جو غدہ قدامیہ
سے نکلتی ہے لیکن بمقابلہ غدہ قدامیہ [illegible] گلٹی [illegible] ہیں باقی پس ان وجوہات پر خیال
کرکے کوپر صاحب کی گلٹیوں کی رطوبت کو ودی کہا جائے تو دیسی اطبا کے قول کے ساتھ زیادہ مطابقت
ہو سکتی ہے کیونکہ جیسے مردوں میں کوپر صاحب کی گلٹیاں ہیں ویسی عورتوں میں بارتھولن صاحب کی گلٹیاں
اور کچھ تعجب نہیں کہ [illegible] شہوت ان سے یکساں رطوبت خارج ہوتی ہو۔

منی

[illegible] اس رطوبت کو [illegible] جس سے حیوان کا وجود بنتا ہے اور
اسکو [illegible] کہتے ہیں۔ ہندی میں اسکا نام بیج یا دھات۔ انگریزی میں سپرم ہے۔

ی کے کیسوں میں منی دنی کے کیڑے بنتے ہیں مگر بقول اکیٹن
ذ للنی میں پہنچنے اور کچھ عرصہ تک وہاں ٹھہرنے سی ہی ہوتا ہے
ہستہ منی بنتی ہے اور وہاں سے قطرہ قطرہ اوعیہ منی کی راہ سی
ی ہے۔

ی بنانیوالے اعضا خورد و اغر رہتے ہیں اور بوقت مقررہ جب
اتی ہیں مگر بعض حیوانوں و انسانوں میں منی بنانے کا کوئی وقت
غت سے ایک دراز عرصہ تک انکو منی پیدا کرنے و نس بڑھانے
نیڈ صاحب کی رائے ہے کہ جماع یا احتلام ہونے کیوقت جب
ہوتی ہے تب بذریعہ اعصاب تحریک ہوکر خصیتین کی طرف
ی بنتی ہے۔

ی ہوکہ منی بنکر جمع رہتی ہے یا ضرورت کے وقت بنتی ہے مگر
کے جوش میں آنیکی کوئی فصل یا موسم تو ہے نہیں پس
ت للنی میں جمع ہوکر پکتی یعنے اسکی رطوبت کے ساتھ ملکر
رت تھوڑی اشتعالک سے ہی خارج ہو جاتی ہے مگر یہاں
ونیا بھی موقوف ہو جاتا ہے اور مجامعت وغیرہ کیطرف خیال
ی کیجائے تو اکثر اوقات میں باوجود تندرستی اور جوانی
بالکل نہیں بنتی۔

ا رائے ہے کہ بچہ ہونیکے مرد کی منی سے بنتا ہے یا خصیہ عورت
یا ٹھہرائے اسی معاملہ میں لکھی گئی ہیں مگر کامل تحقیقات

دکھائی دیتے مگر انکو جاندار نہیں سمجھا جاتا۔

جس کی رائے ہے کہ منی میں منی کے کیڑے نہیں ہوتے لیکن اتفاق اسی پر ہے کہ مردوں کی منی میں ضرور ہوتے ہیں اور جسم سے خارج ہونیکے بعد تھوڑے عرصہ تک زندہ رہ سکتے ہیں۔ اگر منی کو ایک شیشی میں ڈالکر اسطرح رکھیں کہ حرارت جسم انسان کی مساوی ہو تو چوبیس گھنٹہ تک نہیں مرتے۔ اور عورتوں کے اعضائے تناسل میں تین چار روز تک زندہ رہ سکتے ہیں۔ ترشی و کھاری و تیز و قابض [illegible] اشیا کی تاثیر و سردی و گرمی کے اثر سے فی الفور مر جاتے ہیں۔

[illegible] منی میں بھرے ہوئے کپڑے کو دھو کر اسمیں شوربہ کا تیزاب ملائیں تو [illegible] ایسا [illegible] ہوجاتا ہے کہ پھر سفید نہیں ہوتا۔ کارپنٹر صاحب فرماتے ہیں کہ نیلا نباتی یا ہلدی کا رنگا ہوا کاغذ اسمیں ڈالنے سے کچھ تبدیلی نہیں ہوتی اور منی کے کیڑے جبتک بنکر کامل نہیں ہوتے انمیں وہی شے ہوتی ہے جو منی کے سیال حصے میں لیکن جب وہ پختہ ہوکر کامل ہوجاتے ہیں تو انمیں [illegible] حیوانی و مختلف قسم کے نمک پائے جاتے ہیں۔

[illegible] صاحب اسکی ماہیت میں بحساب فیصدی یہہ اجزا بتاتے ہیں۔ نوے حصے پانی [illegible] ایڈ آف پروٹین یعنی وہ چیز جس سے ناخن و جلد کا کچھ حصہ بنتا ہے چار [illegible] نمک دھونہ و سیگنشیا و فاسفیٹ آف سوڈا۔

[illegible] کے بغیر حل قرار نہیں پاسکتا وہ خصیتین میں اسطرح بنتی ہے کہ جب غذا کا خلاصہ خون میں [illegible] خون پیشہ رگوں میں صاف ہوکر بعد قلب دیگر شرائین میں جاکر اعضا کی پرورش و [illegible] کی پیدائش میں کام آتا ہے اور اس کی جگہ میں صفرا و تھوک کی گلٹیوں میں تھوک و آنسو کی گلٹیوں میں آنسو عورتوں کی پستان میں دودھ بنتا ہے اسیطرح شریانی خون دورہ کرتا ہوا جب خصیتین میں پہنچتا ہے تو منی کی نالیاں اس خون میں سے منی کے اجزا کو نکال لیتے ہیں

[illegible] ہوتی ہیں۔

[illegible] سبب خرابی یا غدد پیدا ہو کر [illegible]

[illegible] کرجی منی رکیت المنی [illegible]

[illegible] ہے تو بے اختیار جنبش کے ساتھ وہ منی [illegible] کی

[illegible] ہے اس تعلق کے سبب جو دماغ و حرام مغز کے مابین [illegible]

[illegible] ہے اور ایک بار مجامعت کرنے میں جوان و تندرست آدمی

[illegible] ایک تولہ اور پارہ شکر کے ہوتا ہے

مگر وہ [illegible] بلکہ [illegible] آنصف حصہ کیت المنی کی اور کچھ کچھ [illegible]

[illegible] کی لعابدار جھلی کی رطوبت بھی شامل ہوتی ہے۔

[illegible] کی منی کی بابت ڈاکٹروں کا یہ خیال ہے کہ مجامعت کے وقت مردوں کی مانند

عورتوں کے منی نہیں نکلتی بلکہ اسوقت فرج کی رطوبت خارج ہوتی ہے جسکو عام آدمی

منی سمجھتے ہیں مگر ہاں عورتوں کی منی اُن بیضوں کو کہہ سکتے ہیں جو مردوں کی منی کے

ساتھ [illegible] بناتے ہیں اور جنکا بیان خصیہ عورات میں ہو چکا۔

[illegible] ایسی صباحت ہیں کہ یہ مضم چہارم کا فضلہ یعنی منی جسکا رنگ سفید بوکھجور کی

قوام غلیظ ہوتا ہے روح و قلب کے بعد جسم کی گرم ترین چیزوں میں سے ایک چیز ہے

اور دست و پا و بازو و مغز و ساق کی مضبوط کرنے والی اور آنکھوں کو روشنی بخشنے والی ہے

جب گردہ کے گرد و پشت سے وہ خون جسمیں مادہ منی کا ہوتا ہے عروق کے

منہ سے خصیتین میں گر کر جمع ہو کر نضج پاتا ہے تو خصیتین کی ذاتی سفیدی کے سبب سفید

[illegible] صرف عورت کے بیضہ یا مرد کی منی سے بچہ نہیں بنتا بلکہ جب مرد کی منی
[illegible] کے بیضہ کے ساتھ ملتی ہے تو اس میں حمل کی [illegible] پیدا ہو جاتی ہے اور [illegible]
[illegible] اولاد یا اونکے خنزیر [illegible] کے ہم شبیہ پیدا ہونا خیال کیا گیا ہے۔
منی کا [illegible] کہ [illegible] باقی [illegible] والی شے ہے مگر اسکے علاوہ مرد کی
وقت بھی اسکے متعلق ہے۔

ذرا اس کے ایک مشہور تجربہ کار حکیم کا قول ہے کہ جب منی بنکر خارج نہیں ہوتی تو وہ
خون میں جذب ہو کر جسمی و دماغی قوے کو ترقی بخشتی ہے۔ اور اسکے قول کی تصدیق
تاریخی حکایتوں و تجربہ سے بھی ہوتی ہے یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل
کو ایام جنگ میں عورتوں کے قربت سے جو باز رہنے کا حکم دیا اور پہلوانوں کو اس فعل
سے جو منع کیا جاتا ہے اسکا یہی مطلب ہے کہ بھی طاقت زیادہ ہو جائے۔

اگریپہ کولیکر صاحب کہتے ہیں کہ منی بنکر پھر خون میں جذب ہونیکی کوئی قوی دلیل نہیں
ہے مگر اکیٹن صاحب کا قول جسکو ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب بھی پسند فرماتے ہیں یہ ہے
کہ بنی ہوئی منی اپنی اصلی صورت میں تو بذریعہ آوردہ و شرائین و جاذب آوردوں کے
خون میں جذب نہیں ہوتی لیکن پہلے اسکی چربی بنتی ہے اور پھر عروق جاذبہ جذب
کر لیجاتے ہیں اور اسطرح منی کا کچھ حصہ خون میں جذب ہو سکتا ہے کیونکہ منی کے راستے
باندھنے یا [illegible] کے سبب مسدود ہو جائیں تو بھی منی بنتی اور غائب ہوتی رہتی ہے۔
اکیٹن صاحب موصوف ہیلر صاحب کے قول کو مبالغہ سمجھتے ہیں مگر وہ صاف صاف
یہ کہتے ہیں کہ منی جسمیں اعلیٰ درجہ کی طاقت ہے واپس خون میں [illegible] کرتی ہوئی
ڈاڑھی و مونچھ و موئے زہار پیدا کرتی ہے اور آواز و عادت کو بدل دیتی ہے اور

پیدا ہوتا ہے لیکن حکیم محمد اسرائیل لکھتے ہیں کہ غالباً نر و مادہ کی منی ملنے سے ہی جنین کا انعقاد ہو سکتا ہے۔ اس بحث پر حکما و اطبا نے بہت کچھ رائے زنی کی ہے لیکن اس کو [illegible]

[illegible] منی جماع کے وقت خصیتین سے منی تقسیم ہو جاتی ہے اور لذت کے ساتھ [illegible] نکل جاتی ہے۔

[illegible] کہتے ہیں کہ جماع کے وقت فرج سے جو [illegible] اور بعض متقدمین اسکو طمث کے لفظ سے ہی ذکر کرتے ہیں۔ چنانچہ بقول [illegible] عورتوں کے منی نہیں ہوتی بلکہ مادہ تولید خون حیض ہی ہوتا ہے۔ شیخ فرماتے ہیں کہ عورتوں کے جو رطوبت خارج ہوتی ہے گو وہ مثل منی کے ہوتی ہے [illegible] منی نہیں ہے [illegible] عورتوں میں خارج ہونا نہیں پایا جاتا [illegible] وغیرہ اکثر اطبا کا اسی پر اتفاق ہے کہ عورتوں کے [illegible] ہوتا ہے [illegible] اور خون حیض کے [illegible] کے سبب اس غیر [illegible] ہے اور متفق اللفظ ہو کر اسی کو تسلیم کیا ہے۔

فائدہ: [illegible] کہ لوگوں کا قیاس ہے کہ زمانہ سابق کے مفسروں نے یونانی حکمت کا پیچھا کیا تو ان کے معنی ان اقوال کے ساتھ مطابق کر دیئے جو اس زمانہ میں رائج تھے مثلاً ان دنوں از روئے مسائل حکمت آسمان ایک غیر نیوالا جداگانہ عالم سمجھا جاتا تھا تو انہوں نے بھی سما کے لفظ کی ویسی تفسیر کر دی ورنہ آجکل آسمان کو جو حد نظر سمجھا جاتا ہے اس قول کے خلاف بھی سما کے معنی نہیں ہوتے۔ ایسا ہی زمانہ سابق کے

ہو جاتا ہے اور اُسمیں صلاحیت و استعداد تولید کی پیدا ہو جاتی ہے اسی کو منی کہتے ہیں۔
بعض کا قول ہے کہ منی چوتھے ہضم کا فضلہ ہے مگر وہ شی نہیں ہے جو دفع کرنیکے لائق ہو بلکہ
وہ لطیف و غذائیت کے قابل چیز ہے جو بعد ہضم چہارم کے تمام اندام سے فاضل رہتی ہے
اور بقاء نوع کے لئے کام آتی ہے پس منی گویا غذا کا خلاصہ ہے جو خون صالح سے پیدا
ہوتی ہے یعنے آج غذا کھائی جائے تو تین شبانہ روز کے بعد تمام رگوں خاصکر
دماغ سے اُسکا خلاصہ یعنی خون صالح جدا ہو کر خصیہ کی رگوں میں جمع ہوتا ہے اور جیسے
عورتوں کی پستان میں دودھ سفید ہوتا ہے اُسیطرح مردوں کے خصیہ میں وہ سفید ہو جاتا ہے
بقول بقراط اصل اور خمیر منی کا دماغ سے بذریعہ اُن دو رگوں کے خصیوں میں پہنچتا ہے
جو رگیں کان کے پیچھے سے حرام مغز میں اور وہاں سے گردوں میں اور گردوں سے خصیوں
میں آتی ہیں اور ہر عضو کا مادہ بذریعہ ایک ایک شاخ کے اُن رگوں میں آکر ملتا ہے
اور گردہ پر خمیر مذکور کا رنگ سفید سرخی مائل ہوتا ہے مگر خصیوں میں پہنچکر بلور کی
مانند سفید ہو جاتا ہے۔
بعض کہتے ہیں کہ سیاہ رنگ کے آدمی کی منی کا رنگ سیاہ ہوتا ہے مگر یہہ قول بالکل غلط ہے
کیونکہ مادہ منی کا خون ہے اور خون کالے اور گورے کا یکساں ہوتا ہے پھر منی کا رنگ کیسے سیاہ ہو سکتا ہے
اسبات پر تو طبیب و حکیم دونوں متفق ہیں کہ قوت عاقدہ نر کی منی میں اور قوت منعقدہ
مادہ کی منی میں ہے لیکن اسبات میں اختلاف ہے کہ نر کی منی میں قوت منعقدہ جزو جنین
ہونیکے لئے اور مادہ کی منی میں قوت عاقدہ مرد کی منی کے انجماد کرنیکے واسطے بھی ہے
یا نہیں مگر اکثر حکما کا یہہ قول ہے کہ اگر ایک ہی منی میں قوت عاقدہ و منعقدہ ہوتی تو دوسری
منی کے ملنے کی کیا حاجت تھی اور گو کہ بعض کہتے ہیں کہ ایک منی سے بھی بچہ

مگر اس سے بدن کو قوت اور فربہی کی [illegible] روح کا [illegible]
انزال ہونے کے بارے میں [illegible] اگرچہ تمام بدن میں ہوتی ہے [illegible]
کے ساتھ نہایت شوق سے متوجہ ہوتے ہیں سب کی خوشی ہوتی ہے تو شانت وہ انگلی
سے نیچے [illegible] طرف جو [illegible] شرونت نامی نالی ہے [illegible] رات سے باہر نکلتی
ہے جسے انزال ہونا کہتے ہیں۔

[illegible] کے [illegible] کے اقوال سے تو صاف ثابت
کہ عورتوں کے منی ہوتی ہے [illegible] اور انکا انزال ہوتا
ہے اور [illegible] کے قول سے [illegible]
کہ [illegible]
علی الترتیب [illegible]

[illegible]

[illegible] ماہواری ایام [illegible]

حیض ہونے کے بارے میں [illegible] کہ [illegible] حیض ہوتے ہیں
خصیہ زناں و جنبہ دانہ [illegible] کا قول ہے
کہ حیض ہونا ایک فعل ہے اور دانہ مذکور کا [illegible] فعل [illegible]
حیض نہیں [illegible] مگر عورت کے ساتھ [illegible] دانہ کو خصیہ زناں [illegible] اور [illegible]
نطفہ سے ملکر حمل قرار پاجاتا ہے اور ایسا ہی بعض نوجوان لڑکیوں میں دیکھا گیا ہے کہ گو انکو
حیض نہیں ہوا مگر وہ حاملہ ہو گئیں لیکن اکثر کی یہ رائے ہے کہ جب خصیہ زناں کے دانہ میں

بعض طبیبوں کا گمان تھا کہ زن و مرد دونوں کی منی ہوتی ہے پس مفسرین نے بھی
فلینظر الانسان مما خلق خلق من ماء دافق یخرج من بین الصلب
والترائب کے معنی قول مذکور کے ساتھ مطابق کر کے لکھ دیا کہ صلب پشت مرد و ترائب سینہ
عورات سے مراد ہے پس زن و مرد دونوں کی منی ہوتی ہے۔ مگر آیت مذکور کے معنی اقوال زمانہ حال
کے خلاف بھی نہیں ہوتی ہیں لیکن زیادہ تر مسلمان لوگ مفسرین سابق کے قول کو ہی تسلیم
کرتے ہیں اور نئے فیشن کے آدمیوں کا قیاس پرانی فیشن والے نہیں مانتے اسلئے ہم اس بحث
کو طول دینا نہیں چاہتے اور اسکا فیصلہ ناظرین کی رائے پر چھوڑتے ہیں۔

۳۔ بیدوں کا قول ہے کہ منی بعض کی [illegible] و قدرے بودار و شیریں رنگ کی شے
ہے جو بعض اوقات تیل، اور بعض اوقات شہد کی مثال ہوتی ہے۔

منی جو خصیوں میں آکر پکتی ہے اور غذا کا ساتواں ہضم ہے اسطرح بنتی ہے کہ غذا کا
اصلی جزو ناف سے بذریعہ ایک ہوا کے حرکت کر کے سوا چار روز بعد سینہ میں پہنچتا ہے
اور پت کے وسیلہ سے پک کر سرخ ہو جاتا ہے جسے خون کہتے ہیں جو تمام بدن میں پھر کر
زندگی کو قائم رکھتا ہے۔ پھر وہ خون صفرا کی تیزی سے پک کر گوشت اور گوشت پک کر
چربی اور چربی سے ہڈی اور ہڈی سے گودہ اور گودہ سے منی سوا چار چار روز
بعد بنتی ہے یعنی آج غذا کھائی جائے تو ایک ماہ بعد اسکے اصلی جزو سے منی
بنجاتی ہے پھر پانچ ہواؤں کے ذریعہ سے (جو ہوائیں تمام بدن میں رہتی ہیں) وہ
منی کل جسم میں پہنچ جاتی ہے اور جسطرح دودھ میں گھی یا گھی میں رس ہوتا ہے اسطرح
تمام بدن میں منی موجود رہتی ہے۔

منی کا تو یہ فائدہ ظاہر ہے کہ عورتوں کے خون حیض کے ساتھ ملکر بچہ بناتی ہے مگر

اور بعض کو جوانی میں ندارد یا اور بڑھاپے میں آنے لگا مگر عموماً یہی ہے کہ سرد ملکوں میں [illegible]
اکیس برس اور گرم ملکوں میں نو سے بارہ برس اور معتدل ملکوں میں بارہ [illegible]
کی عمر میں عورت بالغ ہو جاتی ہے یعنی موئے زہار نکل آتے ہیں پستان ابھر آتی ہیں [illegible]
لگتا ہے یا برس چھ مہینے کی کمی بیشی جو مزاج یا طاقت یا حیثیت کے سبب سے ہو جاتی ہے
وہ ایک مستثنیٰ بات ہے اور دیہاتی لڑکیوں کی نسبت شہر والیوں کو جلد ہوا کرتا ہے ایام شروع ہونے [illegible]
جیسے حیض کے ایام شروع ہونے میں اختلاف ہے ویسا ہی بند ہونے میں یعنی ڈاکٹروں نے
لکھا ہے کہ بعض عورتوں کو ستاون اور بعض کو ستر برس کی عمر تک حیض ہوتا رہا لیکن
اکثر پچاس برس کی عمر ہونے کے بعد حیض کا ہونا بند ہو جاتا ہے [illegible] دو چار
دنوں میں یا کمی خون یا زیادتی [illegible] کے ساتھ [illegible] ہو جاتا ہے [illegible]
حیض کے [illegible] کی [illegible] کی
[illegible] عورت کو [illegible] کوئی

[illegible] کوئی [illegible]
[illegible] لیکن
[illegible]

۳۔ تشریح کے [illegible] عورتوں کے جسم سے ہر مہینے وقت معینہ
پر نکلتا ہے [illegible] زیادہ دس دن تک آتا ہے اور اسی پر عورتوں
کی تندرستی ہے کہ وقت مقررہ پر خاص اندازہ کے ساتھ حیض کا خون آتا ہے کیونکہ اگر
طور پر یہ تنقیہ نہ ہو تو رعشہ یا عصر یا بواسیر یا گندہ دہنی وغیرہ کے پیدا ہونیکا اندیشہ ہوتا ہے

بیضہ شدہ بنا کر کامل ہو جاتا ہے تو دانہ پھٹ کر بیضہ قادف نالی کے راستہ سے رحم میں آتا ہے اور
ان دنوں رحم کی جھلی میں بھی اجتماع خون ہوتا ہے پس اسوقت مرد کو مجامعت کا اتفاق ہو تو
وہ بیضہ مرد کے نطفہ کے ساتھ ملنے سے عورت حاملہ ہو جاتی ہے ورنہ حیض جاری ہو جاتا ہے
اور بیضہ بھی حیض کے ساتھ خارج ہو جاتا ہے حیض جسکے ساتھ بیضہ خارج ہو جاتا ہے۔
ایک رطوبت ہے جو ہر قمری مہینے یعنے اٹھائیس دن میں ایکبار بالغ عورتوں کے رحم کی
اندرونی جھلی سے رستی ہے اور بحساب اوسط چار اور کم سے کم تین اور زیادہ سے زیادہ سات
دن تک نکلتی رہتی ہے۔
اس رقیق رطوبت کا رنگ ہلکا سرخ یا سرخ سیاہی مائل یا فاسد قسم کی ہوتی ہے
اس کی مقدار بسبب قوت و مزاج کے مختلف لیکن بحساب اوسط دو چھٹانک تک ہوتی
ہے اگر رطوبت زیادہ بکثرت خارج ہو تو اسکے منجمد ہونا ممکن ہے ورنہ جمنے میں
کچھ دیر لگتی ہے اور اسکی رنگت میں تغیر ہے پس رہتے میں شراب سے
کھار کی تاثیر زائل ہو جاتی ہے سبب قوت افزا جاتی رہتی ہے مگر بکثرت آمد تو ہو جاتی ہے
تاثیر کے ساتھ ہو جاتی ہے جو مانع اولاد ہے۔
[illegible] طبعی طور پر رقیق آئے اور اسمیں نیلا پانی کا [illegible]
ہو تو [illegible] سرخ ہو جاتا ہے [illegible] رطوبت کی رنگت [illegible]
یا [illegible] کا [illegible] چند سات دن سے [illegible] رطوبت میں [illegible] ہو تو اس کو
مرض سمجھنا چاہیئے۔
اگرچہ ڈاکٹروں نے [illegible] لکھی ہیں کہ نو و آٹھ و پانچ و چھ برس کی لڑکیوں میں حیض کا
آنا و پستان کا ابھرنا یا کہ ایک برس کی لڑکی کے بھی ٹھیک حیض کی رطوبت کا آنا دیکھا گیا

سے مرکب ہے مگر اُسمیں آتش کا خاص زیادہ ہے اور اسی سبب سے اُسکو آفتاب کے متعلق سمجھتے ہیں۔

حیض کا خون پندرہ برس کی عمر میں آنا شروع ہوتا ہے اور پچاس برس تک ہر مہینے آتا ہے بعدہٗ بند ہو جاتا ہے۔ اور خون حیض کے آنے کی تعداد پانچ رات یا چار دن مقرر ہیں۔ اُسکے بعد عورت صاف ہو جاتی ہے۔

حیض کا خون معمولی طور پر آوے تو اُسکا رنگ خون خرگوش یا لاکھ کے رنگ کی مانند ہوتا ہے اور بغیر درد و جلن کے نہ بہت زیادہ نکلتا ہے نہ بہت کم اور جس کپڑے پر یہہ خون لگے اُسکو دھو ڈالا جائے تو داغ باقی نہیں رہتا۔

نفاس

۱۔ بعد وضع حمل جو رطوبت نکلتی رہتی ہے اُسکو عربی میں نفاس۔ انگریزی میں لوکیا ہندی میں شوکل کہتے ہیں۔

بقول ڈاکٹروں کے یہہ ایک قسم کی خونی رطوبت ہے جو وضع حمل کے بعد رحم کی اُن رگوں سے نکلتی ہے جو آنول کے علیحدہ ہونے سے کھل جاتی ہیں اور خاص مقدار میں ایک عرصہ خاص تک اسکے جاری رہنے سے رحم کی تندرستی خیال کیجاتی ہے اور بعد عرصہ مقررہ کے اُسکے بند ہونے سے اُسکا اصلی حال پر آنا معلوم ہو جاتا ہے۔

یہہ رطوبت جو مثل خون کے جم نہیں سکتی اور بہ نسبت خون کے بہت رقیق ہوتی ہے اُسکا رنگ تین یا چار یا پانچ روز تک تو سُرخ ہوتا ہے اور پھر اُسکے بعد کبھی تو زردی مائل مثل پیپ کے مگر اکثر سبز مائل اور پھر زردی مائل اور بعدہٗ گوشت کے دھوون کے مانند ہو جاتا ہے۔

حیض کا ہونا ایک بڑی علامت عورتوں کی بالغ ہونے کی ہے اور یہ حالت گرم ملکوں میں جلد و سرد ملکوں
میں دیر میں واقع ہوتی ہے چنانچہ گرم مقاموں میں دسویں برس اور سرد جگہوں میں بیسویں برس
اور بعض اوقات پندرہ برس کی عمر میں حیض آنے لگتا ہے مگر فقیہ لوگ کہتے ہیں کہ نو برس
کی عمر سے بھی آسکتا ہے اور پینتیس یا اڑتیس یا ساٹھ برس کی عمر تک آکر بند ہو جاتا ہے۔
دموی مزاج کی عورتوں کے خون حیض کا رنگ ابتدا میں سرخ ہوتا ہے دائیں جانب تیزی
و جلن پائی جاتی ہے۔ مزاج سوداوی ہو تو شروع میں سیاہ و بدبودار خون حیض خارج ہوتا ہے
اور بوقت مزاج بائیں طرف سوزش معلوم ہوتی ہے صفراوی مزاج کی عورتوں کے حیض
کے خون کا رنگ زرد اور رقیق ہوتا ہے [illegible] سوزش محسوس ہوتی ہے
بلغمی مزاج کی عورتوں میں غلیظ و سفید مائل خون خارج ہوتا ہے۔
علاوہ بیماری وغیرہ کے حمل کے دنوں میں جو حیض کا آنا بند ہوتا ہے اسکا یہ سبب ہے کہ ان
دنوں میں خون حیض کے دھبے ہو جاتے ہیں یعنی آنا بند ہو جاتا ہے کچھ تو جنین کی غذا
میں کام آتا ہے اور کچھ نقد ہو کر شکم سے ملحق اعضا کو پر کرتا ہے اور کچھ اوپر کو پستان تک
چڑھ کر اور وہاں تحلیل ہو کر بچہ کی غذا کے لئے دودھ بنتا ہے۔ دوسرا حصہ جسکی اصلاح
بدیت نہیں کر سکتی وہ [illegible] اور یہ خون حمل کے دفع ہونے [illegible]
[illegible] بیدوں کا قول ہے کہ جس طرح مردوں میں [illegible] ایک مادہ منی بنتی ہے اسی طرح
عورتوں میں خون حیض پیدا ہوتا ہے [illegible] آب، آتش، باد، خاک۔ خلاصہ

[illegible] لفظ تذکیر کیا یعنی [illegible] دستی [illegible] ہوئے [illegible] جاتا ہے۔
[illegible] سال کی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ آتش و خاک [illegible] عناصر ہوئے
ہیں اور اسطرح جتنے عناصر اب تک معلوم ہوئے ہیں انکی تعداد [illegible] ہے۔

میں خواہش جماع کو کام اور خواہش مند مرد کو کامی منش کہتے ہیں۔
بقول ڈاکٹر کرک صاحب کے کسی قسم کا دغدغہ یعنی خراش کا شروع خاص اعضاء تناسل
سے ہو (جیسے اُسکے چھونے یا رگڑ لگنے یا مرض کے سبب ذکی الحس ہونے سے ہوتا ہے)
یا جسم کے دیگر مقامات سے ہو مثلاً خوش آواز سنکر عصب سمع سے یا اچھی صورت دیکھ کر
عصب باصرہ سے خوشبو سونگھ کر عصب شامہ سے کوئی مرغوب شے بدن پر لگے تو
عصب لامسہ سے یا دماغ سے ہو جیسا کہ صرف ارادہ یا خیال سے ہوتا ہے۔ یا حرام مغز
سے ہو جیسا کہ حرام مغز کے کسی خراش اور مرض کے سبب ہوتا ہے غرضکہ مقامات
مذکورہ میں سے کسی مقام سے دغدغہ یعنی خراش شروع ہو کر مغز و حرام مغز اسکا
اثر پہنچاتے ہیں اور ان سے منعکس ہو کر اور خاص مادہ کے عصب پر پہنچکر
جسے تحریک کہتے ہیں ڈاکٹر صاحب وغیرہ کے اس جماع اپنا اثر ظاہر کرتا ہے کہ [illegible]
شاخیں جنکے ذریعہ خون کو پہنچاتا ہے متاثر ہو کر وریدوں شرائین کو پھیلاتی ہیں [illegible]
زیادہ [illegible] ہو جاتی ہے اور [illegible] عضلات متاثر ہو کر حرکت میں
آتے ہیں جیسے انگلی و پاؤں سے وریدوں کا خون اوپر جانے سے روکتا ہے تو خون کی زیادہ
آمد [illegible] نہ جانے کے سبب [illegible] کی طرف سے ذکر کا ہونا شروع ہوتا ہے اور ذکر کے
کل چھوٹے چھوٹے [illegible] وریدیں بھر جاتی ہیں اور [illegible] کی باریک
شاخیں پھیلی ہوئی ہوتی ہیں [illegible] حالت میں خون سے بھری باقی ہیں۔ اور
ان شرائین و وریدوں کے بھرنے سے ہوتا ذکر میں خلا نہیں رہتا اور باہر کا پردہ چونکہ
خوب مضبوط ہے اس لیے خون کی رگیں تو زیادہ پھیل نہیں سکتیں اور خون اندر سے
زور کرتا ہے پس ان سب وجوہات کے سبب ذکر سخت ہو جاتا ہے اور چونکہ جماع [illegible]

بواسطہ طوبت کی ایک نامرغوب طرح کی اور ناگوار مثل روغن ابھی کے ہوتی ہے جسکو کوئی
ایکبار سونگھ لے تو پھر بھول نہیں سکتا۔

اس طوبت کے بدرنگ ہونے کے ایام سب عورتوں میں یکساں نہیں ہوتے بعض بعض
عورتوں کے تو ایک عورت دس روز کم زیادہ مقدار میں اور بعض کے تین چار
روز تک کم زیادہ میں نکلتی رہتی ہے لیکن کم تر تین روز کے بعد بند ہو جاتی ہے۔

ہر دیکھی جاتی ہے کہ ایام حمل میں عضو کا خون جو بند رہتا ہے اسکا ایک حصہ تو
بچہ کی غذا بنکر وہ پینے کے کام میں آتا ہے جیسا کہ مذکور ہوا اور دوسرا حصہ جسکی اصلاح
طبیعت نہیں کر سکتی وہ ویسے ہی رحم میں پڑا رہتا ہے اور بعد وضع حمل کے دفع ہوتا ہے
جسکو تاسیس کہتے ہیں اور مشیمہ جھلی کے نکلنے میں اسکے نکلنے کا آسانی ہوتی ہے۔
یہ خون لڑکے کے ہونے میں پندرہ روز سے تیس روز تک اور لڑکی کے ہونے
میں تیس روز سے چالیس روز تک آتا رہتا ہے اور اسکے بعد بند ہو جاتا ہے۔

شہوت مردان

اسلئے کی چیزوں پر نفس کی خواہش جو ہوتی ہے اسکے مراتب شہوت کہتے ہیں
مگر عام اصطلاح میں مرد و عورت کے ملاپ کی خواہش پر لفظ شہوت کا استعمال کیا جاتا
ہے اور شہوت کو لفظ کہتے ہیں اور مرد کا آلہ تناسل جو شہوت کے وقت بڑا ہوتا ہے
جب نہایت درجہ زیادہ ہو جائے تو اسے عربی میں لفظ ذکر یا
لفظ الذکر ✝ یا انتشار اور انگریزی میں ایرکشن بولا جاتا ہے اور جنسی

✝ اسکے معنی ہیں وہ آلہ جو مرد کا ہوتا ہے۔

✝ اسکے معنی ہیں آلہ جو بول پڑا۔

و آوردوں میں خون بھر جائے تو اُسمیں استادگی و تندی ہو جاتی ہے مگر پیدا ان قوتوں وغیرہ کا دل دماغ و جگر تینوں عضو میں ہیں اور معدہ کی تقویت ہونا بھی ضرور ہے۔ اور قضیب کی حس و حرکت مغز و حرام مغز کے اعصاب سے اور بڑھنے و پرورش پانیکی قوت جگر و گردہ و معدہ سے اور اصل ان کی دل سے متعلق ہے۔ پس اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جب سب آلات مذکورہ صحیح و سالم ہوں تو دل سے خواہش جماع کی پیدا ہونیکے سبب قضیب کے مقامات مجوف میں ریح ✻ و شرائین میں روح و آوردوں میں خون بھر کر وہ ایستادہ ہو جاتا ہے تاکہ رحم میں منی پہنچانیکے قابل ہو جائے پھر جب مجامعت کیجاتی ہے تو دونوں عضلے جو قضیب کے پہلو پر ہیں دونوں طرف سے کھنچتے ہیں تاکہ اُسکے راستے مستقیم و اوعیہ منی کشادہ ہو جائیں پھر حشفہ کے زیادہ ذکی الحس ہونے اور فرج و رحم میں اُسکے لگنے سے بہت لذت حاصل ہوتی ہے اور مجاری کے تر و نرم کرنے کو ودی و مذی وغیرہ نکلتی ہے اور آخر الامر منی بذریعہ اوعیہ منی کے انثیین سے احلیل میں آتی ہے اور احلیل کے بیرونی سوراخ سے لذت کے ساتھ کود کر قعر رحم میں چلی جاتی ہے جسے انزال ہونا کہتے ہیں۔

بقراط کا قول ہے کہ جو خون منی بنانے اور قضیب کی غذائیت میں کام آتا ہے اُسمیں ریح کے زیادہ ہونے یا وہم کے سبب سے بھی انتشار ہو جاتا ہے مگر درحقیقت فم مثانہ کے دونوں جانب جو غدد ہیں اُنکے مادے یا منی کی کثرت اور حدت کے وقت جو لطیف و رقیق مادہ پیدا ہوتا ہے اُسمیں وغدغہ یعنی خراش پیدا ہونیسے نعوظ ہوتا ہے۔

نیند میں انتشار ہونیکا یہہ سبب ہے کہ جو روح و ریح بیداری میں تحلیل ہوتی ہیں وہ سونیکی

✻ سدیدی کے مصنف نے اس بارہ میں جو لکھا ہے اُس سے مترشح ہوتا ہے کہ قضیب کے جو خدار مقاموں میں ریح نہیں بھرتی بلکہ خون و روح و ریح بہت چیزیں عروق کے اندر ہوتی ہیں اور عروق کے پُر ہونے سے قضیب کے جو خدار مقام بھر جاتے ہیں۔

لئے خوب لذت اور انتشار ہونیکے لئے حشفہ کو نہایت ہی ذی حس بنایا ہے پس جوں جوں
حشفہ میں خون زیادہ پہنچتا ہے تیوں تیوں حشفہ کا فراش زیادہ ہوکر اسکا اثر پہنچتا ہے
حس مغز حرام مغز پر اور وہاں سے بذریعہ اعصاب حرکت ذکر کے عضلات و عروق پر
نمایاں ہوتا ہے۔ اور بدیں وجہ خون کے آنیکی زیادتی سے ذکر کا بڑھنا و لذت و حشفہ کا ذخیرہ بڑھتا
جاتا ہے اور چند لمحہ تک یہی یعنی انتشار کی حالت قائم رہتی ہے بعد اس تاثیر سے
ظروف منی بھی موثر ہو جاتے ہیں اور منی گرنے لگتی ہے جسے انزال ہونا بولتے ہیں اور
عصبی تاثیر سے تمام جسم میں ایک خاص کیفیت پیدا ہوتی ہے اور اس انزال ہونیکے ساتھ
ہی اکثر تندی و نظام عصبی کا وہ جوش جو انزال ہونیسے ذرا پہلے ہوتا ہے فوراً جاتا رہتا
ہے اور جڑ کی طرف سے ذکر نرم ہوتا ہوتا سب کا سب اور آخر کو حشفہ بھی سست و
ڈھیلا پڑ جاتا ہے اور ذکر کے جوف کی لحکدار دیواریں اور غالباً اسکے عضلاتی ریشے
عروق پر دباؤ ڈال کر خون کو حرکت دیتے ہیں چنانچہ اسی سبب سے انتشار کے کامل
ہونے میں جتنی دیر لگتی ہے اسقدر فرو ہونے میں نہیں ہوتی مگر بعض دفعہ عصبی
جوش یکایک فرو نہیں ہوتا تو نعوظ بھی آہستہ آہستہ فرو ہو جاتا ہے اور تھوڑی
دیر بعد پھر بھی قائم ہو سکتا ہے۔

ذکر کے تندیا سست ہونیکے لئے منی کے ہونے یا نکل جانے کی کچھ ضرورت نہیں ہے
بلکہ بچوں کو بھی باوجود منی نہ بننے کے انتشار ہوتا ہے اور سست انتشار بغیر انزال
کے فرو ہو جاتا ہے مگر طبعی یعنی اصلی و سچا انتشار جو ظروف منی میں منی پر ہونیکے
سبب سے ہوتا ہے بلا انزال فرو نہیں ہوتا۔

۲۔ طبیب کہتے ہیں کہ جب قضیب کے جوف اور مقامات میں ریح و شرائین میں روح

حیض کی رطوبت نظر آتی ہے (ایسی عمر میں [illegible] کا زور ہوتا ہے) کو [illegible]
نہ ہو تو اختناق رحم وغیرہ عوارض ہو جاتے ہیں لیکن یہ بات شاید عصبی مزاج و بدخیالی [illegible]
میں خواہش کی زیادتی ہو سکتی ہے عموماً نہیں ہوتی۔

عام لوگوں کے [illegible] کا شبہ [illegible] کی نہیں ہے کہ عورتوں میں مردوں کی نسبت
[illegible] ہے بلکہ [illegible] عورتوں کو شہوت نہیں ہوتی
[illegible] مردوں کو [illegible] ہے اور بالغوں کو [illegible] ہوتی ہے بلکہ
[illegible] مرد [illegible] ہوتے ہیں اور بعض عورتوں کو [illegible]
[illegible] کی خواہش [illegible] ہوتی اور
جس [illegible] جماع حیوانات [illegible] ہوتی ہے [illegible]
[illegible] ہوتی ہے۔ اور بقول ڈاکٹر ایکٹن صاحب
[illegible] ایام حمل [illegible] میں عورتوں کی خواہش بالکل نہیں ہوتی۔

بعض عورتوں کو [illegible] ہونے کے سبب [illegible]
خیالات [illegible] شہوت [illegible] کھانے کے [illegible]
شہوت [illegible] جماع سے [illegible]
نہیں ہوتی [illegible]

[illegible] کو خود بھی جماع کی خواہش ہوتی ہے اور [illegible] بھی [illegible] ہوتی ہیں
لیکن ان کا شہوت ناک [illegible] اور [illegible] کی طرف نہایت مائل ہونا اکثر [illegible] کرنے یا
اولاد کی آرزو کے لئے ہوتا ہے۔

عورتوں کے اندر فرج کی دیواروں [illegible] بہت سے حصوں میں ایسی خاصیت ہے کہ جماع سے

حالت میں تحلیل تو ہوتی نہیں ہے مگر اُنکے زیادہ پُر ہونے سے انتشار ہو جاتا ہے۔
اور خاصکر نیند کے آخر میں کہ جسوقت ہضم کامل ہوتا ہے اور تیسرے ہضم کے آخر
اور چوتھے ہضم کے شروع میں جو بخارات حاصل ہوتے ہیں طبیعت اُنکے دفع کرنے پر
مائل ہوتی ہے اس سبب سے اسوقت انتشار زیادہ ہوتا ہے۔

شہوت زنا

شہوت و انعاظ و جماع کے معنی بیان ہو چکے ہیں اور بجز لفظ الذکر و لفظ الرجل و انتشار کے
اُن لفظوں کا عورتوں کی نسبت بھی اسطرح استعمال ہو سکتا ہے کہ عورتوں کو شہوت
ہونا۔ عورتوں کو خواہش جماع ہونا۔ کامی استری وغیرہ۔
ڈاکٹروں کے اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ جب عورت مرد کی حرکات بغل گیری و بوسہ وغیرہ کو دل
سے پسند کرے اور اُسکے کاموں میں شریک ہو تو ثابت ہوتا ہے کہ عورت کو جماع کی خواہش ہوتی ہے
اگرچہ بعض دفعہ وہ عورتیں جنکو اعضائے تناسل کے ذکی الحس ہونیکے سبب جماع
سے تکلیف ہوتی ہے یا حمل کی تکلیفوں سے ڈرتی ہیں یا حاملہ ہونے یا کسی اور وجہ سے
جماع میں مزا نہیں معلوم ہوتا یا بلا مرضی نکاح ہوتا ہے یا جلق کی عادت ہوتی ہے یا کسی
دوسرے مرد سے تعشق ہوتا ہے یا خصیے نہیں ہوتے ہیں تو اُن سب صورتوں میں جماع
سے نفرت کرتی ہیں مگر خصیہ نہ ہونا تو ایک لاعلاج مرض ہے باقی دیگر اسباب مذکورہ بالا کی
اصلاح کر دیجائے تو ضرور اُنکو خواہش مجامعت کی ہوتی ہے۔
اگرچہ ایک ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ جب لڑکی بالغ ہو جاتی ہے تو اُسکے خصیوں میں خون
کا زیادتی شروع ہو کر اول دفعہ بیضہ دانہ سے علیحدہ ہو کر آمیکو ہوتا ہے تو اُسوقت پہلی بار

جو عورت مرد ہو یا آثار حمل کے حیض نہ آئے اور جماع کی خواہش نہ ہو تو خصیہ نہ ہونیکا خیال ہوتا ہے۔

وصہ یا دس حصہ زیادہ شہوت ہونے سے اُن کو بھی انکار ہی چنانچہ مصنف ضیاء الابصار نے
بہت سے عقلی نقلی دلائل سے عورتوں میں شہوت کی کمی ثابت کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر
عورتوں میں شہوت کی زیادتی ہوتی تو مسلمانوں کے قرآن میں جو سراسر حکمت ہے ایک مرد
کو چار عورتوں سے نکاح کرنے کا حکم نہ ہوتا۔ اور جب سردی و تری عورتوں کے مزاج میں ہوتی
ہے تو پھر کس طرح اُن کو شہوت زیادہ ہو سکتی ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ عورتوں کی جو شہوت
ہوتی ہے بدنیوجہ عرصہ دراز میں اُنکو شہوت ہوتی ہے اور بوجہ سرد و تر ہونے کے انزال بھی دیر میں ہوتا ہے
۴۔ بیاس جی نے پوتھی سری مدھا گوت میں لکھا ہے کہ عورتیں مغلوب الشہوت ہوتی ہیں اور علم
لوک میں اہل ہند نے بیان کیا ہے کہ عورت میں مرد سے دگنی بھوک ہوتی ہے اور انزالی شہوت
جماع سے دس گنی شرم ہوتی ہے اور حمل ٹھہرنے سے بچہ جننے کے بعد شہوت جماع کی زیادتی پائی جاتی ہے۔
عورتوں کی شہوت [illegible] کان
کی لو [illegible] پسلی۔
پاؤں۔ پاؤں کی [illegible] پندرہ دن میں دائیں طرف اور
آخر کے پندرہ دن میں بائیں [illegible] سر یا پیشانی پر آہستہ ناخن
مارنے و ابرو یا آنکھ [illegible] یا ناف یا دیگر مقامات
کو آہستہ آہستہ ملنے سے شہوت حرکت میں آتی ہے اور عورت کو انزال ہو جاتا ہے۔

جو آج کل کے اطبا متقدمین کی اس رائے کو محض بے اصل سمجھتے ہیں اسلئے ہمنے اُن اختلافوں کو بالکل
نہیں لکھا جو مقامات و تاریخ وغیرہ کی بابت کتابوں میں مندرج ہیں یہ چند کلمہ ہی صرف اسواسطے لکھدیئے
ہیں کہ ناظرین کو پرانے لوگوں کے خیالات سے کچھ آگاہی ہو جائے۔

عورت کو لذت حاصل ہوتی ہے۔ اور بعض ملکوں میں بنظر کراس خیال کے کاٹ ڈالتے ہیں کہ انکی شہوت کم ہو جائے مگر اس تدبیر سے سب عورتوں کی شہوت زائل نہیں ہوتی۔ وقت قاعدہ بند ہونے کے سبب سخت ہو جاتا ہے۔ شرمگاہ کے چھوٹے بڑے کنارے ہو جاتے ہیں۔ تمام مخصوص کی عابدار جھلی سے ایک لیسدار رطوبت خارج ہوتی ہے تاکہ آلہ مردی کے داخل ہونے میں آسانی ہو۔

جننے کہ بعض عورتوں کو خواب میں مجامعت کا خیال ہو کر فرج وغیرہ کی رطوبت بھی خارج ہو جاتی ہے اور ان کو غسل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن اکثر عورتوں کو ایسا نہیں ہوتا شاید ان کو ہوتا ہو انکے خیال ایسے افعال کی طرف زیادہ متوجہ ہوں۔

بعض عورتیں جنکو اچھا کھانے پہننے کو ملتا ہے اور فحش کتابوں کے مطالعہ یا بدصحبت کے سبب انکے خیالات خراب ہوتے ہیں اور شوہر میسر نہیں ہوتا تو مست و دیوانی ہو جاتی ہیں۔

۴۔ دیسی اطبا کے قول سے بھی عورتوں کو شہوت کا ہونا ظاہر ہوتا ہے چنانچہ اُن کے نزدیک پستان و بین ران و لب فرج مقام شہوت کے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ پستان کو ملنے اور بین ران کو بذریعہ سر انگشت کھجلانے اور سوراخ فرج پر حشفہ گھسنے سے عورت پر شہوت غالب ہو جاتی ہے اور جب عورت پر شہوت کا غلبہ ہوتا ہے تو آنکھوں میں سرخی سی آجاتی ہے حدقہ چشم میں آنکھوں کو پھراتی ہے۔ سانس جلد جلد لیتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اور اُن کا قول ہے کہ تمام موسم سرد میں عورتوں کو شہوت زیادہ ہوتی ہے چونکہ رحم منی کے جذب کرنے کی مشتاق ہے بدیں وجہ مباشرت کے وقت فرج کی طرف مائل ہو جاتی ہے اور خصیہ عورات سخت ہو کر گردن رحم کو ثابت رکھتی ہیں تاکہ مرد کا نطفہ اسمیں پہنچ جائے الغرض دیسی اطبا بھی عورتوں کو شہوت کا ہونا مانتے ہیں مگر مردوں سے

پانچویں ہفتے میں ایک انچہ کی چوتھائی حصہ کی برابر لمبا ہوتا ہے۔
چھٹے ہفتے میں ناک و آنکھ و منہ و کان کے [illegible] نظر آتے ہیں۔ [illegible]
اکول کا بننا شروع ہو جاتا ہے اور وزن بیس رتی سے [illegible] رتی تک ہوتا ہے۔
ساتویں آٹھویں ہفتے میں لمبائی ایک انچہ سے دو انچہ تک اور وزن ایک تولہ ہوتا ہے۔
دو مہینے کا جنین ڈیڑھ انچہ سے چار انچہ تک لمبا اور آٹھ ماشہ سے بیس ماشہ تک وزنی ہوتا ہے۔ ناک و لب کی بنیاد و آنکھوں کا حلقہ نظر آتا ہے۔ بازو و پاؤں سینہ سے الگ ہو جاتے ہیں لڑکی ہو تو بظر و لڑکا ہو تو قضیب دکھائی دیتا ہے۔ مقعد کے مقام پر ایک سیاہی مائل نقطہ ہوتا ہے
تین مہینے کا جنین دو سے چھ انچہ تک لمبا آدھی چھٹانک سے ڈیڑھ چھٹانک تک وزنی ہوتا ہے اور آنکھ و منہ بند و انگلیاں علیحدہ علیحدہ ہوتی ہیں۔
چار مہینے کا جنین ساڑھے چار انچہ سے ساڑھے آٹھ انچہ تک لمبا سوا یا ڈیڑھ چھٹانک سے ساڑھے تین یا چار چھٹانک تک وزنی۔ منہ بڑا کھلا ہوا ناخن و بیضہ نمودار ہوتا ہے اعضائے تناسل کے دیکھنے سے جنسیت میں فرق نظر آتا ہے۔ معاً اثنا عشر میں جنین کا فضلہ دکھائی دیتا ہے جلد سخت گلابی ہوتی ہے
پانچویں مہینے جنین کی لمبائی ساڑھے [illegible] انچہ تک اور وزن ڈھائی یا ساڑھے تین چھٹانک سے نصف چھٹانک اور آدھ سیر تک۔ سر بڑا ناخن خوب نمایاں۔ دل و گردے بہت بڑے۔ جلد پر چکناہٹ دار بال پیدا ہوتے ہیں۔
چھٹے مہینے جنین کی لمبائی آٹھ سے ساڑھے بارہ انچہ وزن آدھ سیر سے ایک سیر اور ایک چھٹانک تک۔ چہرہ سرخ۔ بال سفید۔ جلد چکنی۔ خصیے گردوں کے پاس ہوتے ہیں۔
ساتویں مہینے طوالت گیارہ سے سولہ انچہ۔ وزن ایک سیر سے دو سیر اور ڈھائی چھٹانک تک۔ جلد گلابی و سبز و چکنی۔ آنکھ کے پپوٹے کھلے ہوئے تمام بڑی آنتوں میں فضلہ۔ پتہ میں پت۔

حمل

حمل قرار پانے کو انگریزی میں پریگننسی اور کانسپیشن ہندی میں گربھ یا ادھان کہتے ہیں۔ انگریزی میں حمل کا بیان یوں لکھا ہے کہ بقاء نسل کیواسطے تمام حیوانوں میں اپنے جسم کے مطابق نیا جسم پیدا کرنیکی جو قوت ہے اُسکے بموجب زن و مرد میں جب مجامعت ہوتی ہے اور دونو کے اعضاء تناسل اور اُنکی رطوبتیں صحیح سالم ہوتی ہیں تو مرد کی منی قضیب سے نکلکر براہ فرج و رحم جاکر عورتوں کے خصیوں کے کسی دانہ کو چھوتی ہے تو اُسمیں حمل کی استعداد ہوجاتی ہے جسے دانہ مذکور [illegible] منی کے ملنے کے بعد خصیہ اور [illegible] و قاذف نالیوں اور رحم میں ایک طرح کی حرارت [illegible] ایک نوع کی تبدیلی واقع ہوتی ہے اور دانہ مذکور ٹوٹ کر اُسکا بیضہ جس سے [illegible] تین ہفتہ تک ٹھہر کر رحم میں چلا آتا ہے اور آٹھ دن سے بائیس [illegible] اندر [illegible] جاتا ہے [illegible] اور سر پھر اور جسم بنتا ہے۔ [illegible] ڈیوجی صاحب [illegible] کئی صاحبوں نے جنہیں نے قد و وزن و دیگر ترقیات روز افزوں کا حال [illegible] ہے یوں ہے۔

حمل قرار پانے سے چودہ دن بعد جنین کی لمبائی ایک انچ کے بارہویں حصہ کی برابر اور تین [illegible] کے بعد ایک انچ کے دسویں حصہ کی برابر ہوتی ہے۔

[illegible] جنین [illegible] جھلیوں اور رطوبت کے ریشے کے بیچ سے کچھ چپڑا و بیضاوی شکل کا ہوتا ہے [illegible] جھلیوں کو ہٹا کر دیکھیں تو سیاہ چیونٹی یا مکھی کی برابر دس رتی وزن میں سانپ کی مانند سر پھولا ہوا دم باریک جسکے آخر میں نال لگی ہوئی منہ کے مقام پر ایک شگاف۔ آنکھوں کی جگہ دو سیاہ نقطے ہوتے ہیں۔

[illegible] جسم کی اصل ہے اور جب اوسپر صورت لگے تو جسم بنتا ہے۔ یہ عربی لفظ ہے۔

حمل کے ایام کا شمار یا تو اُس دن سے ہوتا ہے کہ مرد نے عورت کے ساتھ صحبت کی ہو مگر کئی
صحبت کا اتفاق ہوا ہو تو جو حیض بند ہوا ہو اُسکے دو ہفتہ پیشتر سے حساب کیا جاتا ہے اور د
صورتوں میں نو مہینے قمری میں بچہ پیدا ہوتا ہے۔ اور بچہ جس روز پھڑکے اُس دن سے شمار کیا
جائے تو ۱۶ یا ۲۲ ہفتہ میں پیدائش بچہ کی ہوتی ہے۔

ایک حمل کے بعد دوسرا حمل قرار پانیکی نسبت بعض تو کہتے ہیں کہ یہ امر تو ناممکن ہے کیونکہ جب
رحم حمل قرار پانیکے بعد بند ہو جاتا ہے تو پھر کسطرح دوسرا حمل قرار پا سکتا ہے لیکن بعض کہتے
ہیں کہ گو بعض اوقات سے رحم کے سوراخ بند ہو جاتے ہیں مگر ایسے نہیں کہ منی کے گذرنے میں
ہرج ہو کیونکہ کبھی کبھی حمل کے سبب سے سوراخ بند ہونے پر بھی حیض یا خون کا اخراج ہوتا ہے
اور اسمیں تو شک ہی نہیں کہ جب مرد کی منی ایک وقت میں یا دو تین بیضہ عورات سے ملے
تو یکدم سے دو یا تین جنین پیدا ہوں مگر چند نقلیں ایسی بھی بیان کی گئی ہیں جنسے کچھ کچھ
فاصلہ کے بعد دو دو تین تین بچوں کا پیدا ہونا ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً بیک صاحب نے دیکھا
کہ ۱۷۱۳ء میں ایک گورے کی عورت کے دو لڑکے ایک کالا دوسرا گورا تھوڑی دیر کے فاصلہ
سے پیدا ہوئے اور تحقیقات سے معلوم ہوا کہ اسکے خاوند کے بعد ایک حبشی نے مجامعت
کی تھی۔ اور ایک عورت کے تین لڑکے مختلف رنگ کے ایک ساتھ ہوئے۔ اور ڈاکٹر میٹن
نے تین ماہ کے وقفہ سے دو لڑکوں کا پیدا ہونا اور اُن کا تندرست رہنا بیان کیا
رحم کے علاوہ فلوپین ٹیوبز و خصیہ عورات میں بھی حمل قرار پا سکتا ہے مگر فلوپین ٹیوبز میں
دو ماہ اور خصیہ عورات میں چار ماہ سے زیادہ نہیں رہتا کیونکہ اس مدت کے بعد مقامات مذکورہ
حاملہ مرجاتی ہے اور عورت کا بیضہ مرد کی منی سے ملکر فلوپین ٹیوبز میں جو آتا ہے اگر وہ نا
مذکور میں نہ جا سکے اور پیٹ میں گر پڑے تو وہیں بڑھنے لگتا ہے اور پورے دنوں بلکہ عمر

خصیے گردوں سے دور۔ دماغ کی ساخت مضبوط ہوتی ہے۔

آٹھویں مہینے جنین کا طول پونے ۱۴ سے اٹھارہ انچ۔ وزن آدھ پاؤ اور پونے ڈیڑھ سیر سے دو سیر ساڑھے گیارہ چھٹانک تک۔ جلد قدرے پھیکی یا زرد اور چکنی اور اسپر چھوٹے چھوٹے بال۔ ناخن انگلیوں کی نوک تک ہوتے ہیں اور مردوں اور عورتوں کے خصیے نیچے اتر آتے ہیں۔

نوے مہینے یعنی پورے دنوں کا جنین سولہ سے بیس انچ لمبا۔ وزن ڈیڑھ چھٹانک اور دو سیر سے ساڑھے تین سیر تک۔ سر پر پون انچ سے ایک انچ تک لمبے بال۔ جلد چکنی۔ مردوں کے خصیے فوطوں میں۔ فضلہ بڑی آنتوں کے اخیر حصہ میں ہوتا ہے۔

پیدا ہوتے ہی بچہ کو دیکھا جائے تو سر آگے سے پیچھے کو زیادہ لمبا و دیگر اعضا کی نسبت بڑا۔ چہرہ چوڑا۔ نیچے کشادہ۔ شکم کا بالائی حصہ بڑا اور زیریں حصہ گاؤدم۔ پاؤں بہ نسبت ہاتھوں کے چھوٹے۔ بیرونی اعضائے تناسل بڑے۔ انگلیوں کی نوکوں پر ناخن آگے کو نکلے ہوئے۔ آنکھوں کے پپوٹے کھلے ہوتے ہیں۔

شروع حمل سے چار ماہ تک رحم [illegible] جاتا ہے۔ اور اسکی شکل [illegible] ہوتی ہے [illegible] چھٹے مہینے گردن رحم کی چھوٹی ہو کر پھیلتی ہے اور رفتہ رفتہ کم ہو کر آٹھویں مہینے بالکل طوالت اسکی جاتی رہتی ہے۔ اور نویں مہینے رحم کا منہ کشادہ ہو کر بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اگرچہ اکثر دو سو تہتر دن یعنی نو مہینے قمری سے زیادہ [illegible] نہیں رہتا مگر یہ بھی دلیل اور تجربہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ نو مہینے سے زیادہ یعنی پینتالیس ہفتہ اور کبھی سات مہینے میں بھی وضع حمل ہوتا ہے یعنے مدت مذکورہ میں جب جنین رحم سے باہر نکل کر سانس لینے کے لائق ہوتا ہے تب رحم میں حرکت واقعہ اور کھچاؤ ہو کر بچہ باہر نکل آتا ہے۔

ایک یا دو ہفتہ بعد تک یا دس ایام حیض میں مجامعت کرنے سے مرد کی منی عورت کے اوجم [illegible] کے قول قرار پاتا ہے [illegible] اکثر پر نہیں ہوتا +

کہتے ہیں کہ مرد کے نطفہ میں جو حیوانات [illegible] حمل کا قرار پانا منحصر ہے وہ تین چار دن سے زیادہ زندہ نہیں رہتے [illegible] حیض [illegible] مدت میں اور مجامعت کی تعفیف [illegible] جاتی ہے۔ پس [illegible] دو روز قبل صحبت ہو تو بیضہ عورات [illegible] میں آتا ہے کہ حیوانات منی زندہ ہوتے ہیں یا ایام حیض میں مجامعت ہو تو رحم جانب سے مادہ حمل [illegible] نالی میں پہنچ جاتا ہے یا حیض [illegible] حیض کی مدت تین چار دن سے زیادہ نہ ہو) ختم ہونے کے ایک دو روز بعد بھی بیضہ عورات قاذف نالی میں ملتا ہے اُسوقت بھی حیوانات منی وہاں پہنچ جائیں تو حمل قرار پا سکتا ہے۔

فائدہ۔ ایام حیض میں مجامعت کرنا شرعاً ممنوع ہے وعقلاً باعث حدوث امراض ہو سکتا ہے بدینوجہ خاص اُن دنوں میں جماع نہ کرنا چاہیئے +

لڑکا یا لڑکی ہونے کے بارے میں متقدمین و متاخرین کی بارہ سہ رائے ہیں۔

کوئی کہتا ہے کہ عورتوں کے جو بیضے ہوتے ہیں اُن میں کوئی مذکر و کوئی مونث ہوتا ہے اور اُنکے دو فرقے ہیں ایک کا قول ہے کہ مذکر بیضے دائیں خصیہ زنان میں و مونث بائیں خصیہ زناں میں ہوتے ہیں اور دوسرا فرقہ کہتا ہے کہ ہر دو قسم کے بیضے مخلوط ہوتے ہیں لیکن مشاہدات و تجربات سے معلوم ہوا کہ بیضوں میں کوئی فرق نہیں ہوتا بدینوجہ یہ خیال غلط سمجھا گیا۔

بعض کی رائے ہے کہ مرد کے دائیں خصیہ کی منی سے لڑکا اور بائیں خصیہ کی منی سے لڑکی پیدا ہوتی ہے مگر اس کا جواب عورتوں کے بیضہ کی مانند ہے جو اوپر مذکور ہوا۔

مرد رہو کر وہیں رہتا ہے یا دنبل بنکر آنتوں یا رحم و فرج کی راہ سے یا پیٹ کی جلد توڑ کر ایک ایک
خصوصاً ہو کر نکل آتا ہے۔

مرد کا نطفہ فرج کے دونوں لبوں کے درمیان میں بھی پہنچ جائے اور کوئی امر مانع ادخال منی
نہ ہو تو کہتے ہیں کہ منی کے کیڑے حرکت کرکے مقام مقصود تک پہنچ جاتے ہیں مگر میں نے یہہ بھی سنا
ہے کہ بعض ڈاکٹروں کا قول ہے کہ منی کے کیڑوں کا حرکات کرکے خصیہ عورات تک جانا ناممکن
ہے مگر جاذب آوردے جذب کرکے پہنچا دیتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ مرد کا نطفہ خصیہ عورات
تک نہیں جاتا بلکہ قاذف نالی کے اُس سرے تک جاتا ہے جو خصیہ زنان کے مقابل ہے اور
اگر وہ ایام ایسے ہوں کہ عورت کا بیضہ خصیہ سے علیحدہ ہو کر قاذف نالی میں آئے تو اُسے
ملتا ہے اور چار پانچ روز وہاں رہ کر رحم میں آتا ہے اور عورت حاملہ ہو جاتی ہے۔ خیر
اسمیں کچھ اختلاف ہو لیکن یہہ تو ثابت ہو چکا ہے کہ مرد کی منی فرج کی لبوں کے اندر
پہنچنے سے ہی حمل قرار پاتا ہے بلکہ چند ڈاکٹروں کے تجربہ سے تو یہہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اگر
تازہ شہوتی منی بذریعہ پچکاری کے مادہ کے رحم میں پہنچا دی جاوے تو حمل قرار پا سکتا ہے۔
چنانچہ ایک ایسے شخص نے جسکی مقعد و خصیہ کے درمیان کی جگہ میں منی کی مایوس کن
سوراخ تھے حسب صلاح ڈاکٹر کاک برن صاحب تازہ منی جمع کرکے بذریعہ پچکاری عورت
کے رحم میں داخل کر دی اور نو مہینے بعد تندرست لڑکا پیدا ہوا۔

یہہ بھی پایۂ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ حمل ہونے کے لئے عورت کو مباشرت کی خواہش یا شہوت
کا جوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ بلا جوش شہوت و بحالت تنفر و غفلت صرف ایک
دفعہ کی مجامعت سے بھی حمل قرار پا سکتا ہے۔

یہہ بھی تحقیق ہو گیا ہے کہ حیض ہونے سے ایک دن پہلے یا دو ایک روز بعد و بقول بعض

حفظ صحت کے قواعد کی پابندی کا بھی بیضہ و نطفہ پر بہت کچھ اثر ہوتا ہے یعنی جو لوگ حفظ صحت کا خیال نہیں رکھتے اُنکے لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں جو بچے دیہات کے لوگوں کی صحت اچھی ہے وہ ہوا صاف و غذا سادہ و مقوی یعنی دودھ وغیرہ اور ریاضت خاطر خواہ رکھتے اُنکے لڑکے زیادہ ہوتے ہیں اور شہر والے جنکی صحت بوجہ کثرت جماع و بے اعتدالی غذا و عیاشی و آرام طلبی وغیرہ کے خراب ہوتی ہے اُنکے لڑکیاں زیادہ پیدا ہوتی ہیں۔ اگرچہ بڑے بڑے دانا ؤں نے اسباب میں رائے زنی کی اور بہت باریک باریک باتیں کہی ہیں جنکو بوجہ طوالت و دقیق ہونیکے یہاں نہیں لکھا مگر درحقیقت یہ ہے کہ خدا کی باتیں خدا ہی جانے *

۴۔ بقول اطبا ویسی حمل کے قرار پانے میں یہ چھ حالتیں ہوتی ہیں۔

اوّل حالت جو ایک ہفتہ میں ہوتی ہے یہ ہے کہ جب مجامعت کرنے سے مرد کی منی جسمیں قوت عاقدہ ہے اور عورت کی منی جسمیں قوت منعقدہ ہے باہم ملکر رحم میں قرار پکڑیں اور کوئی سوء المزاجی ※ یا اور کوئی خارجی یا مادی سبب نہ ہو اور رحم صحیح سالم بھی ہو تو اُس ملی ہوئی منی میں جوش پیدا ہوکر بلبلہ کی مانند چار نقطے ایک دل کی دوسرا دماغ کی تیسرا جگر کی جگہہ پیدا ہوتے ہیں اور چوتھا سب کو گھیرے رہتا ہے اور حرارت غریزی و اعضا کی حفاظت کرتا ہے اور رگوں کا مُنہ اُس سے لگا رہتا ہے تاکہ غذا جنین کے جگر میں پہنچے۔

دوسری حالت جو چار دن میں تمام ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک ہفتہ کے بعد سُرخ نقطے اور رگوں کے منفذ پیدا ہوتے ہیں اور خون حیض کا جنین کی ناف میں جاتا ہے تاکہ اوسکی پرورش ہو

※ جب کسی عضو میں حرارت یا برودت غالب آکر اُس کو اُسکے اصلی کام سے مانع ہو اور پھر وہ اپنا معمولی فعل نہ کرسکے تو اُس حالت کو سوء المزاج کہتے ہیں۔

کسی کا قول ہے کہ وقت حاص پر مرد غالب ہو تو لڑکا اور عورت غالب ہو تو لڑکی ہوتی ہے۔ اور لاغر و عصبی مزاج مردوں کی نسبت فربہ اندام مردوں کے لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں کیونکہ عصبی مزاج والوں کو رجولیت بہ نسبت دوسروں کے زیادہ ہوتی ہے۔ ایسا ہی جو عورتیں مردوں سے مشابہ ہیں اُنکے لڑکے زیادہ ہوتے ہیں اور جن عورتوں کا جسم نرم و ملائم و فربہ ہوتا ہے وے لڑکیاں زیادہ جنتی ہیں یہ رائے بظاہر قبولیت کے لائق ہے لیکن یہ ایک قیافہ یعنی شناخت ہے کہ مرد یا عورت ایسے ہوں تو ایسا ہوتا ہے اور اصل وجہ اختلاف جنسیت کی ظاہر نہیں ہوتی۔

یہ بھی کہتے ہیں کہ مرد کے نطفہ و عورت کے بیضہ میں ہر دو جنس کا مادہ ہوتا ہے مگر جو لوگ کثرت جماع یا کہن سالگی یا بدہضمی وغیرہ سے ضعیف ہوں وزن و شوہر کم سن ہوں تو اکثر لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں کیونکہ اُنکے بیضہ و نطفہ میں وہ مادہ کامل نہیں ہوتا جس سے نرینہ بچے پیدا ہوں کیونکہ جانوروں پر تجربہ کرکے دیکھا گیا ہے کہ جب غذا وغیرہ کم دیکر اُسکو کمزور کردیا جائے یا بوڑھے نر کو جوان مادہ سے یا کم سن نر کو قوی و پوری عمر کی مادہ سے ملایا جائے تو مادہ بچہ ہوتا ہے۔ اور کم سن مادہ کو پوری عمر کے نر سے جسکو عمدہ غذا کھلا کر قوی کیا گیا ہو اور پوری عمر کا ہو تو نر پیدا ہوتا ہے۔ پس انسان پر بھی مثل حیوانوں کے لڑکا یا لڑکی پیدا ہونیکا اثر ہوتا ہے۔ از روئے مردم شماری ثابت ہوا ہے کہ ۱۲ سے ۲۴ برس کے مرد و پندرہ سے بیس برس تک کی عورتوں کے لڑکیاں اور ۲۵ سے ۴۰ برس تک کے مرد اور ۲۱ سے ۳۰ برس تک کی عورتوں کے لڑکے زیادہ پیدا ہوتے ہیں اور اس عمر کے بعد پھر لڑکیوں کی پیدائش بڑھ جاتی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ جس قوی آدمے کے بیٹے ہی بیٹے پیدا ہوتے ہوں اُسکے مادہ مذکور میں بے اعتدالیوں کے سبب ضعف آنے سے لڑکی بھی پیدا ہو اور ضعیف و نحیف زن و مرد مقوی غذا ایک عرصہ دراز تک کھائیں تو بیضہ و نطفہ میں نرینہ بچہ پیدا کرنیوالا مادہ کامل ہونے کے سبب لڑکے پیدا ہوں

سات ماہ کے بعد جنین کو باہر نکلنے کا اضطراب ہوتا ہے پس اسی التیس جھلیوں کو پھاڑ کر وہ
نکل آیا تو ممکن ہے کہ وہ زندہ رہے مگر ضعف کے سبب جھلیوں کو نہ پھاڑ سکے اور اس حرکت کے
سبب اور بھی نہایت رنجور ہو جائے تو بیٹ میں ہی مر جاتا ہے یا ضعف کے سبب لیکن جھلیوں کو
پھاڑ کر نکلنے کی طاقت نہیں ہے اور اس حرکت سے مشاق بھی ہو گیا ہے لیکن دو ماہ تک [illegible]
میں [illegible] دو ماہ میں وہ ماندگی اور ضعف
دور ہو جائیگا [illegible] دو ماہ [illegible] میں نہ رہا آٹھویں مہینے ہی نکل یا تو بیٹ زائل
[illegible] اکثر زندہ نہیں
رہتا [illegible] دن میں حرکت اور نو مہینے میں [illegible]
ہوتی ہے [illegible] کی چار سال بھی لکھی ہے
جنین [illegible] کا طویل بیان ہم نہیں لکھتے [illegible] کی بل زانو پر
جھلیاں اور دونوں زانوؤں کے بیچ میں سر رکھے آنکھیں پشت اور کی طرف موڑے ہوئے بیٹھا رہتا
ہے اور پشت ولادت سر اوپر پیٹ نیچے کی طرف ہو جاتا ہے تاکہ آسانی سے وضع حمل ہو جائے اور بعض
کا قول ہے کہ لڑکی کا منہ ماں کی پشت اور لڑکے کا ماں کی شکم کی طرف ہوتا ہے دونوں بچے ہوں
تو ایک دوسرے کی پشت پر رہتا ہے کیونکہ بوعلی سینا نے ایک حمل میں پانچ فرزند تک کا پیدا ہونا لکھا ہے
مرد کی منی زیادہ اور حرارت اسکی قوی ہو تو لڑکا اور اگر برخلاف اسکے عورت کی منی
زیادہ و قوی الحرارت ہو تو لڑکی اور دونو مساوی ہوں تو خنثہ پیدا ہوتا ہے۔
لڑکا یا لڑکی پیدا ہونیکی شناخت میں بہت سے قول اطبا سے منسوب کئے جاتے ہیں بعضے کہتے
ہیں کہ مرد کی طرف سے ابتدا رغبت ہو یا مرد کے دائیں طرف کا فوطہ بڑا ہو یا مرد کی منی بہ نسبت
عورت کی منی کے رحم میں پہلے پہنچ جائے یا مرد کی منی دائیں طرف سے زیادہ آئے اور رحم میں

اور اسی سبب سے ایام حمل میں حیض بند رہتا ہے۔

تیسری حالت جسکی میعاد چھ دن ہے اسمیں ایسی صورت ہوتی ہے جیسے بندھا ہوا

دودھ جس کو عربی میں علقہ کہتے ہیں۔

چوتھی حالت کی تعداد بارہ دن کی ہے اسمیں مضغہ یعنی گوشت کا لوتھڑا سا بنجاتا ہے اور بعض

اعضا کی تمیز ہونے لگتی ہے اور اس قابل ہوجاتا ہے کہ خدا تعالے اسکو روح حیوانی عطا کرے

پانچویں حالت تین دن میں ختم ہوتی ہے اور ذکوری یا انانی مزاج کی پیدائش اور اصلی

اعضا کا اختتام اسی حالت میں ہوتا ہے۔

چھٹی حالت کی میعاد پانچ دن ہیں اسمیں سب اعضا و رگیں و سوراخ و جوڑ پیدا ہوجاتے ہیں

یہہ سب حالات مذکورہ مردوں میں بہ نسبت عورتوں کے جلد ہوجاتے ہیں یعنی لڑکے

کے لئے تیس سے چالیس دن کی مدت اور لڑکی کے لئے چالیس سے پچاس روز کی۔

اسکے بعد چھ ماہ تک (جو اقل مدت حمل کی ہے) جنین نشو نما پاتا ہے۔

روز قرار حمل سے چار ہفتہ تک نطفہ بشکل بندقہ یعنے ریٹھے کے برابر ہوتا ہے پانچویں

ہفتہ میں ایک انگل۔ چھٹے ہفتہ میں اسکی شکل ذرا گول ہوجاتی ہے۔ آٹھویں ہفتہ میں

دو انگشت۔ تیسرے مہینے میں بقدر چھ انگل۔ پانچویں مہینے میں دس انگل۔ ساتویں مہینے

میں پندرہ انگل۔ نویں مہینے بیس انگل کی مقدار اور ایک سیر وزن جنین کا ہوتا ہے۔

جتنے دنوں میں جنین کی بناوٹ تمام ہوتی ہے اس سے دو چند دنوں میں حرکت

کرتا ہے اور اس سے سہ چند دنوں میں پیدا ہوتا ہے مثلاً پینتیس دن میں کسی

کی بناوٹ ختم ہوئی تو ستر دن میں حرکت کرے گا اور دو سو دس دن میں

(جسکے سات ماہ ہوئے) پیدا ہوگا۔

باب دوم

جب زن و مرد کے آلات تناسل کی تشریح اور اُن کے افعال سے واقفیت ہوگئی تو اب اِن باتوں کے دریافت کرنے کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ عورت و مرد کی پیدائش اور اُن کو ایسے اعضا و افعال عطا ہونے کی غرض کیا ہے۔ اور مجامعت جو ایک قدرتی خواہش ہے اُسکے اعتدال کی حد کہاں تک ہے اور جماع وغیرہ کے سبب سے جو نقصان پہنچ سکتے ہیں اُن سے بچانیوالی کونسی تدبیریں ہیں پس اِن سب صورتوں پر خیال کرکے چند مضامین علیحدہ علیحدہ سُرخی دیکر ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

تمام عمر مجرد رہنا کیسا ہے

ہر مذہب میں ایسے آدمی ہوئے ہیں اور ہوتے ہیں کہ باوجود قوت جماع کے جماع نہیں کرتے چنانچہ اُن کو عربی میں حصور و رہبان الشہوۃ۔ انگریزی میں کانٹی نینٹ ہندی میں جتی یا جت اندری کہتے ہیں۔

جو لوگ باوجود صحت و سلامتی قوت و موجودگی سامان شہوت رانی جماع سے باز رہتے ہیں ہر مذہب و ہر گروہ میں واجب التعظیم سمجھے جاتے ہیں اور درحقیقت وہ اسی قابل ہیں کیونکہ ایسے آدمیوں کی عقل تیز حافظہ درست جسم قوی۔ چہرہ دمکتا ہوا ہوتا ہے۔ متوسط درجہ کے کام کرنے سے تکان نہیں ہوتی۔ دلیر و شجاع ہوتے ہیں بڑے بڑے علمی کام کرتے ہیں۔ اور اگر ہم تواریخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ جنہوں نے تمام عمر یا عمر کا بڑا حصہ تجرد کی حالت میں گذران دیا جیسا کہ ہندوؤں میں رشی

داہنی جانب پڑے۔ یا عورت کی دائیں پستان بڑی ہو تو اطبا سمجھتے ہیں کہ لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر عورت کی طرف سے جماع کی خواہش شروع ہو۔ یا مرد کا فوطہ چپٹا ہو۔ یا عورت کی منی داہنی جانب مرد کی منی کے رحم میں پہنچنے سے پہلے یا مرد کی منی بائیں طرف سے زیادہ آئے اور رحم میں اسی جانب پڑے۔ یا عورت کی بائیں پستان بڑی ہو تو لڑکی پیدا ہوگی۔ غرضکہ اس باب میں بہت سے قیاس دوڑائے ہیں۔ کہتے ہیں مجامعت کے وقت زن یا مرد کے دل یا خیال میں جیسی صورت ہو وہی شکل بچہ کی ہوتی ہے (اسکا کچھ ذکر آگے ہوگا) لیکن اکثر باپ کی صورت پر بچہ ہوتا ہے۔

۴۔ بعضوں کا قول ہے کہ مجامعت کرنے سے جب عورت کی فرج کا صاف خون اور مرد کا صاف نطفہ ملتا ہے تو حمل قرار پاتا ہے مگر عورت کا خون زیادہ ہو تو لڑکی۔ اور مرد کا نطفہ زیادہ ہو تو لڑکا اور جو دونو برابر ہوں تو مخنث نو مہینے کے بعد پیدا ہوتا ہے۔ اور بچہ دانی میں ایسی جھلی کے اندر جنین رہتا ہے جو سات پردوں سے بنی ہے اور ان پردوں میں پانی بھرا رہتا ہے۔ اگر وہ پانی جنین کی آنکھ میں لگجائے تو اندھا کانوں میں جائے تو بہرا۔ منہ میں جائے تو گونگا۔ پیٹ میں جائے تو مردہ پیدا ہوتا ہے۔ اسلئے جنین کے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں سے اُسکے کان اور ہاتھوں کی انگلیوں و ہتھیلیوں سے ناک و آنکھ و منہ بند رہتا ہے ✦

نکاح کرنے میں کچھ ہرج نہیں ہو سکتا۔
علاوہ بقا نسل کے جماع معتدل صحت کے لئے بھی مفید ہے چنانچہ سن شباب کے بعد بغیر وجہ خاص کے طبیعت غمگین و علیل و بے چین رہتے۔ بلا سبب رونا آنے سر میں گرانی یا بعض دفعہ درد ہو جانے۔ لوگوں کی صحبت سے نفرت و زندگی وبال جان معلوم ہو۔ احتلام سے علامات مذکورہ میں تخفیف نظر آئے تو شہوت کا غلبہ سمجھا جاتا ہے۔ اور اس حالت میں نکاح کرنے سے بہتر کوئی تدبیر نہیں ہے۔
ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب کی رائے ہے کہ سن شباب میں جماع معتدل سے کچھ نقصان نہیں ہوتا بلکہ شہوت صادق کو روکنا مضر ہے۔ اور جو لوگ اپنے فحش خیالات نہ روک سکیں یا باوجود مناسب تدبیروں پر عمل کرنے کے کثرت احتلام و بعض عوارض میں مبتلا ہوں تو اُن کو بھی بہ نسبت تجرد کے شادی کر لینا ہی بہتر ہے
ایک ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ عورتوں کو باوجود بلوغت نکاح نہ کرنے سے نمفومینیا۔ انتشاق الرحم۔ کیٹالیپسی وغیرہ امراض ہو جاتے ہیں۔ اور جب جوان لڑکی کا بلا مرض چہرہ زرد۔ نیلگون حلقہ آنکھوں کے گرد۔ نگاہ میں حیرانی طبیعت میں پریشانی۔ اصل غذا سے نفرت اور جو چیزیں داخل غذا نہ ہوں اُن سے رغبت یا انتشاق الرحم یا نمفومینیا کا عارضہ ہو تو اُسکی ضرور شادی کر دینا چاہیئے۔
دیسی طبیب کہتے ہیں کہ اوعیہ منی میں منی کا غلبہ ہونیکے سبب شہوت صادق ہوا ہو اور جماع نہ کیا جائے تو منی مستحیل ہو کر اُسکے متعفن بخارات دل و دماغ پر پہنچنے سے مرگی و غشی و دیگر امراض مزمنہ کے پیدا ہونے کا خوف رہتا ہے اسلئے محبوبہ مرغوبہ منکوحہ کے ساتھ حسب طاقت جماع کرنا چاہیئے۔

[illegible] پادری، مسلمانوں [illegible] ولی جو تمام عمر یا مدت تک [illegible] رہے وہی اکثر [illegible] عمدہ ایجادوں کے موجد و گمراہوں کو راہ پر لانیوالے ہوئے [illegible] لوگوں نے ہی کمال دانشمندی و اولوالعزمی کے کام تاریخ میں لکھنے [illegible] چنانچہ اسیوجہ سے انگلستان کے بیت العلوم میں فیلو کا [illegible] والوں اور رومن کیتھلک فرقے کے پادریوں کو سابق میں نکاح کرنے [illegible] نہیں ہوتا تھا مگر جب غور کیا جاتا ہے کہ بقاء نسل بنی آدم مناکحت پر منحصر ہے اور ایک شخص تجرد کے اوصاف پسند کرکے ترک تعلقات کردے تو انقطاع نسل لازم آتا ہے۔ اور یہ سلسلہ انسان میں ہی نہیں بلکہ حیوانات و نباتات بھی اس قانون کے پابند ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہماری بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ ایک قدرتی اور طبعی خواہش ہے اور بدینوجہ کسی مذہب و کسی گروہ نے تجرد کی حالت میں بسر کرنیکو بہتر نہیں سمجھا۔ چنانچہ توریت شریف سے تجرد کی مذمت و ازدواج کی ترغیب ثابت ہوتی ہے۔ مصر کے قدیم باشندے جو دانشمند مشہور تھے مناکحت کو بہتر و تجرد کو بدتر جانتے تھے۔ سقراط و فلاطون و ارسطو نے ازدواج کو ملک کے بقا کے لئے عمدہ خدمت بیان کیا ہے۔ یونانی و رومی کثیر الاولاد کو انعام دیتے تھے۔ مسلمانوں کے قرآن و حدیث سے تو صاف صاف نکاح کی فضیلت و رہبانیت کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ اور تاریخوں کے دیکھنے سے ہم بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ مجرد لوگوں نے دانشمندی کے کام کئے ہیں لیکن بیوی بچے والے بھی صاحب تصانیف و بانئے مذہب و ایجادوں کے دانشمند ہو گذرے ہیں تو پھر جماع کے کل قوانین کی پابندی کرکے

مدانتے ہیں اور جسم کی حفاظت بخوبی کرتے ہیں مگر بغور دیکھا جائے تو دلداری و غمگساری
در ہر کام میں رفاقت و خانگی انتظام کرنا وغیرہ فوائد عورتوں سے مردوں کو اور مردوں سے
ورتوں کو جو حاصل ہوتے ہیں یہہ تہذیب کی باتیں ہیں مگر مقصد اعلےٰ انکاح کا بقاء نسل
لیے لیئے جماع کا کرنا ہی سمجھا جاتا ہے کیونکہ ہر ملت و مذہب میں یہی دستور ہے کہ اگر
رد کا مجامعت کی قابلیت نہ رکھنا یا عورت کا بانجھ ہونا ثابت ہو جائے تو پھر وہ نکاح
قائم نہیں رہتا علاوہ بریں حیوان جنکو اپنے مادہ سے خانہ داری کا کام کرانیکی حاجت
نہیں ہوتی وہ بھی اس فعل سے بے خبر نہیں ہوتے - اور انڈمان آئلینڈ کے جنگلی جو
گھر در نہیں رکھتے وہ بھی اس قدرتی قانون کی تعمیل کرتے ہیں *

جرمن و فرانس و انگلستان کی مردم شماری کے نقشوں سے اطبا نے ثابت کیا ہے کہ
مجردوں کی نسبت متاہلوں کی عمر زیادہ ہوتی ہے چنانچہ انہوں نے لکھا ہے کہ چالیس
سال کی عمر تک متاہلوں سے فیصدی پچھتر پہنچے اور مجرد فی صدی صرف چالیس اسی
برس کی عمر تک نو متاہل پہنچے اور تین مجرد - اور شادی والی و کواری عورتوں میں یہہ فرق
بہ نسبت مردوں کے بھی زیادہ تھا - اور خودکشی کرنیوالوں اور دیوانوں میں بھی مجرد ہی
زیادہ شمار میں آئے - چند آدمیوں کے خیال کو مستثنےٰ کر کے شرع یا عقل یا رواج
کی رو سے دیکھا جائے تو ثابت نہیں ہوتا کہ تمام عمر جماع نہ کرنا چاہیئے بلکہ بقا نسل کا
وسیلہ و دموی مزاج کے جوانوں و خاص حالتوں میں صحت کے قائم رکھنے کی عمدہ
تدبیر مجامعت ہے کیونکہ قاعدہ کے مطابق جماع کرنے سے باوجود اخراج منی جسم میں
قوت آتی ہے - عضلات مضبوط ہو جاتے ہیں حرارت غریزی میں اشتعال اور
دوران خون میں تیزی ہو جاتی ہے -

اندازہ کے مطابق مجامعت کرنا سواء رعشہ و وجع مفاصل وغیرہ کے چند امراض بلغمی وسوداوی کو دور کرتا ہے وسنج و وسواس و جنون و مالیخولیا کو کھوتا ہے۔ بلکہ بقراط و جالینوس کا قول ہے کہ جب جوان آدمی باوجود منی کی زیادتی کے مجامعت نہیں کرتے تو سر میں گرانی اور ہاضمہ میں کمی ہو جاتی ہے چنانچہ چند طلبا نے ایسا کیا تو بسبب غلبہ برودت وہ ضعیف ہو گئے اور بلا سبب ملول رہنے لگے حتیٰ کہ اونکو مالیخولیا ہو گیا مگر نکاح کی اجازت دینے سے جلد اُن کو صحت ہو گئی۔

اکثر اطبا کا قول ہے کہ جب منی کی زیادتی ہو خاصکر قوی جوانوں کو تو اُسکے خارج ہونے سے اُنکے جسمی و نفسانی حرکات میں چستی و عقل و فکر میں درستی آجاتی ہے۔ غم دور و غصہ کم ہو جاتا ہے۔ فاسد خیالات جاتے رہتے ہیں۔ عشق فاسق زایل ہوتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

فرانس کے نامی طبیب ڈاکٹر بریٹکن صاحب نے لکھا ہے کہ شادی کرنے والے بہ نسبت مجردوں کے زیادہ دن تک زندہ رہتے ہیں اور بیمار بھی کم ہوتے ہیں اور خودکشی و جرم بھی کم کرتے ہیں اور اپنے اس قول کے ثبوت میں اُس ملک کے نقشۂ اموات پیش کئے ہیں جنسے معلوم ہوتا ہے کہ بیوی والے سال بھر میں فی ہزار دس سے بھی کم مرتے ہیں اور مجرد مرد اور بیوہ عورتوں کے موت کی تعداد فی ہزار ۱۶ سے ۱۹ تک ہوتی ہے۔

اگرچہ بیوی بچے والے لوگوں کی طوالت عمر و کم بیمار ہونے کا سبب ڈاکٹر صاحب موصوف نے جماع کرنے کو نہیں بتایا بلکہ یہہ وجہ بیان کی ہے کہ جنکی شادی ہو گئی ہے وے بہ نسبت مجردوں کے اپنی زندگی ایک عمدہ قاعدہ سے

ہندوستان میں تھا) تو بدکار عورت کے کنبہ قبیلہ والے خود یا سوسائٹی کے آدمی بالاتفاق اس فعل کے فاعل و مفعول دونوں کو قتل کرکے قصہ پاک کر دیتے ہیں یا جہاں مذہبی قوانین جاری ہیں وہاں اُسکے مطابق سزا دیتے ہیں۔ جو اکثر سخت ہوتی ہے اور جہاں آئین شاہی رائج ہیں وہاں اُنکی تعمیل ہوتی ہے جو سبھی کو کسیقدر آسانی ہے۔ اور جن ملکوں میں عورتیں اس قسم کا پیشہ کرتی ہیں اُنسے یا اُنکے ساتھ ربط رکھنے والوں سے کچھ سرکاری تعرض نہیں ہوتا۔

اگرچہ زمانہ سابق کی نسبت فی زمانہ شائستہ ملکوں میں ایسے بدکاروں کی دنیاوی سزا میں بھی کسیقدر آسانی ہوگئی ہے اور اول تو بد فعل ہر طرح ظاہر ہو ہی جاتا ہے اور مجرم کم و بیش سزا پاتا ہے لیکن شاید دنیا میں یہہ گناہ چھپ بھی جاوے تاہم جو لوگ کسی مذہب کو سچے دل سے مانتے ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ دنیا روزی چند آخر کار با خداوند یہاں بچگئے تو کیا ہوا۔ خدا جو سینہ کی چھپی ہوئی بات سے واقف ہے اُسپر سب حال روشن ہے وہ ضرور اُن احکام کے مطابق سزا دیگا جو بذریعہ بانیان مذہب آدمیوں کو پہنچے ہیں وہاں کوئی مکر کام نہ آئیگا اور کسی حیلا کی یا رشوت سے سزا میں تخفیف نہوگی۔

جو یہہ سمجھتے ہیں کہ مصر عہ بہشت ایک باغ ہے دوزخ بھی ایک شرعی دھڑکا ہے * خیر سمجھیں انکی سمجھ۔ اول تو کسی شے کو جبتک اُن آنکھوں سے گو نہ دیکھا ہو مگر متواتر شہادتوں سے وہ عین الیقین کا درجہ حاصل کرلیتی ہے پس اُسی فعل سے فاعل کا سزایاب ہونا جب ہر مذہب کے ہادی نے بیان کیا ہے تو بیشک اُسکو سچ سمجھنا چاہیئے۔ علاوہ بریں اس فعل بد کے بُرے نتائج جو دُنیا میں دیکھے جاتے ہیں وہ بھی نہایت عبرت انگیز ہیں

مجرد رہنا عورت و مردوں کے لئے مضر و تاہل دونوں کے لئے مفید ہے۔

یہ باتوں میں اوروں کی نسبت رہبانیت کا زیادہ رواج ہے مگر کم و بیش ہر قوم میں ایسے آدمی پائے جاتے ہیں جو عیال داری کے بار سے سبکدوش ہونے یا مذہبی خیال سے نکاح نہیں کرتے اور انمیں سے بعض ایسے جوانمرد ہوتے ہیں کہ تمام عمر خدا کی یاد میں بسر کر دیتے ہیں مگر اکثر کی بابت یہہ کہا جاتا ہے کہ وہ طبعی و قدرتی جوش کو روک نہیں سکتے اور بے فکری و عمدہ غذاؤں کا استعمال انکی مدد کرتا ہے اور انکے دامن عصمت پر زناکاری یا اغلام کا دھبہ لگجاتا ہے اور اگر اپنی ہوا بگڑنیکے سبب انسے بھی بچ رہے تو خلق کے گناہ سے تو بہت ہی کم بچتے ہیں۔ ہم یہہ مضمون تو اسپر ختم کرتے ہیں کہ اوّل تو تجرد کی ضرورت کیا ہے اور جو کسی خیال سے تجرد اختیار کیا جائے اور جوش قدرتی مجبور کرے تو ضرور نکاح کر لینا چاہیئے جو شرعاً و عقلاً اولےٰ و احسن ہے اور اب آگے ہر سہ افعال قبیح مذکورہ کی مضرت کا حال لکھتے ہیں۔

زناکاری سے کیا نقصان ہوتا ہے

جب مرد اپنی منکوحہ کے سوا غیر عورت سے اور عورت اپنے شوہر کے سوا غیر مرد سے ہم صحبت ہو تو اسکا نام زناکاری ہے۔ اگرچہ یہہ فعل بد ایسی بعض عیالدار مرد اور شاذ و نادر شوہردار عورت سے بھی سرزد ہو جاتا ہے جنکی طرز تعلیم خراب و صحبت ناشائستہ ہو لیکن اکثر و عموماً مجرد ہی اس بلا میں گرفتار ہوتے ہیں۔

چونکہ اس فعل سے انتظام عالم میں خرابی اور صحت میں ابتری ہوتی ہے بدیں وجہ کوئی ملک و کوئی مذہب ایسا نہیں ہے جسمیں اسکی مذمت اور اسکے فاعل کے لئے سخت سزا مقرر نہو۔

جو ملک والے آئین شاہی کے پابند نہوں یا کم ہوں (جیسا انگریزی عملداری سے بیشتر

پیشہ ور عورتوں کے ساتھ واسطہ رکھنے میں مال کا جو نقصان ہوتا ہے اُسکے بیان کرنیکی کچھ حاجت نہیں کیونکہ سب آدمی اُسکی برائیوں سے واقف ہیں اور خوب جانتے ہیں کہ سینکڑوں بڑے آدمی اسی بلا میں مبتلا ہو کر روٹیوں سے محتاج ہو گئے اور ہوتے ہیں مگر اسکے سوا جان کی بھی اسمیں خرابی ہے کیونکہ ایسے لوگ ضرور آتشک و سوزاک وغیرہ امراض میں مبتلا ہوتے ہیں جو ایسے سخت ہیں کہ اُنسے زیادہ تکلیف دہندہ دہان شان مرض کوئی نہیں ہے۔ انکے نتائج سے جو امراض پیدا ہوتے ہیں اُنکا مختصر حال بھی لکھا جائے تو بھی کافی نہیں۔ اور یہ مرض آتشک کا خاص اُسی شخص تک محدود نہیں ہوتا بلکہ اُس کا اثر نسلاً بعد نسلاً چلا جاتا ہے۔

آتشک و سوزاک یا اُنکے بُرے نتائج میں مبتلا ہو کر جو جو مریض میرے زیر علاج آئے جنکا حال لکھنے سے مضمون طویل ہو جائیگا مگر دو چار کا حال مختصر لکھتا ہوں جو عقل رکھنے والوں کو عبرت حاصل کرنیکے لیے کافی ہے۔

ایام طالب علمی میں اول مریض جو ڈسپنسری کرنیکے لئے حسب قاعدہ مجھکو ملا وہ ایک پٹھان تھا جو ہندوستان میں کسی غرض سے آیا تھا اور آگرہ میں کسی بازاری عورت کے پاس جانیکے سبب اُسکو آتشک ہو گئی تھی اُسکے عضو خاص کا نصف حصہ گل گیا تھا اور اسقدر درد شدید میں مبتلا تھا کہ کسی طرح اُسکو چین نہیں پڑتا تھا جسے کہ دیکھنے والوں کو اُسکی بے چینی پر افسوس ہوتا تھا۔

داؤد نگر ضلع گیا میں ایک جنت نقیہ گدی نشین میرے علاج میں آیا جو اُس گروہ کے دستور کے مطابق شادی کرنے سے مجبور تھا اور چونکہ اُس گدی کے متعلق آمدنی کافی تھی بیفکری سے عمدہ غذائیں کھاتا اور بیکار پڑا رہتا تھا جب جوش نفسانی کو نہ روک سکا تو اُسنے زنا کیا

عورت یا مرد جو اس جرم کا ارتکاب کیا اقدام بھی کرتا ہے تو گو ہمارے ملک میں اب کسی کو یہہ یارا نہیں ہے کہ اُس کو جان سے مار ڈالے اور کسی غیرت دار نے ایسا کیا بھی تو وہ شاذ و نادر بات ہے مگر اب بھی حتی الامکان جسمانی ضرب پہنچانے میں دریغ نہیں کرتے اور سوسائٹی یعنی برادری میں ضرور اسکو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں پس صاحب حیا لوگوں کے لئے یہہ سزا بھی کم نہیں ہے۔ اگر جوش نفسانی کے وقت فاعل یہہ خیال کرلے کہ اُسکی ماں یا بہن یا بیٹی یا بیوی کی عصمت کو کوئی خراب کرے تو اُنکے دل پر جو صدمہ گذرے وہی اُس عورت کے اقارب پر گذریگا جسکی عفت میں وہ خلل ڈالنا چاہتا ہے کیونکہ وہ بھی کسی کی ماں یا بہن یا بیٹی ضرور ہے تو ممکن ہے کہ اس فعل سے جسمیں یقیناً دارین کی خرابی ہے باز رہے اور جوش اُسکا منطفی ہو جائے ✦

سرکاری سزا برادری کی مذلت و جسمانی زدوکوب کے علاوہ اسمیں صحت کی خرابی بھی متصور ہے کیونکہ جو عورتیں پاکدامن ہیں وہ تو شاذ و نادر ہی کسی سخت و خوفناک وجہ سے ایسے فعل بد کی مرتکب ہوتی ہیں ورنہ جو عورت ایک غیر مرد کے پاس جائے وہی دوسرے کے پاس جا سکتی ہے اور جو یہہ حال ہے تو اُس سے سوزاک یا آتشک کے ہو جانے کا کچھ تعجب نہیں۔

[illegible] عورتوں یا انکے ساتھ واسطہ رکھنے والوں پر سرکاری اعتراض نہیں ہوتا اور [illegible] برادری میں چنداں بنظر حقارت اُسکو نہیں دیکھا جاتا لیکن [illegible] خصوصاً ایسا شخص جو مہذب و نیک مشہور ہو اُس سے [illegible] اس درجہ تک خاص و عام کی نظر سے گر جاتا ہے کہ [illegible]

اور لواطت میں عورتوں یا لڑکوں کا اظہار شوق کرنا خیال میں نہیں آتا اور مقعد کے اطراف میں جو بلاوی چیزیں ہوتی ہیں غالباً مانع دخول ہو کر باہر ہی انزال ہونیکا سبب ہوتی ہونگی بلکہ کبھی ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ خوف وغیرہ کے سبب انزال کا موقع بھی نہ ملے پس وجوہات مذکورہ ممکن ہے کہ طرف ثانی کے عدم اظہار شوق و دخول میں رکاوٹ ہونے کے سبب معمول سے زیادہ حرکت کرنی پڑے و بوجہ زیادتی حرکت عصبی انتظام میں خلل واقع ہو قضیب پر رگڑ لگے۔ نائزہ کا منہ سرخ ہو جائے۔ پیشاب کی حاجت بار بار ہونے لگے۔ اور اس فعل کی کثرت کرنے سے جریان منی و ضعف باہ کا پیدا ہونا تو اکثر مریضوں میں دیکھا گیا ہے و دیگر امراض جو زیادتی مجامعت سے ہوتے ہیں اس فعل سے بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور جب انزال ہونے کا موقع نہ ملے تو جوش غیر منطفی رہنے کے سبب بہت سے نقصان عائد ہونے کا احتمال ہو سکتا ہے۔ حیوانوں کے ساتھ فعل شنیع کرنے سے ایک تو وہی نقصان ہے جو مفعول کی طرف سے شوق ظاہر نہ ہونے کے سبب فاعل کو ہوتا ہے۔ دوسرے حیوانوں کی حیوانی حرکات کے سبب جوش کا غیر منطفی رہنا یا حیوان کا لات یا سینگ مارنا یا جانور کے مقام مخصوص کی کشادگی سے اس نر کا جو فرج کی فراخی سے ہوتا ہے عائد ہو جانا کچھ کم نہیں ہے فاعل کو تو اس فعل ناجائز کے سبب سے نقصان ہوتا ہی ہے جیسا کہ کچھ بیان ہوا مگر مفعول کو بھی بہت نقصان پہنچ سکتا ہے چنانچہ مفعول لڑکا ہے تو علاوہ اس بدنامی کے جو عمر بھر اسکے ساتھ رہتی ہے مرض شقاق المقعد ہو سکتا ہے جس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے اور فاعل کو آتشک ہو تو مفعول کے مقعد کے گرد آتشکی سے ہو جاتے ہیں۔

آتشک ہوگئی خصیہ بھی پر کسی عطائی سے علاج کرایا۔ اُسنے حسب دستور پارہ دیا سخت قسم کا مُنہ آگیا دانت گر گئے۔ لوگوں میں بدنامی ہوئی۔ نظروں میں حقیر ہوگیا۔ للغرض جب میرے علاج میں آیا تو نہایت کمزور و اعضا کے درد و بلدی امراض و اپنی بے عزتی کے رنج میں ایسا گرفتار تھا کہ اُس جینے سے مرنے کو بہتر جانتا تھا۔

اگر در خانہ کس است حرفے بس است جو لوگ کچھ بھی عقل رکھتے ہیں وہ بجانت تجرد خوب سمجھ لیں ؎ جان و ایمان بچا رکھنے کی تدبیر یہ ہے ٭ خاک ڈالیں رخ محبوب پہ اکسیر یہ ہے + اور جو یہ نہ ہو سکے تو تجرد ترک کریں۔ بیوی دور ہو تو آپ جائیں یا اپنے پاس بلائیں مجرد ہوں تو حسب قاعدہ نکاح کریں جو شرعاً و عقلاً درست و جائز کسی طرح ممنوع نہیں ہے۔ اور بیوی بچوں کے واسطے جائز معاش پیدا کرنے میں مصروف اور اپنے اپنے مذہب کے موافق باوقات معینہ یاد الٰہی میں مشغول رہیں کہ ہم خرما و ہم ثواب جسمیں نہ کچھ عذاب نہ کسی کا عتاب ہو

جماع بے محل سے کیا ضرر ہے

جماع بے محل سے ہماری مراد اُس خراب طریقہ سے ہے جو نہایت ناشائستہ و گمراہ لوگ علاوہ فرج عورات عورتوں کے دُبر میں دخول یا مردوں کے ساتھ اغلام یا حیوانات کے ساتھ فعل شنیعہ کر کے شہوت رانی کرتے ہیں پس اس حالت میں جماع کرنے سے بڑی غرض نسل کا قائم رکھنا ہے اور مذکورہ بالا طریقوں سے وہ غرض حاصل نہیں ہوتی تو پھر اسمیں کچھ شک نہیں کہ یہ بہت ہی بڑا گناہ اور نہایت ہی بے تہذیبی کا فعل ہے اور یہ بد افعال صرف شرع و تہذیب کے ہی خلاف نہیں بلکہ ان سے صحت کو بھی ضرر پہنچتا ہے کیونکہ لذت و فرحت کے ساتھ جب ہی انزال ہوتا ہے کہ جانبین دلی شوق ظاہر کریں

مردوں میں اکثر بالغ مجرد خصوصاً وہ لوگ جو کسی وجہ سے نکاح نہیں کرتے اور پاکیزگی میں بٹہ لگنے کے خیال سے زنا وغیرہ سے پرہیز رکھتے ہیں اور غذا مقوی کھاتے ہیں عیالداری و معیشت پیدا کرنیکے تردداتسے بیفکر رہتے ہیں یا مدرسے کے لڑکے زیادہ تر اس فعل کے مرتکب ہوتے ہیں اور یہ عادت یا تو بچپن سے ہی اسطرح پڑتی ہے کہ جب بچہ کسی طرح نہیں سوتا تو دائی اُسکے قضیب کو سہلاتی ہے اور شائد کچھ آرام ملنے کے سبب وہ سو رہتا ہے اور رفتہ رفتہ جلق کی عادت پڑجاتی ہے۔ یا چھوٹے بچے بڑوں سے اس فعل کو سیکھتے ہیں۔ یا خارش یا غلفہ کی سوزش وغیرہ کے سبب ملنے سے نوجوانوں کو انزال ہونے یا کچھ مزا آنیکے سبب رفتہ رفتہ عادت پڑجاتی ہے یا امانت کا داسوخت و مجسن کی مثنوی وغیرہ پڑھنے یا عاشقانہ قصے کہانی و شعر و اشعار سننے سے کمسن لڑکوں کا خیال بلوغت سے پہلے ہی اعضاء تناسل کی طرف متوجہ ہوجاتا ہے جسکے سبب جلد کرنے کی طرف میں تحریک ہوتی ہے اور جب عورت میسر نہیں آتی تو وہ جلق کرنیکے عادی ہوجاتے ہیں یا ایسے لوگ جنکے خیال خراب اور بظاہر متقی ہوں اور وہ دنیاوی مذلت کے لحاظ سے مجامعت تو کرتے نہیں پوشیدگی میں جلق کے ذریعہ سے شہوت رانی کرلیتے ہیں۔

غرضکہ مردوں کو اس خراب فعل کے کرنیکی بہت سی وجوہات ہیں اور درحقیقت حال کے زمانہ میں بہت سے نوجوان اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں مگر عورتوں میں شائد یہہ فعل بہت کم ہوتا ہے اگر ہوتا بھی ہے تو ایسی ہی عورتوں میں جو کم درجہ کی و محض ناشائستہ اور جنکے خیالات نکمی صحبت و تذکروں کے سبب خراب ہوگئے ہوں۔

قصہ مختصر عورت ہو یا مرد خواہ کسی وجہ سے اس بلا میں گرفتار ہوجائیں گنہگار و عوام

اگر مفعول عورت ہو تو اُسکو شقاق المقعد کے علاوہ ایک اور نقصان ہونے کا اندیشہ ہو سکتا ہے وہ یہہ کہ فرج کی بڑی لبوں کے زیرین یا پچھلے سرے اور مقعد کے مابین صرف ایک انچ کی وسعت ہے پس جس حالت میں لواطت کے سبب مقعد کے ریشوں میں کچھہ شق ہو گیا ہو اور کمزور ہو گئے ہوں تو کیا تعجب ہے کہ وضع حمل کے وقت باقیماندہ چیر کر فرج و مقعد ایک ہو جائے*

دیسی طبیب لکھتے ہیں کہ شرع میں ناجائز ہونے کے علاوہ اطبا کے نزدیک بھی لواطت مضر صحت ہے اور بعض کا قول ہے کہ جس عورت کے ساتھ یہہ فعل کیا جائے تو ممکن ہے کہ اُسکے ایسا لڑکا پیدا ہو جو علت آبنہ یعنے مفعول ہونیکی خواہش میں مبتلا رہے +

جلق کسقدر مضرت رساں ہے

ہاتھہ کی حرکت سے منزل ہونے کو عربی میں جلق یا خضخضہ یا استمنا۔ فارسی میں مشت زنی انگریزی میں مسٹربیشن یا اناینزم۔ ہندی میں ہتلس یا موٹھہ مارنا کہتے ہیں۔

عموماً یہہ فعل ہاتھہ سے ہی کیا جاتا ہے مگر بعض شخص پشمینہ یا چمڑہ کی تھیلی یا نلکی وغیرہ کے وسیلے سے یا سُنا گیا ہے کہ یوروپین ایک لعبت ایسی بناتے ہیں جو بعض حرکات مثل انسان کے کرتی ہے اسکے ذریعہ سے غرضکہ علاوہ قبل یا دُبر کے جب کسی طرح سے انزال کیا جائے تو وہ جلق میں ہی داخل ہے +

رسالہ تریاق استمنا میں لکھا ہے کہ بعض ناشائستہ عورتیں بھی بحالت عدم موجودگی شوہر و زیادتی شہوت چمڑے یا کپڑے کا آلہ مثل قضیب کے بنا کر اور دو عورتیں ملکر یا تنہا آلہ مذکور سے شہوت رانی کرتی ہیں پس ایسا ہوتا ہے تو اُسکا شمار بھی جلق میں ہو سکتا ہے

* فرج و مقعد کا ایک ہونا اگر اور اسباب سے ہوتا ہے مگر خیال کر سکتے ہیں کہ یہہ فعل اُن اسباب کا مددگار ہو

و خون آمیز بہت پتلی نکل آتی ہے اور پھر آخر کو نامردی و خبط الحواس و خوف زدہ ہونا وغیرہ کیا مرگی یا سل یا کسی اور سخت عارضہ میں مبتلا ہو کر جلد موت کے پنجہ میں گرفتار ہو جانا پڑتا ہے

ڈاکٹر گراس صاحب لکھتے ہیں کہ نائیزہ کے ممبرینس۔ نیز اسٹک خاصکر پیسٹک حصہ میں ہلکی یا شدید یا مزمن سوزش و تنگی راہ ہونے سے نامردی کا عارضہ ہوتا ہے اور بحساب اوسط انیس مریضوں میں ایک تو سوزاک کے سبب اس حالت میں مبتلا ہوتے ہیں باقیماندہ حلق کی وجہ سے پس نائیزہ میں حس کی زیادتی و اجتماع خون اور اسکے غدار حصہ میں سوزش و تنگی اکثر حلق سے ہو کر نامردی ملحق ہوتی ہے۔

ویسی الطبہ لکھتے ہیں کہ حلق میں [illegible] ملعوبکا موجود نہ ہونیکے سبب مجلوق سست و غمگین رہتا ہے اور بوجہ نہ ہونے [illegible] کے منزل ہونیکے لئے زیادہ حرکت کرنی پڑتی ہے اس سبب سے گردہ و مثانہ و قضیب خصوصاً قضیب کی جڑ میں استرخا و ضعف لاحق ہوتا ہے۔ ذکر ایک طرف کو مائل ہو جاتا ہے۔ بلا تندی منی نکلنے لگتی ہے۔ باہ کی قوت ضعیف ہو جاتی ہے جریان کے عارضہ کی زیادتی سے گردہ کی چربی و رطوبت بہنی گل کر دقی والے مریض کی [illegible] اور پھر اسکا علاج نہیں ہو سکتا۔

بعض کا قول ہے کہ [illegible] منی بنانے میں جو اہتمام کرنا پڑتا ہے [illegible] بخوبی ہوتا ہے پس وہ فائدہ حلق کے ذریعہ سے [illegible] منی کے بنانے میں سستی کرتی ہے جس سے [illegible] مفاوج کے ضعف و استرخا ہو کر یہاں تک نوبت پہنچتی ہے کہ بالکل تندی نہیں ہوتی اور قضیب پتلا پڑ جاتا ہے اور پھر مجلوق بالکل جماع کرنیکے قابل نہیں رہتا۔

نظروں میں ذلیل ہونیکے علاوہ انکی صحت میں ایسی خرابی واقع ہوتی ہے کہ
جسکا تدارک مشکل بلکہ بعض حالت میں ناممکن ہو جاتا ہے۔
کثرت جماع سے جو بکثرت اخراج منی کے نقصان ہوتا ہے جسکا بیان ہوگا اور چونکہ
جماع جائز یا ناجائز کے موقع ملنے میں تو کم و بیش دقت ہوتی ہے اور جلق کا موقع ہر وقت
بلا دقت حاصل ہو سکتا ہے بدیں وجہ مجلدی بہ نسبت عیاشوں کے اپنا فعل بکثرت کر کے
[illegible] نتائج میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو اخراج منی کی زیادتی سے عیاشوں کو
لاحق ہوتے ہیں یعنے جریان منی نامردی [illegible] خبث سوزش حرام مغز
فالج۔ مرگی۔ بدہضمی طپیدگی قلب۔ خفقان۔ قبض۔ کثرت احتلام۔ جسم کا لاغر و
نزار ہو جانا۔ تمام کام سستی سے کرنا۔ ہر بات میں خوف پیدا ہونا۔ قوت حافظہ کم
و قوت متخیلہ میں فتور ہو جانا وغیرہ نقصانات [illegible] صرف جلق کا موقع زیادہ ملنے سے
ہی نہیں بلکہ اور بھی ایک سبب یہ بھی ہے کہ [illegible] نہیں تو قشفہ کے خاص مقامات پر لگنے سے
لذت زیادہ معلوم ہوتی ہے اور فرج کی [illegible] کے سبب قضیب پر صدمہ نہیں پہنچتا مگر
جلق میں وہ باتیں حاصل نہیں ہوتیں اور لذت [illegible] کمزوری وغیرہ کے امراض جلد
ستاتے ہیں اور غیر معمولی رگڑ سے نائیرہ میں خراش ہو کر اور ہر کو دن زیادہ آنے لگتا ہے اور
رفتہ رفتہ اسکے اندر خفیف سا ورم [illegible] ہے جسکی وجہ سے نائیرہ و کیسۃ المنی کی
حس تیز ہو جاتی ہے اور اس تیزی حس کے [illegible] ادنی تحریک سے منی باہر نکل پڑتی ہے
حتی کہ دن رات میں سوتے وقت کبھی [illegible] آتا ہے پاخانہ پھرنے یا فحش
خیال کرنے یا قضیب پر ہاتھ لگانے یا گھوڑے پر چڑھنے یا کسی عورت کے ساتھ بات کرنے
یا اسکی صورت دیکھنے سے بھی ذرا تندی ہو کر یا بلا تندی خالص منی یا اکثر خراب

کیسی کیسی سخت تکلیفوں کو ہنسی خوشی زن و مرد برداشت کر لیتے ہیں اور کتاب ہذا کے اوّل باب کو پڑھ کر خیال کرتے ہیں کہ مردوں کے آلات عورتوں کے لئے اور عورتوں کے مردوں کے لئے کیسے موزون بنے ہیں۔ اور مردوں کو فاعل اور عورتوں کو مفعول ہونیکی کیسی پرجوش خواہشیں پیدا ہوئی ہیں تو ہمیں یقین ہو جاتا ہے کہ یہہ ہماری بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ قدرت کا خاص منشا یہی ہے کہ پیدائش کا سلسلہ جاری رہے اور نسل بڑھے مگر ہاں یہہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ بقاء نسل کی غرض سے ہی مجامعت کرنا نیچر یعنی قدرت کے قانون کی تعمیل کرنا ہے ورنہ حظ نفسانی یا کسی اور خیال سے اس فعل میں مشغول ہونے کو گناہ کہا جائے تو شاید بیجا نہوگا۔

کس عمر میں نکاح کرنا چاہیئے

جب ہم کو معلوم ہو گیا کہ نکاح سے بڑی غرض یہہ ہے کہ بچے پیدا ہوں پس جس عمر میں مرد حمل ٹھہرانے اور عورت حاملہ ہونیکے لائق ہو جائے وہی سن شادی کرنیکے لائق ہے۔ بنگالیشیائی زبان میں زمانہ بلوغ اور انگریزی میں پیوبرٹی یا اڈولیسینس کہتے ہیں حکما نے بالغ ہونیکی چند علامات مقرر کی ہیں اور علامات بلوغ کے نمایاں ہونیکے زمانہ کا بھی اندازاً تعین کیا ہے مگر محققین کے تجربہ سے ثابت ہو گیا ہے کہ علامات بلوغت کے ظاہر ہونیکے لئے کوئی ٹھیک زمانہ نہیں قرار دیا جا سکتا ہے جیسا کہ بیانات ذیل سے ظاہر ہوگا۔

عورتوں کو حیض کا ہونا اور پستان کا اُبھر آنا اُنکے قابل الجماع ہونے کی علامات ہیں مگر ڈاکٹر گئی صاحب نے ولایت کی کئی نقلیں لکھہ کر ظاہر کر دیا کہ نو و آٹھہ و چھہ و پانچ برس کی لڑکیوں کو حیض ہوا اور پستان بھی اُبھر آئیں اور ایک برس

جیسا جنس سے مردوں کو نقصان پہنچتا ہے ویسا ہی عورتوں کو بعضے جب وہ [illegible]
زیر و بالا ہو کر مقام مخصوص باہم [illegible] ہیں تو باوجود غلبۂ شہوت بخوبی تمام انزال نہیں
ہوتا بلکہ منی مجاری و عروق میں رہ جاتی ہے جس سے [illegible] و اختناق الرحم کا عارضہ ہو جاتا
ہے اور [illegible] کی خواہش بڑھ جاتی ہے یا زرلیہ آلہ کے [illegible] رانی کرتی ہیں تو [illegible]
[illegible] ہو جاتا ہے [illegible] عورتوں کے ساتھ [illegible] کر [illegible]
مفعول کسی کو لذت [illegible] ہوتی [illegible] ہیں یا تا چہرہ [illegible] اور اس جسم کمزور
مزاج چڑچڑا [illegible] اخیر [illegible] مرض میں مبتلا ہو جاتی ہے۔

نکاح کرنے سے غرض کیا ہے

[illegible] اول [illegible] یہ تو ہم [illegible] چکے کہ مرد رہنے کی نسبت نکاح کرنا شرعاً و عقلاً [illegible]
[illegible] سب [illegible] قدرت ہے اور تجرد سے جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں
[illegible] ذکر [illegible] کا۔ اب یہ سمجھنا چاہیئے کہ نکاح سے غرض کیا ہے۔ بس عام
لوگوں کا شاید یہ خیال ہوگا کہ مرد جو عورتوں کو گھر میں آرام سے بٹھا کر ہزار [illegible] طرح
کی مصیبتیں اٹھا کر انکی نگہبانی کرتے ہیں یا عورتیں انکے حکم کی پابند و مطیع
رہتی ہیں و حمل و درد زہ و غیرہ کی تکالیف اٹھاتی ہیں یعنی عورتوں کی حرکات مردوں
کو و مردوں کی حرکات عورتوں [illegible] سے جو پسند آتی ہیں یہ سب مجامعت
کی خواہش پوری [illegible] لیتے ہیں [illegible] ذرا [illegible] غور سے دیکھا جائے تو صاف نظر
آتا ہے کہ [illegible] ادنیٰ خواہش کے واسطے نہیں بلکہ خود خواہش
مذکور و مساعدہ داری نے تمام طوفان [illegible] سوا [illegible] ہیں کہ بچے پیدا ہوں اور نسل
قائم رہے اور سب ہم سوچتے ہیں [illegible] ماجرا [illegible] کے پورا کرنے کے واسطے

اگرچہ بارہ برس کی عورتوں اور چودہ برس کے مردوں کو بالغ سمجھا جاتا ہے لیکن کامل بلوغت اندازاً تیس یا پچیس برس کی عمر میں ہوتی ہے اور انگریزی میں اسکو پیوبرٹی یا اڈولیسنس کہتے ہیں مگر حکما نے اس عمر میں بھی جماع کی اجازت نہیں دی بلکہ انکے نزدیک تو کامل بلوغت کے بعد سن نمو میں یعنی اٹھائیس یا بعض تیس برس تک کی عمر تک بھی جماع کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ اس عمر تک بدن بڑھتا و پھیلتا ہے اور جماع کرنا جب مناسب ہے کہ بدن کی نشو کامل ہو جائے چنانچہ وہ زمانہ شباب یعنے جوانی کا ہے جسکی تعداد بعد سن نمو کے پینتیس یا چالیس سال کی عمر تک مقرر کی گئی ہے۔

ہندو حکیموں نے ایک سو بیس برس کی طبعی عمر مقرر کرکے اسکو جو تقسیم کیا تھا کہ تیس برس تحصیل علم میں اور تیس برس خانہ داری میں اور تیس برس سیاحت میں اور تیس برس آزاد وار خانہ میں بسر کرنے چاہئیں اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ تیس برس کی عمر سے پہلے جماع کرنا مناسب نہیں ہے۔

جب حکمار متقدمین و متاخرین کا یہ قول ہے کہ سن نمو میں (جو جسم کی بالیدگی کے دن ہیں) جماع کرنے سے جسم کے درونی و بیرونی اعضا اپنے کمال پر نہیں پہونچتے اسلئے سن شباب میں یعنی تیس برس کے بعد شادی کرنا چاہیئے تاکہ سب اعضا کامل ہو جائیں اور اولاد بھی قوی پیدا ہو۔ پھر افسوس صد افسوس ہے اُن لوگوں کی حالت پر جو اکثر تیرہ چودہ برس کی عمر میں ہی اپنے کو کامل بالغ سمجھ کر اس فعل میں مشغول ہو جاتے ہیں:

ہندوستانیوں کی مذلت و خرابی کا سبب بعض اہل الرائے نے افلاس کو ٹھیرایا ہے

کی لڑکی کو بھی حیض ہوتے ہوئے دیکھا گیا۔ اور کبھی بباعث مرض کے بڑی عمر تک بھی حیض نہیں ہوتا اور نہ پستان اُبھرتی ہیں۔

مردوں کو اُنکے آلات تناسل کامل ہونے و موئے زہار نکل آنے و آواز بدل جانے سے بالغ سمجھا جاتا ہے مگر بہت سی ایسی مثالیں بھی موجود ہیں جن سے لڑکپن میں ہی آلات تناسل کا پورا ہونا ثابت ہوتا ہے چنانچہ میرے ایک مہربان پنڈت گوبند جیون صاحب (جنکے کلام کو میں معتبر سمجھتا ہوں) فرماتے تھے کہ ایک لڑکے کو میں نے دیکھا جسکی گیارہ برس کی عمر میں موئے زہار و مونچھوں کے بال نکل آئے تھے اور قضیب بھی بہ نسبت اُسکے دیگر ہم عمر لڑکوں کے طویل تھا اگرچہ بیانات مذکورہ کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بالغ ہونیکا نہ تو کوئی ٹھیک زمانہ ہے اور نہ کوئی قابل یقین علامت ہے مگر تاہم عورتوں کو جب حیض ہونے لگے و پستان اُبھر آئیں و موئے زہار نکل آئیں و قد و قامت ذرا پوری عورتوں کا سا ہو جائے۔ اور مردوں کو جب اُنکی آواز بدل جائے و ڈاڑھی مونچھوں کا آغاز ہو و موئے زہار نکل آئیں و معمول کے مطابق قضیب و رانو جسم کی نشو و نما کامل ہو جائے تب اُنکو بالغ کہہ سکتے ہیں اور یہہ بات گرم ملکوں میں جلد و سرد ملکوں میں دیر میں ہوتی ہے۔ چنانچہ ہندوستان میں اکثر بارہ برس کی عورتیں اور چودہ برس کے مرد بالغ ہو جاتے ہیں مگر ملک کی سردی گرمی کے علاوہ رنج و خوشی تکلیف و آرام و افلاس و فارغ البالی کا بھی بلوغت سے بہت کچھ تعلق ہے یعنے جن کو غذا اچھی ملتی ہے اور عیش و آرام سے بسر کرتے ہیں وہ بہ نسبت غریب و مفلس و مصیبت زدہ و فاقہ کش لوگوں کے جلد بالغ ہو جاتے ہیں۔

سراسر مضرت معلوم ہوتی ہے لیکن جس ملک و جس قوم میں آٹھ دس برس کے بچوں کی شادی اور بارہ تیرہ برس کی عمر میں مجامعت کرنا رائج ہے انکو تیس یا پینتیس برس تک مختلف رہنا دشوار ہی نہیں بلکہ اسباب کا سننا بھی تعجب میں ڈالتا ہے اسلئے اس گرم ملک کے تیز مزاج و نا عاقبت اندیش مرد بیس یا پچیس برس تک اور عورتیں سولہ سترہ برس تک بھی مجامعت کرنے سے باز رہیں تو بہت کچھ فائدوں کی امید ہو سکتی ہے۔ اور قوے میں جماع کی تاثیر سے خلل واقع ہونیکا چنداں خوف نہیں رہتا۔

ایک بات کا بیان کرنا اور بھی ضرور ہے کہ سن شباب تک شادی نہ کرنے و ناقابل الجماع ہونے سے ہمارا یہ مطلب نہیں ہے کہ تیس برس کی عمر تک شادی نہ کریں یا صرف جماع سے باز رہیں۔ نہیں۔ بلکہ ہماری یہ غرض ہے کہ ان تمام افعال و حرکات سے بھی پرہیز رکھیں جن سے منی کا اخراج ہوتا ہے مثلاً اکثر مجرد مرد جو اغلام یا جبق کے عادی ہو جاتے ہیں وہ جماع سے زیادہ خراب ہے جن کی مضرتوں کا بیان ہو چکا۔

جیسا کہ صغر سنی شادی کے لئے ناموزون ہے ویسا ہی کبر سنی کیونکہ پینتالیس برس کی عموماً عورتیں حاملہ ہونیکے قابل نہیں رہتیں اور پچاس برس کے بعد اکثر مردوں کو بھی خواہش نفسانی طبعی نہیں بلکہ خیالی ہوتی ہے اور اس عمر میں جو بچے ہوں وہ نہایت کمزور و بدشکل ہوتے ہیں پس اس عمر میں بھی نکاح کرنا نامناسب و ناموزون ہے۔ اور جو کہن سالی میں حفظ صحت کے قواعد کی پابندی سے قوی و توانا رہتے ہیں وہ مستثنیٰ ہیں۔

جنکی عمر میں زیادہ تفاوت ہو یعنی عمر رسیدہ عورت و نوعمر مرد یا نوجوان عورت و

مگر غور سے دیکھا جائے تو مفلس بننے اور فوجی و ملکی طاقت زائل ہونے و جلد مر جانے وغیرہ کا بڑا سبب وقت سے پہلے بے اندازہ جماع میں مصروف ہونا ہے کیونکہ اس ملک کے ہندو مسلمانوں میں صغر سنی کا شادی کرنا و جماع میں مشغول ہونا کوئی عیب ہی نہیں جانتا اور اسمیں کچھ شک نہیں کہ قبل از وقت جماع کرنے سے نہ تو بیرونی اعضا قوی رہتے ہیں جو شجاعت و مردانگی کا کچھ کام ہو سکے اور نہ درونی اعضا کامل ہوتے ہیں جو اپنا فعل کر کے اولوالعزمی و دانشمندی کا اظہار کر سکیں بلکہ اکثر ہندوستانی خاصکر شہری و قصباتی ایسے دیکھے جاتے ہیں جن کا رنگ زرد و اعضا کمزور جسم نحیف حافظہ خراب ہمت پست ہوتی ہے۔ ذرا سی جسمی محنت سے گھبراتے ہیں۔ تھوڑا دماغی کام کرنیسے تھک جاتے ہیں۔ اور چونکہ اعضا کامل ہوتے نہیں جو مدت دراز تک اپنا کام ٹھیک ٹھیک کر سکیں اسلئے انکے نکمے ہونیکے سبب کچھ روز درد کمر ضعف بصر نزلہ سل وغیرہ کی شکائت رہتی ہے آخر الامر عمر طبعی سے پہلے صدہا حسرتیں لیکر راہی ملک بقا ہو جاتے ہیں۔ اور اول تو اولاد ہوتی نہیں کیونکہ میاں کو ضعف باہ یا سرعت انزال یا جریان منی کا عارضہ ہوتا ہے اور بیوی عقر یا سیلان رحم یا کثرت حیض یا عسر الحیض میں مبتلا ہوتی ہے اور حاملہ ہوئی تو رحم و گذرگاہ جنین کی تنگی سے والدہ و مولود کی خیر نہیں ہوتی اور جو اولاد ہوئی بھی تو مر مر جاتی ہے کیونکہ جب والدین کے اعضا نامکمل ہیں تو بچہ کی پیدائش و پرورش میں ضرور فتور ہوتا ہے اور زندہ بھی رہی تو اس کا عدم و وجود برابر بیٹے ماں باپ سے زیادہ کمزور و نحیف و لاغر و بزدل و پست ہمت وغیرہ وغیرہ۔ ہمیں ان سب باتوں پر خیال کر کے تیس برس کی عمر سے پہلے جماع کرنے میں

سردی۔ اور موسم خزاں میں بالکل پرہیز رکھیں اور گرمیوں میں بھی کثرت نہ کریں اور خاصکر اُن لوگوں کو جنکے مزاج میں خشکی غالب ہو ایسے موسم میں جب سردی یا گرمی کی زیادتی ہو جماع کرنا نہیں چاہیئے۔ حکیم نذیر و جنس کا قول ہے کہ سوائے فصل خریف کے ہر فصل میں ایک مرتبہ جماع کرنے کا کچھ مضائقہ نہیں اور کہتے ہیں کہ موسم سرد میں اور شمال کی ہوا چلنے کے وقت مجامعت کرنے سے لڑکا پیدا ہوتا ہے اور اسکے برخلاف ہو تو لڑکی۔ اسلئے اکثر آدمی اُسی موسم اور وقت کو پسند کریں گے جسمیں لڑکا پیدا ہو۔

ویدوں نے سال کی چھ فصل مقرر کی ہیں اور ہر فصل میں جماع کرنے کا طریقہ یوں لکھا ہے کہ بسنت رت یعنے اگھن و پوس اور شیشر رت یعنے ماگھ پھاگن میں اپنی طاقت کا اندازہ دیکھ کر مجامعت کرنے سے کوئی مرض پیدا نہیں ہوتا بلکہ آرام معلوم ہوتا ہے۔ اور بسنت رت یعنے چیت و بیساکھ اور گرشم رت یعنے کنوار و کاتک کے مہینے میں تیسرے چوتھے دن۔ اور برکھا رت یعنے ساون بھادوں میں پانچویں دن۔ اور گرہیمنت رت یعنے جیٹھ و اساڑھ میں چھٹے و ساتویں دن جماع کرنا چاہیئے۔

جاگو تک اسمرتی میں لکھا ہے کہ "حیض سے فارغ ہونیکے بعد کوئی تہوار وغیرہ کا سبب مانع نہ ہو تو بارہ دن تک۔ جفت تاریخوں یعنے چوتھی و آٹھویں و دسویں و بارہویں کو جماع کرے تو لڑکا چاہے ہی بنا رہتا ہے" اس سے

[illegible] کی اجازت دی ہے لیکن اس بارہ میں [illegible] اصولوں کا [illegible] کرنا چاہیئے جو جماع کے فاصلہ کے باب میں بیان ہونگے۔

[illegible] سال [illegible] کا [illegible] ناجائز ہے اور
[illegible] کی اولاد [illegible] مزاج نہیں ہوتی۔

جماع کیواسطے کون سا موسم مناسب ہے

[illegible] یہ مطلب نہیں [illegible] کہ [illegible] میں کتوں اور ماگھ میں بلیوں اور
[illegible] میں چڑیوں وغیرہ کو جماع کی خواہش ہوتی ہے ایسے ہی عورت یا مرد
کے لئے بھی کوئی موسم مقرر ہے۔ نہیں۔ بلکہ مرد کو حمل ٹھہرانے و عورت کو حاملہ ہونے
کی قابلیت ہونے [illegible] ہے گدمال کے [illegible] کہا ہے کہ حیض
[illegible] دو ہفتہ اور بعض کہتے ہیں صرف [illegible] ہفتہ کے بعد [illegible]
[illegible] کر [illegible] ہوئے ایک روز پہلے یا ایک دو روز
پیچھے تک عورت مرد کے ساتھ مجامعت کرے تو حاملہ ہو سکتی ہے اور بعد
[illegible] کے حمل کا قرار پانا ممکن نہیں ہے [illegible] اور انہیں ایام میں انکو خواہش مجامعت
کی زیادتی ہوتی ہے پس عورتوں کے لئے ایام مذکورہ کو ہی جماع کا موسم قرار دیا
جائے تو نازیبا نہ ہوگا۔

ایام [illegible] میں ڈاکٹروں نے جماع کی کثرت کرنا اس سبب سے مضر بتایا ہے کہ ایک
تو گرمی کے سبب سے جسم کے اجزا تحلیل ہوتے ہیں دوسرے جماع سے کمزوری
ہوگی تو اور بھی زیادہ نقصان ہوگا۔

[illegible] لکھتے ہیں کہ ان دنوں میں جماع کرنا مناسب ہے کہ جب سطح جہان
کی ہوا جو محیط بدن ہے اعتدال کی حالت میں ہو یعنی نہ تو گرمی زیادہ ہو نہ

[illegible] اسکی [illegible] بحث سل کے بیان میں لکھی گئی دیکھو صفحہ ۵۴

بعد مجامعت کرنا ناجائز ہے۔ لیکن قدیم محققوں نے لکھا ہے کہ جب کھانا معدہ میں ہضم ہوگیا ہو مگر بالکل معدہ سے نہ گذرا ہو وہ وقت موزون ہے کیونکہ شکم سیری کی حالت میں جماع کرنے سے گٹھیا و نقرس و درد کمر و داء الفیل و ورم خصیہ وغیرہ اور خلو معدہ میں کرنے سے ضعف بصر و لاغری و خفقان و یرقان و سل کا عارضہ ہوجاتا ہے۔ پس اس اصول پر جو لوگ آٹھ نو بجے کھانا کھاتے ہیں اُن کے لئے گیارہ بارہ بجے کا وقت بہتر اور موزون ہوسکتا ہے۔

امام علی رضا صاحب کا قول جو مطابق حکمت کے ہے وہ یہہ ہے کہ شروع شب میں مجامعت کرنے سے معدہ و عروق کے ابتلا کے سبب فالج و لقوہ و نقرس و وجع مفاصل و درد پشت و قولنج و عرق النساء و قوت بینائی کے ضعف ہونیکا خوف رہتا ہے۔ بدیں وجہ جماع کیواسطے وہ وقت بہتر ہے کہ جب شب آخر ہونے کو ہو۔

مصنف ضیاء الابصار کا قول ہے کہ بعد نصف شب کے جماع کرنا بہتر ہے تاکہ خواب طویل و استراحت سے اُس ضعف و اذیت کا تدارک ہوجائے جو مجامعت سے لاحق ہوتا ہے۔

عیاش لوگ شراب پیکر مجامعت میں مصروف ہونے کو مایۂ عیش سمجھتے ہیں مگر بقول حارث بن کلدہ (جو عرب کا ایک مشہور طبیب ہے) مستی کی حالت میں جماع کرنا منع ہے۔ اور طبیب ممدوح نے یہہ بھی کہا ہے کہ بعد نصف شب کے جب معدہ ہلکا و نفس کو سکون و دل کو رغبت و رحم گرم ہو اوسوقت عورت کیساتھ مجامعت کرنا مناسب ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ حکماء ہند بھی اس مسئلہ سے واقف تھے کہ صرف بعد فراغ حیض مجامعت کرنے سے ہی حمل قرار پاتا ہے۔

جماع کیواسطے کون وقت بہتر ہے

جماع کیلئے جیسے کوئی موسم نہیں مقرر کیا جاسکتا ایسا ہی کسی وقت کا تعین نہیں ہوسکتا مگر بعض وقت جماع کرنے سے کچھ نہ کچھ ضرر ہوتا ہے اس لئے حکما نے چند ہدایت کی ہیں۔ ڈاکٹروں کا قول ہے کہ جسطرف طبیعت یا خیال متوجہ ہو اُدھر خون رجوع کرتا ہے چنانچہ جب غذا معدہ میں پہنچتی ہے تو اُسکے ہضم ہونیکے لئے معدہ کی طرف خون زیادہ جاتا ہے مگر کھانا کھانے کے بعد فوراً جماع کیا جائے تو طبیعت یا خیال جو ہضم کی طرف متوجہ تھا اوسکی توجہ خصیتین کی طرف منی بنانے کے واسطے ہو جاتی ہے اور معدہ کی طرف اسقدر خون نہیں پہنچتا کہ اُس کا فعل معمول کے مطابق ہو بدیں وجہ بدہضمی ہو جاتی ہے پس اس بنا پر جماع کے واسطے وہ وقت بہتر ہے کہ جب کھانا معدہ سے گذر گیا ہو۔

دیسی اطبا کہتے ہیں کہ اگرچہ ہر غذا کے ہضم کا زمانہ مختلف ہونے کے سبب ٹھیک تعین وقت نہیں ہوسکتا تاہم اندازاً کھانا کھانے کے بعد سات ساعت تک جماع نہ کریں مثلاً ظہر کے وقت یعنے دن ڈھلے کھانا کھانے والے کو عشا یعنے چار گھڑی رات گئے تک اس فعل میں مشغول ہونا مناسب نہیں ہے اور بقول بوعلی کامل ہضم کے

تب جماع کرنا بہتر ہے۔

وہی طبیب ہی کہتے ہیں کہ اوقات میں جماع کرنا مضر ہے کہ جب گرمی و سردی و تری و خشکی بدن کی [illegible] قوت [illegible] میں منی بہتر ہوتی وشہوت صادق و کامل ہو جماع کے خیال یا [illegible] دیکھنے یا [illegible] یا بوسہ لینا وغیرہ کرنے سے نہ پیدا ہوئی ہو بلکہ طبعی [illegible] ہوئی ہو جیسا کہ باب اول میں ذکر ہو چکا ہے۔

اور کیفیت اربعہ اعتدال پر نہوں تو جماع کرنا مضر ہوتا ہے [illegible] حرارت یا برودت کے ہو کیونکہ امتلاء بدن کی حالت میں جماع کرنے سے امتلائی امراض ہی پیدا ہوتے ہیں جنسی چنداں ضرر نہیں ہے مگر خشکی کی حالت میں مجامعت کیجائے تو اعضائی خشکی و سلا مع الحرارت ہو تو دق و خلا مع البرودت ہو تو دق شیخوخت ✻ وغیرہ سخت بیماریاں ہو جاتی ہیں۔

علاوہ بے اعتدالی کیفیت بیمار گانہ مذکورہ بالا ہضمی و بھوک و سستی و خمار و رنج و غم و اندیشہ و تکان و بیخوابی کی حالت میں استفراغ قوی و ریاضت کے بعد بھی جماع نہیں کرنا چاہیئے۔ اور جب گرمی یا سردی سے جسم موثر ہو گیا ہو اس حالت میں بھی مجامعت سے پرہیز کرنا مناسب ہے۔

بید لکھتے ہیں کہ اول تو بلا ضرورت منی کے زور کو ظاہر نہ ہونے دیں اور جس

✻ نام مرض ہے میں بڑھاپے سے پہلے بغیر سن کے خشکی کے غلبہ سے دق والے کی سی صورت معلوم ہوتی ہے۔

[illegible] لکھتے ہیں کہ رات کو پہلے پہر کھانے وغیرہ سے فارغ ہوں اور سردی زیادہ [illegible] ہو تو بانہوں میں ورنہ کھلی جگہ میں سونے اور خوبصورت [illegible] کے ساتھ اپنی طاقت کے مطابق مجامعت کریں کچھ مضائقہ [illegible] ہے۔ صبح کو وقت جماع کرنا جان کو تلف کر ڈالتا ہے اور سر شام بھی جماع کرنا بہتر نہیں ہے۔

سردی میں رات کو اور جس وقت جی چاہے اور برسات میں دن کو اور رات کو بادل گرجنے وبرسنے کے وقت مباشرت کرنا خوب ہے۔

چونکہ بڑی غرض جماع کی یہہ ہے کہ اولاد پیدا ہو اور بہ نسبت لڑکی کے لڑکے کو زیادہ پسند کیا جاتا ہے اسلئے منجموں نے مشہور کیا ہے کہ طاق ایام یعنے اتوار و منگل و جمعرات کو اور طاق تاریخوں یعنے پہلی و پانچویں و ساتویں وغیرہ [illegible] علاوہ تیرہویں و تیئیسویں و تیسری تاریخ کے جو نحس ہیں جماع کرنے سے لڑکا پیدا ہوتا ہے ورنہ لڑکی بدنیوب منجم بتاریخ وایام مذکورہ جماع کرنیکی ہدایت کرتے ہیں۔

[illegible] وہ صاحب لکھتے ہیں کہ جب عورت کے بائیں نتھنے اور مرد کے دائیں نتھنے سے سانس کی آمد و رفت ہو اسوقت مجامعت کرنا چاہیئے تاکہ لڑکا پیدا ہو کیونکہ اسکے برخلاف کرنے سے انکے نزدیک لڑکی پیدا ہوتی ہے۔

کس حالت میں جماع کرنا چاہیئے

ڈاکٹروں کا قول ہے کہ جب مرد کو شہوت کامل اور عورت کو رغبت صادق ہو

جسکی رو سے ٹھیک معلوم ہو جائے کہ ایک جماع سے دوسرے جماع تک
اتنا فاصلہ ہونا چاہیئے مگر عموماً صحیح وسالم وقوی ومضبوط آدمیوں کو مہینے
بھر میں ایک بار سے زیادہ جماع کرنا مناسب نہیں ہے اگر ہفتہ میں ایک بار
یہہ فعل کیا جائے تو خواہ کیسا ہی تندرست آدمی ہو ضرور اس کی صحت وزندگی
کو ضرر پہنچ سکتا ہے۔

ڈاکٹر ایلیٹن صاحب نے فرمایا ہے کہ صحتی وذہین آدمی ہفتہ عشرہ میں ایک
بار جماع کر سکتے ہیں اور اس سے زیادہ انکے لئے مضر ہے مگر یہہ اندازہ بھی
بعض کو مضرت پہنچا سکتا ہے اسلئے ٹھیک وقت کا تعین تو نہیں ہو سکتا
مگر ہاں یہہ کہہ سکتے ہیں کہ جب مجامعت کے بعد سستی وتکان وطبیعت خراب
معلوم ہو تو اس جماع کو قدرتی قاعدہ کے خلاف سمجھنا چاہیئے۔

ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب کا قول ہے کہ جسمانی طاقت کا ٹھیک
اندازہ نہیں ہو سکتا ایسا ہی جسمی قوت وخواہش وغیرہ کے اختلاف کے
سبب کوئی مقدار جماع کی نہیں مقرر ہو سکتی کیونکہ نہایت کمزور آدمی تو ایسے ہیں
کہ ہر شب یا ایک شب میں کئی بار بلا ضرر جماع کر سکتے ہیں اور بعض کے لئے
ہفتہ عشرہ تیائی مہینے بعد بھی جماع کرنا مضرت نہیں ہوتا اسلئے بیشک
مثل خواب وخورش طبعی شہوت ہو مجامعت نہ کریں اور جماع کے بعد بجائے
فرحت کمزوری وسستی معلوم ہو تو اس جماع کو مضرت صحت سمجھ کر دوبارہ
اسقدر جلدی مجامعت کرنے سے باز رہیں۔

ایک ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ بچپن میں تو بلا وجہ خاص نعوظ بھی نہیں ہوتا

[illegible] منی زور پر آجائے تو اسکا روکنا مناسب نہیں ہے بلکہ ضرور جماع [illegible] کیونکہ منی کے زور کو روکنے سے سوزاک وجریان وتفکر وکھانے [illegible] منفخہ پیڑو وقعد مفوطوں وقضیب میں درد ورم وبول الدم وسنگ مثانہ وفساد بصارت ہوجاتا ہے وپیشاب معہ منی کے بہت تکلیف سے نکلتا ہے اور جب مرد یا عورت کو شہوت کے زور سے بخار ہوجائے ✝ تو مرد کو خوبصورت نوجوان عورت کے ساتھ مجامعت کرنے اور عورت کو بناؤ سنگار کرکے اپنے خاوند کے ساتھ ہم صحبت ہونیسے بہتر کوئی علاج نہیں ہے۔

غرضکہ حالات مذکورہ میں تو جماع کرنا مناسب ہے مگر خوف وپریشانی و تشنگی وبیماری وصغرسنی وضعیفی وپائخانہ وپیشاب کی حاجت ہونیکی حالت میں جماع کرنا نہیں چاہیئے +

ایک جماع سے دوسرے جماع تک کتنا فاصلہ چاہیئے

ڈاکٹر کلارک صاحب نے لکھا ہے کہ اگرچہ ایسا کوئی قاعدہ نہیں مقرر ہوسکتا

بلکہ اس کا یہہ مطلب ہے کہ جب مساس وغیرہ سے شہوت کامل ہوجائے تو بلا انزال جوش شہوت منطفی ہونے سے نقصان ہوتا ہے۔

✝ شہوت کے زور سے بخار ہونیکی علامات سیدوں نے یہہ لکھی ہیں کہ مردوں کو بے چینی و بے شرمی وخواہش جماع بکثرت اور عورتوں کو تشنگی وحرکت چشم کی زیادتی ودل میں خواہش [illegible] رسیہ میں [illegible] وبے شرمی ہوتی [illegible] مجامعت کرنے کو اسکا علاج ٹھہرایا ہے لیکن بے صلاح طبیب یہہ علاج مناسب نہیں کیونکہ بخار کی حالت میں مجامعت کرنے سے [illegible] کا احتمال ہوتا ہے۔

ہوتی ہیں کو کچھ عرصہ تک خیالات کے ذریعہ سے اشتہا نفسانی پیدا کر کے
جماع میں مصروف ہو سکتے ہیں لیکن انکی روحانی قوتیں بھی زائل ہو جاتی
ہیں۔ اور بعد جماع کے مثل بوڑھوں کے راحت حاصل نہیں ہوتی بلکہ اعضا
میں درد و انواع اقسام کی تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں ۔

[illegible] ایک [illegible] عمر [illegible] بقراط نے ایک سال
میں [illegible] ماہ میں [illegible] فصل خریف
[illegible] ہر فصل میں ایک بار جماع کرنے کی اجازت دی ہے۔ اور بو علی سینا
نے لکھا ہے جب تک قوت باقی رہے جماع سے کچھ نقصان نہیں
ہوتا اور ایک گروہ کا قول ہے کہ مثل دیگر اشیاء کے ایک جماع
سے دوسرے جماع تک ضرور تین چار روز کا فاصلہ ہونا چاہیئے اور کتاب
شفا والا بصار کے لائق مصنف صاحب لکھتے ہیں کہ صحت درست و جسم قوی
و آسودگی ہو اور کوئی مرض نہ ہو تو بیس برس سے تیس برس کی عمر
تک شبانہ روز میں دموی و صفراوی مزاج والے کو ایکبار و بلغمی کو ایک
روز کے بعد اور سوداوی کو چوتھے روز مجامعت کرنا چاہیئے۔

تیس برس کی عمر کے بعد چالیس سال ہونے تک دموی مزاج کا آدمی
روزمرہ جماع نہ کرے تو بہتر ہے اور صفراوی کو تو ضرور ایک روز کا وقفہ
کرنا چاہیئے اور بلغمی کو ایک یا دو دفعہ اور سوداوی کو دو یا ایک ہفتہ میں
ایکبار جماع کرنا مناسب ہے۔

چالیس سے پچاس برس کی عمر تک دموی مزاج والے کو ہفتہ میں ایک

اور آٹھ سے چودہ برس تک گاہ گاہ انحطاط ہوتا ہے مگر جلق کی عادت نہ پڑی ہو تو
لذت کا خیال نہیں آتا۔ شباب میں یعنی بارہ یا پندرہ برس سے لیکر بیس یا
اکیس تک کو اعضا کامل نہیں ہوتے مگر خصیتین میں نطفہ کی پیدائش شروع
ہو جاتی ہے۔ جب لذت شہوانیہ پیدا ہو جاتی ہیں۔ بیس اکیس برس کے بعد تیس
برس تک اعضا کی نشوونما کامل و نطفہ میں بچہ پیدا ہونیکی خاصیت اچھی
طرح حاصل ہو جاتی ہے۔ پس اس عمر میں ہفتہ میں دو تین بار جماع کر سکتے
ہیں لیکن طاقت قایم رکھنے کے لئے کم کرنا بہتر ہے۔ تیس سے پچاس برس
تک تو خواہش نفسانی زیادہ ہوتی ہے مگر ہفتہ میں دو بار سے زیادہ ہم بستر
ہونا نہیں چاہیئے۔ پچاس برس کے بعد سن انحطاط شروع ہوتا ہے اور رفتہ
رفتہ نعوظ کم ہوتا جاتا ہے۔ منی کی خاصیت میں فرق آجاتا ہے۔ اسپرمٹوزوا
یعنی حیوانات منی کی رفتار کم ہو جاتی ہے۔ آخر الامر یعنی ستر برس کے
بعد زبان کے ذایقہ کے سوا تمام حواس میں خلل واقع ہوتا ہے خصیتین
سخت ہو جاتے ہیں۔ قضیب کا حجم حالت اصلی پر نہیں رہتا۔ شہوت
قدرے قلیل صرف خیال سے ہو سکتی ہے لیکن بجز مستثنیات کے اس
عمر میں عموماً محض بیکار ہوتے ہیں۔

اگرچہ دور انحطاط کا شروع ہونا ہمیشہ اسیطرح نہیں ہوتا جیسا کہ بیان
ہوا بلکہ ملک کی آب و ہوا و افلاس و آسودگی و قواعد حفظ صحت کی
پابندی و عدم پابندی وغیرہ کے سبب اسکا زمانہ کچھ مختلف ہوتا ہے
مگر اکثر پچاس یا پچپن برس کے بعد جماع سے پرہیز کرنا چاہیئے کیونکہ اس

دُستی اندام و دقت تنفس پیدا ہو اور انزال دیر میں ہونے لگے اوس وقت بالکل مجامعت سے پرہیز اور کمزوری کا علاج کرنا واجب ہے ورنہ پھر امراض مہلک کے پیدا ہونے میں کوئی شک نہیں رہتا۔

جماع کرنیکا بہتر طریقہ کیا ہے

چونکہ جماع سے بڑی غرض نسل کا قائم رکھنا ہے بدیں وجہ مباشرت کے اُس طریقہ کو سب سے بہتر کہہ سکتے ہیں جس سے حمل قائم ہو جائے اور جانبین کو لذت حاصل ہو اور کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔ کیونکہ یہ تحقیق ہو چکا ہے کہ فرج کے دونوں لبوں کے مابین بھی مرد کی منی پہنچ جائے تو حمل قرار پا سکتا ہے اور حمل قرار پانیکے لئے عورت کو جوش شہوت ہونا بھی ضروری امر نہیں ہے۔ پس عورت پر شہوت غالب کرنے یا اور کسی خیال سے سخت و تند حرکات کرنا فضول ہی نہیں بلکہ اپنے آپ اور عورت کو تکلیف پہنچانا ہے۔

ویسی اطبا لکھتے ہیں کہ اول زن و مرد کو چاہیئے کہ باہم اختلاط و بوس و کنار کریں جب عورت پر شہوت غالب ہو فعل معلومہ میں مشغول ہوں اور مرد ایسی کوشش کرے کہ حشفہ رحم تک پہنچ جائے۔ اور جب منی جنبش میں آئے تب منزل ہو جائے ہرگز منی کو نہ روکے اور بعدہٗ کچھ دیر تک عورت کو اسیطرح لیٹا رہنے دے۔

بہتر طریق جماع کا یہی ہے جو بیان ہوا سوائے اسکے کوئی طریقہ مضرت سے خالی نہیں ہے ✦

[illegible] دو دفعہ [illegible] کو دو ہفتہ میں ایک یا نہایت دو دفعہ بلغمی کو تین ہفتہ میں ایک یا دو دفعہ۔ سوداوی کو چار ہفتہ میں ایک یا دو دفعہ جماع کرنا مناسب ہے۔

پچاس سے ساٹھ برس کی عمر تک دموی مزاج والے کو دو ہفتہ میں صفراوی کو تین ہفتہ میں بلغمی کو پانچ ہفتہ میں۔ سوداوی کو چھ ہفتہ میں ایکبار جماع کرنا چاہئے بلکہ سوداوی کو نہ کرنا بہتر ہے۔

بعد اس عمر کے یعنی ساٹھ برس سے آخر عمر تک جماع بالکل نہیں کرنا چاہئے خواہ کوئی مزاج کیوں نہ ہو۔

[illegible] آدمیوں نے اپنی رائے کے مطابق فرمایا ہے لیکن اکثر مصنفوں کا اس پر اتفاق ہے کہ جس حالت میں بعض آدمی روزمرہ بلا مضرت جماع کر سکتے ہیں اور ان کو ہمیشہ ضعف کے راحت و قوت حاصل ہوتی ہے اور ان کو متواتر بعد بھی جماع کرنا مضرت سے خالی نہیں ہوتا تو پھر اس باب میں کس طرح کوئی ٹھیک قاعدہ مقرر ہو سکتا ہے لیکن سب کا یہ خیال نہیں کہ جب بلا خیال و دیدار و مساس مطلوب و بغیر خارش و کثرت ریاح وغیرہ صرف منی کی زیادتی کے سبب کامل و صادق شہوت ہو تو جماع کرنا چاہئے اور بعد جماع کے فرحت و تازگی حاصل ہو تو جماع کی عادت [illegible] چاہئے اور اگر بعد جماع کے ضعف پیدا ہو تو وہ [illegible] عادت کے خلاف ہے۔ اور جو شخص اس فعل کا حریص ہو اور جماع کے بعد ضعف لاحق ہونے پر بھی باز نہ رہے تو جب طپیدگی غلب

[illegible] حاملہ نہیں ہو سکتیں یا جس کو آتشک ہو
[illegible] اور جسکو سوزاک ہو [illegible] جماع سے گریز
[illegible] مستقل [illegible] منع عمل ہو جانے کے [illegible]
[illegible] مجامعت کرنے [illegible] سوزاک ہو جاتا ہے یا
[illegible] واختلاط میں [illegible] کمیت و [illegible] جماع
[illegible] واقع [illegible] ہونے سے [illegible] کے [illegible]
[illegible] یا جب دوا کے ذریعے [illegible]
[illegible] جماع [illegible] زور کرنے کے سبب
[illegible] ولی یا [illegible] مرغوب طبع

[illegible] عادت [illegible]
[illegible] ہم نے [illegible]
[illegible] شروع ہو جاتا ہے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] مجامعت کا [illegible] کرنا [illegible]
[illegible] ہو جاتا ہے [illegible] بار بار کر [illegible] عورت سے جماع
کرنے میں [illegible] ہونے کے سبب ضعف ہو جاتا ہے۔

قدیم حکماء ہند نے لکھا ہے کہ اول صاف معطر مکان میں بیٹھ کر عورت کے ساتھ محبت کی باتیں اور ہر عضو کا مساس و بوس و کنار کرے [illegible] ایسی وضع سے مجامعت میں مشغول ہو کہ مرد غالب اور جانبین کو لذت [illegible] ہو اور عورت حاملہ ہو جائے۔

ایشیائی لوگوں کا خیال ہے کہ عورتوں کو شہوت بہت [illegible] ہند کے عیاشوں نے بیجا وہم میں مبتلا ہو کر [illegible] مغلوب کرنے کی غرض سے بہت سے طریقے جماع کے [illegible] ہیں مگر حکماء ہند کا منشا مختلف آسنوں کے مقرر کرنے سے یہ [illegible] کہ اگر مرد کے اعضاء مخصوص کی طوالت میں موافقت نہ ہو تو موزوں و مناسب ذریعے سے قضیب بچہ دان تک پہونچے اور محل قرار پائے۔

اہل فقہ نے جو جماع کے آداب بیان کئے ہیں وہ بھی حکمت سے خالی نہیں ہیں وہ لکھتے ہیں کہ بوقت جماع گفتگو کرنا عورت کی [illegible] کو دیکھنا۔ احتلام ہونے کے بعد بلا غسل کئے مجامعت کرنا [illegible] کی حالت میں جماع کرنا۔ بغیر چادر اوڑھے فعل مذکور میں مصروف ہونا ہرگز نہیں چاہیئے۔

کون عورتیں ناقابل جماع ہیں

جن عورتوں کے ساتھ مجامعت کرنے سے اولاد پیدا ہونے کی [illegible] ہو یا مفلس ہو جانے کا احتمال ہو یا عزت و اخلاق کی خرابی متصور ہو [illegible] کہا ہے کہ وہ عورت کسی طرح جماع کے [illegible] نہیں ہے [illegible]

نازک کمر و باریک لب و خنداں رو کے ساتھ مجامعت کرنا طاقت کو دوچند اور خوشی کو دوبالا کرتا ہے۔

بید بھی حائضہ و بیمار و میلی و سات مہینے کی حاملہ و بوڑھیا اور جس کو شہوت نہ ہوتی ہو اور جو آتشک میں مبتلا ہو ایسی عورت سے مقاربت کرنے کو منع کرتے ہیں۔

بعد جماع کے کیا احتیاط کرنا چاہیئے

عام قاعدہ ہے کہ گرمی کی حالت میں یکایک سردی پہنچنے سے بہت سے امراض پیدا ہو جاتے ہیں اور مجامعت کے وقت لذت و حرکت کے سبب نظام عصبی میں جوش و جسم میں گرمی ہوتی ہے خاصکر ایام گرما میں ضرور بدن پسینہ سے تر رہتا ہے بدین وجہ جماع کے بعد سرد اشیاء کا پینا و آب سرد سے غسل کرنا ضرور کئی بیماریوں کے پیدا کرنے کا سبب ہے اسلئے مجامعت کے بعد فوراً سرد پانی میں نہانے و سرد اشیاء کے استعمال کرنے سے محترز رہنا چاہیئے بلکہ بہتر طریق یہہ ہے کہ جماع کے بعد نرم کپڑے سے بہ آہستگی صاف کر ڈالیں پھر پیشاب کریں تاکہ منی کے قطرے نائیزہ میں رہ گئے ہوں تو خارج ہو جاویں۔ بعدہٗ کچھ عرصہ بعد نیم گرم پانی سے مقام مخصوص کی غلاظت وغیرہ کو بخوبی صاف کر کے ہاتھ دھو ڈالیں اور خوب کلی غرارہ کر کے مذہبی ممانعت یا اور کوئی امر مانع نہ ہو تو عند الضرورت اُس کمزوری کے رفع کرنے کو جو مجامعت کے بعد اکثر

رغبت سے پیش نہ آنیوالی عورت سے مباشرت کرنے میں بجائے فرحت کے نفرت پیدا ہونے سے کمزوری ہوتی ہے یا اپنی منکوحہ عورت کے سوا بیگانی عورت کے ساتھ یہہ فعل کرنے سے عزت و اخلاق کی خرابی و مال تلف ہونے کے علاوہ بہت سے امراض پیدا ہو سکتے ہیں کیونکہ بازاری عورتوں سے سوزاک یا آتشک کا ہو جانا ظاہر ہے مگر خانگی عورت جو اپنے شوہر کے سوا دوسرے کے پاس جاتی ہیں ممکن ہے کہ تیسرے کے پاس بھی گئی ہوں اور جن امراض کا اندیشہ کسبیوں کے ساتھ جماع کرنے سے ہوتا ہے وہ بیماریاں اُن سے بھی ہو جائیں اور ایسی ناجائز حرکات کا مرتکب وہی شخص ہوتا ہے جسکے خیالات خراب ہوں اور فحش خیالات سے کثرت احتلام و جریان منی و ضعف انتشار۔ اور عاشقانہ توہمات ہونے سے مالیخولیا وغیرہ امراض میں مبتلا ہونا اس فعل کا ایک ضروری نتیجہ ہے پس جتنی قسم کی عورتوں کا ذکر ہوا اُنسے مجامعت کرنا کسی حالت میں مضرت سے خالی نہیں ہے اسلئے ہر شخص کو ہمیشہ اُن سب قسم کی عورتوں سے محترز رہنا واجب ہے اور اسی پر تمام حکماء متقدمین و متاخرین کا اتفاق ہے۔

دیسی اطبا نے علاوہ عورات مذکورہ کے اُس عورت سے بھی مجامعت کرنا ناجائز لکھا ہے جسکو جماع کرائے بہت عرصہ گذر گیا ہو۔

حارث بن کلدہ مشہور طبیب عرب کا قول ہے کہ بوڑھیا عورت کے ساتھ جماع کرنے سے چہرہ کی رونق جاتی ہے سخت بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اور جوان و تندرست و کشادہ پیشانی و بلند بینی و روشن چہرہ و بلند قدو

سری ملا کر پیا اور گوشت وغیرہ کھانا اور گرمی ہو تو خس کا پنکھا کرانا اور سو جانا بہتر ہے۔

کثرت جماع سے کیا نقصان ہوتا ہے

[illegible] خرابی۔ آواز میں کمزوری۔ [illegible] خوف ناتوانی۔ [illegible]
حرکات میں سستی وغیرہ +

اس کا علاج یہی ہے کہ روز [illegible] پانی یا مطابق موسم کے ٹھنڈے یا نیم گرم
پانی سے غسل کریں۔ گرمی ہو تو ٹھنڈا۔ سردی کا اور [illegible] ہو تو [illegible]
کا صاف و پاک لباس پہنیں۔ ہوادار صاف مکان میں رہیں۔ ہوا خوری

فرق آجاتا ہے۔ مگر جیسا بعض دیسی اطبا ضعف قلب کو علیحدہ مرض سمجھتے ہیں اس طرح کسی ڈاکٹری کتاب میں مینے نہیں پڑھا۔ ہاں مصنف ذخیرہ خوارزم شاہی نے خفقان وضعف قلب کی ایک سرخی دے کر خفقان کی علامات و علاج کو بیان کیا ہے۔ اس سے ہم خیال کر سکتے ہیں کہ اطبا دیسی کے نزدیک جس کا نام دل کی کمزوری ہے اوسکا نام ڈاکٹری میں شاید پالپیٹیشن آف دی ہارٹ یعنی طپید گئی قلب یا اریگولر ایکشن آف دی ہارٹ یعنی عدم انتظام حرکت قلب ہے۔ کیونکہ یہ امراض علاوہ دیگر اسباب کے زیادہ تر کمی خون و کمزوری سے پیدا ہوتے ہیں بہر حال جب دل کی حرکت غیر منتظم اور خفقان یعنی طپید گئی قلب ہو اور مریض کے مزاج میں خون کی زیادتی پائی جائے تو ہلکی و کم غذا کھلانا اور نمکین مسہل دینا چاہیئے اور خون کی کمی ہو تو مرکبات فولاد کا دینا مناسب ہے صاف و سفید و صندلی کپڑے پہننا۔ ہوا دار و شور و غل سے محفوظ مکان میں رکھنا۔ باغ کی سیر کرانا۔ دل خوش کرنا۔ غم و رنج و فکر و غصہ پاس نہ آنے دینا۔ شراب و گرم مصالحوں و چاء و قہوہ وغیرہ سے پرہیز کرانا ہر صورت میں بہتر ہے۔ چونکہ اکثر امراض قلب سخت ہوتے ہیں اسلئے ان کا علاج حکیم حاذق سے کرانا اولی و انسب ہے +

نسخہ ۱۰۰ سے ۱۵۰ تک مقوی قلب ہیں جو ڈاکٹر وقت مناسب پر دیتے ہیں

ضعف معدہ ایک قسم بدہضمی کی ہے جسکو اٹانک ڈسپیپسیا کہتے ہیں اس مرض میں معدہ کی عضلاتی طاقت کم ہو جاتی ہے اور جس عرق سے ہاضمہ میں مدد ملتی ہے وہ کم رستا ہے۔ معدہ کی گلٹیوں کی ساخت میں کمی ہو جاتی ہے۔ اس کا مفصل حال

اس حالت میں اصل مرض کا علاج کرنا [illegible] چنانچہ [illegible] ہو تو
قرص عدد ۹۳ کے دینے سے فائدہ ہوتا ہے +
جب بسبب ضعف دماغ قوت نفسانیہ [illegible] تناسل [illegible] سے
منقطع ہو کر حرکت [illegible] بھی [illegible] ہوتا اور
حواس مکدر رہتے ہیں۔ جماع کی خواہش کم ہوتی ہے۔ جماع میں مزا
نہیں آتا۔ اگر برودت سے ضعف دماغ ہو تو ٹھنڈی چیزوں [illegible] سے
نقصان و گرمی سے فائدہ ہوتا ہے [illegible] گرمی سے ہو تو اسکے برعکس۔
[illegible] رطوبت سے ہو تو تطریب سے نقصان و مجففات + سے فائدہ
ہوتا ہے اور یبوست سے ہو تو اسکے برخلاف +
مزاج کی اصلاح کریں یعنی دماغ میں فضلے ہوں تو ایارج فیقرا [illegible] دیگر منقیات [illegible]
بعدہ مزاج دماغ کا گرم ہو تو کافور و صندل و بنفشہ [illegible] موافق ہوگا۔ دماغ کا مزاج سرد ہو تو مشک و عود و عنبر سے فائدہ ہوگا۔
غرضکہ مقوی معجون دیں اور مقوی دماغ چیزیں سنگھائیں و لگائیں +
گردہ بگڑ کر خادم ہے اسمیں ضعف ہو یا صدمہ پہنچے تو ضرور شہوت طبعی
میں فتور ہو جاتا ہے پس ایسا ہو تو اصل سبب کو دور کرنا چاہیے +
اعصاب قضیب کے ضعیف ہوں تو قضیب کی حس و حرکت میں کمی ہوتی ہے اور
وہ روز بروز لاغر ہوتا جاتا ہے اور بلا تندی منی باہر نکل آتی ہے۔ پس اسحالت
کو مدید مدت گذر جائے اور آلہ تناسل بہت لاغر ہو جائے تو علاج سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا

+ جو دوا رطوبت کو فنا کرے اسے طبی میں مجفف کہتے ہیں ۱۲

منا ... اور ... سے غافل نہ رہیں۔ قواعد حفظ صحت کا خیال رکھیں۔ ... ہر روز
روغن بادام لگائیں۔ دوا ... فیلوز سیپ † یا نسخہ ۲۲ یا ۲۶ کا استعمال کریں۔
۱۔ دیسی طبیب کہتے ہیں کہ دل و دماغ و جگر و قضیب و اوعیہ منی چاروں عضو نہیں
صحیح و سالم و قوی ہوں۔ تب فعل مجامعت کامل ہوتا ہے اور جو ان میں
سے ایک میں بھی نقص یا ضعف ہوگا تو فعل مذکور ناقص و ضعیف ہوگا۔
چنانچہ انکے قول کے بموجب ہر ایک عضو مسطور کی علامات اور اسکا علاج یوں ہے
زیادتی ریاح و گرسنگی و مرض مزمن وغیرہ کے سبب دل ضعیف ہونے سے روح و
حرارت غریزی تحلیل ہوکر باہ میں ضعف پیدا ہوتا ہے تو نبض نرم و کمزور چلتی ہے۔
جماع کی خواہش اور اس سے خوشی و لذت کم ہوتی ہے بعد جماع کے
مشی کی سی حالت ہو جاتی ہے۔ اور حرارت بھی ہو تو پیاس و خفقان
ہونا بھی ضرور ہے اور آخر کو شرم و خوف کے سبب ضعیف القلب آدمی
مجامعت کرنے سے باز رہتا ہے۔ اس حالت میں ادویہ مقوی قلب مثلاً لعبہ
صندل و سیب و آملہ کا مربہ ورق طلا لگا کر و دواء المسک ۵۲ و عرق گاؤزبان
وغیرہ و ماء اللحم ۱۱۴ اور معجون ۱۴۴ و مشرود لیطوس ۱۲۶ دینا راگ رنگ میں مشغول و
ملول و غم سے دور رکھنا اور مفرح چیزیں کھلانا۔ غلیظ غذا سے پرہیز کرانا۔ جس
سبب قلب کے تعدیل و تقویت میں کوشش کرنا چاہیئے۔
جگر یا اسکا خادم معدہ ضعیف ہونیکے سبب خون صالح کم پیدا ہونیسے منی کم بنے
اور باہ میں ضعف پیدا ہو تو طعام و جماع کی خواہش کم و قوت ہضم ضعیف ہو جاتی ہے

† نہانا یا سیال مرکب ہے جو انگریزی دوا فروشوں کی دوکان پر ملتا ہے ۱۲

بعض اشیا کا استعمال

۱۔ بعض چیزیں ایسی ہیں جنکا مدت تک استعمال کرنے سے آدمی نامرد ہو جاتا ہے مثلاً مرکبات آیوڈین یا برومائیڈ آف پٹاسیم جو گلٹیوں کی تحلیل کرنیوالی دوائیں ہیں ان کو عرصہ کثیر تک دیا جائے تو نامرد ہونا کیا خصیوں تک کا جذب ہو جانا ممکن ہے +

ڈجی ٹیلس۔ برومائیڈ آف پٹاسیم سے بھی بڑھ کر قاتل باہ ہے اسکو بہت روز کھانے سے خواہش جماع و طاقت ایستادگی ذکر میں ضرور فرق آجاتا ہے بعض مسکن چیزیں جیسے افیون یا چرس یا بھنگ یا تمباکو یا گانجہ وغیرہ کے استعمال کی عادت ہو تو دوران خون سست اور طبیعت دوسری طرف مائل ہونیسے ایک تو منی کم پیدا ہوتی ہے دوسرے ظروف منی کی بلغمی جھلی کے تنگ ہو جانے سے منی کا دفعہ جو موجب انتشار ہے کا حقہ محسوس نہیں ہوتا پس ان وجوہات سے خواہش جماع نہیں ہوتی جسم لاغر اور چہرہ زرد بیرونق ہو جاتا ہے کاروبار سستی کے ساتھ کرتا ہے۔ رفتہ رفتہ آدمی صرف جماع ہی نہیں بلکہ کسی کام کا بھی نہیں رہتا +

یا ایکبار ہی زیادہ مقدار میں کوئی مسکن دوا کھانے کا اتفاق ہو تو جب تک اوس کا نشہ رہے انتشار نہیں ہو سکتا چنانچہ ایک صحیح سالم شخص نے امساک کیواسطے ایسی دوا کھائی جس میں افیون تھی مگر بسبب زیادتی مقدار افیون کے اُسکو بالکل شہوت جماع نہ ہوئی +

غرضکہ مسکن دواؤں کے سبب تو باہ کا ضعیف ہونا کچھ تعجب کی بات نہیں

مگر بلا فالج قضیب سست ہو تو پہلے شحم حنظل دیکر تنقیہ کریں پھر گرم روغن عہ کی مالش کریں

صدمات مغز و حرام مغز

کمر یا گردن پر پیچھے کی جانب چوٹ یا زخم شدید لگنے و چوتڑ کے بل گرنے و دماغ کے آخیر حصہ پر صدمہ پہنچنے وغیرہ کے سبب باہ میں فتور آجاتا ہے تو خاص مقام ضرب رسیدہ پر بھی مرض کی علامات نمایاں ہوتی ہیں اور چھوٹے دماغ پر صدمہ پہنچنے سے جو نامردی ہوتی ہے اسمیں ذکر و خصیئے بھی لاغر ہو جاتے ہیں۔

علاج ۔ مقامات مذکورہ میں جب تک چوٹ یا زخم تازہ ہوتا ہے باہ کے فتور کا کچھ خیال نہیں کیا جاتا مگر بعد صحت یابی اصل مرض کے باہ کے ضعف یا باطل ہونے کی علامت باقی رہجاتی ہے تو ضرور مریض کو تردد ہوتا ہے پس اس حالت میں بہت دنوں تک اُس جگہہ جہاں ضرب لگی ہو یا قضیب پر مقوی و گرم دوائیں مثلاً مرہم ۱۲۰ ملنے اور کچلہ و فاسفورس کے مرکبات ۹۹ یا ۷۰ یا ۷۱ یا ۲۲ کھلانے سے اکثر فائدہ ہو جاتا ہے +

بقول ڈاکٹر بیجٹ صاحب گاہے گاہے بلا سبب بھی جوان آدمی نامرد ہو جاتے ہیں لیکن اکثر دماغی یا عصبی خرابی کے سبب قضیب میں ایستادگی یا منی کا اخراج یا دونوں باتیں نہیں ہوتیں اس حالت میں نظام عصبی کا علاج کرنے سے بعض کو آرام ہو جاتا ہے اور بعض کو کچھ نہیں ہوتا اور جنکو کبھی کبھی احتلام و شہوت ہو جاتی ہو اور اعضاء تناسل ضائع نہوئے ہوں تو یہہ کیفیت دماغی و عصبی وجہ سے ہی سمجھی جاتی ہے اور اسمیں صرف تسلی کرنے اور یہہ کہنے سے آرام ہو جاتا ہے کہ تمہارا مرض کوئی سخت نہیں ہے بلکہ عصبی وجہ سے ہے +

اس میں کپڑا لت کرنے مقدمہ میں رکھیں +

وہم و خیال

[illegible] طبیب [illegible] کے [illegible] ہے کہ خاص و عام [illegible] کرتے ہیں [illegible] علاج [illegible] کے محسوب [illegible] کی نیت دیکھیں تو [illegible] اضعف یا کچھ کم [illegible] صرف وہم سے اپنے کو نامرد جانتے ہیں کیونکہ حقیقت میں تو وہ نامرد ہوتے ہیں جو خواہش جماع و قوت تولید بالکل عارض ہو [illegible] وہم سے اپنے کو نامرد بنا لیتے ہیں اور یہ کمبخت وہم ایسا [illegible] کہ [illegible] نیت دیکھا نہ یا اعضا کے دورا [illegible] خوف [illegible] کر دینا [illegible] عام ہے چنانچہ اپنے قول کے ثبوت میں ہم کئی مثال [illegible] کرتے ہیں +

[illegible] زمین سے آسمان تک لمبے اور [illegible] والے اور بے سر کے [illegible] میں ناچتے اور بجا بجاتے دیکھے ہیں مگر جو جھوٹ کو بالکل نہیں مانتے ان لوگوں نے بھی جھوٹ کے پیل یا جنوں کے [illegible] بات کو تنہا گذرتے ہوئے ایسا تو ضرور معلوم کیا ہوگا [illegible] یہ سب وہم کا [illegible] کرشمہ ہے جو محض [illegible] کا [illegible] کر دکھا دیتا ہے +

جن صاحبوں نے تصوف کے کتب کا کوئی سبق پڑھا ہے یا ہمہ اوست

لیکن بعض محرک یا اور خواص کی دوائیں بھی ایسی ہیں جن کے استعمال کثیر سے
باہ میں فرق آجاتا ہے جیسے شراب و کافور و قہوہ و شورہ وغیرہ اور اس
کا سبب بھی ہمکو معلوم نہیں کہ کیا ہے +

علاج - اس کا علاج یہی ہے کہ مرکبات آیوڈین و برومین و ڈجی ٹیلس وغیرہ
کا عند الضرورت دینا منظور ہو تو زیادہ عرصہ تک اسکو نہ کھلائیں افیون یا
بھنگ یا چرس یا گانجہ یا شراب یا قہوہ کی عادت ہو تو اسکو چھوڑ دادیں اور
عادت کا چھوٹنا محال ہو تو افیون چھوڑانے کے لئے نسخہ ۱۴۹ و شراب چھوڑانے
کے لئے نسخہ ۱۵۰ کا دینا بہتر ہے +

کافور و شورہ وغیرہ کا کسی مرض میں دینا ہو تو ضرورت سے زیادہ ندیں
علاوہ بریں مقوی اغذیہ مثلاً شوربہ و بیضہ مرغ و دودھ وغیرہ کھلائیں
اور مقوی و مفرح ادویہ کا استعمال کریں +

۳- دیسی طبیب کہتے ہیں کہ افیون یا بھنگ یا پوست یا اور کسی مخدر دوا کا
عادتاً استعمال کرنے سے منی کے سکون اور اس کا دغدغہ مفقود ہونیکے
سبب کامل تندی نہیں ہوتی اور حرکت سخت کے بعد انزال ہوتا ہے
اور گو کہ منی بمقدار کثیر نکلتی ہے لیکن غلیظ و افسردہ ہوتی ہے اس حالت
کا علاج یہی ہے کہ گرم کرنے والی و منی کو حرکت دینے والی و دغدغہ و تیزی
پیدا کرنے والی دوائیں مثلاً زرعونی ۵۹ و معجون بوب ۱۳۸ و معجون بزور ۱۳۹
کھلائیں اور گوکھرو و سونٹھ کے جوشاندہ میں تازہ دودھ و روغن چار مغز ملاکر
حقنہ کریں و مغز پنبہ دانہ و عقرقرحا و گندہ بروزہ و چربی شیر و روغن تارجیل ملاکر

عورت بیٹھی ہوئی اپنے لڑکے کا تماشا دیکھ رہی تھی جو اوسکے روبرو کھیلتا تھا۔ یکایک دریچہ سے کوئی بھاری چیز گرنے کے صدمہ کے سبب بچہ کی تین انگلیاں کٹکر جدا ہوگئیں اور عورت ایسی خوف زدہ و بدحواس ہوئی کہ اپنے پیارے بچہ کی کچھ مدد نہ کرسکی جب بچہ کے دیگر اقارب کی دوڑ دھوپ کرنے سے براتے آکر بچہ کا مرہم پٹی کرچکا اور اسکی نظر بچہ کی ماں پر پڑی تو دیکھا کہ وہ بھی ہاتھ کے درد کی شکایت کررہی ہے اور جو انگلیاں بچہ کی کٹ گئی تھیں انہیں کے مقابل کی تین انگلیاں اس عورت کی سوج گئی ہیں چنانچہ چوبیس گھنٹہ کے اندر انمیں پیپ پڑگئی اور علاج کرنے سے آرام ہوا پس عورت کی صحیح سالم انگلیوں میں پیپ پڑنے کا سبب کیا ہے سوا یہ وہم کی ہی تیز توجہ کے باعث دوران خون میں خرابی پڑنے کا نتیجہ ہے +

الغرض بیانات مذکورہ کے پڑھنے سے وہم کے اثر کی وسعت کا حال بخوبی ثابت ہوتا ہے جو باوجود صحیح سالم ہونے کے اپنے کو نامرد جان لینا کچھ بڑی بات نہیں ہے بس اسی سبب سے جب آدمی کو اپنے نامرد ہونے کا وہم ہوجاتا ہے تو شروع میں کچھ مرض نہیں ہوتا مگر رفتہ رفتہ اعضاء تناسل کے دوران خون میں خرابی ہوکر کچھ تو باہ میں فتور آجاتا ہے اور کچھ امتحان کرنے سے یا بلا امتحان خود بخود وہم پڑجاتا ہے۔ مریض مغموم و اداس رہتا ہے۔ زندگی وبال جان معلوم ہوتی ہے۔ کوئی کام کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ اگر مریض ناخواندہ ہے تو جہاں نامردوں کے علاج یا کسی مقوی باہ دوا کا ذکر ہوتا ہے اسکو خوب غور سے سنتا ہے اور مریض خواندہ ہے تو طبابت کے اخبار یا علاج الغربا و طب احسانی

سلسلہ کی تحقیقات میں کچھ توجہ کی ہے اُنھوں نے یہہ نقل تو ضرور سُنی ہوگی
ایک شیخ وقت اپنے مرید کو فنافی الشیخ کی تعلیم کرتے تھے لیکن اُس کا
تصور قایم نہیں ہوتا تھا جب شیخ نے یہہ حال دیکھا تو دریافت کیا تجھے کس
چیز سے محبت ہے؟ اُسنے ایک بھینس کے ساتھ اُلفت ہونا بیان کیا تو مرشد
نے تعلیم کیا تو بھینس کا تصور کیا کر چنانچہ وہ ویسا ہی کرنے لگا کچھ روز بعد
مرشد کی خدمت میں حاضر ہوا تو پیر صاحب جس مکان میں تشریف رکھتے
تھے اُسکے اندر آنے کی اُسے اجازت دی تو وہ عرض کرنے لگا کہ میرے
سینگ اس دروازہ میں اٹکیں گے۔ پس اُس مرید کا اپنے کو بھینس سمجھنا اور
وجود انسانی کو نابود جاننا کیا ہے؟ یہہ وہم و خیال کی ہی کرامات ہے[1]
جن طبیبوں نے مالیخولیا کے مریضوں کی حالت پر غور کیا ہے اُنہوں نے اکثر دیکھا ہوگا کہ
جس عضو کیطرف اُنکی تیز توجہ ہوجاتی ہے اُس عضو کے تغذیہ و دوران خون و طبعی قوتوں
میں ضرور فرق پڑجاتا ہے اور ایک نقل جو ڈاکٹر کارولر صاحب نے لکھی ہے اُس سے بھی
اس امر کا ثبوت ملتا ہے چنانچہ صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ ایک باگولہ[2] والی

[1] نیوفیتن کے آدمی اس نقل کو شاید غلط سمجھیں مگر نہیں یہہ سچی ہوسکتی ہے اگر وقت ملا تو ایک کتاب لکھکر
عقلی دلایل سے ان باتوں کو ثابت کرنیکا میرا ارادہ ہے۔ اور اولڈ فیتن کے آدمی شاید یہہ فرمائیں کہ یہہ
بندگان دین کو وہمی بناتا ہے۔ نہیں نہیں۔ توبہ معاذ اللہ میرا ایسا عقیدہ نہیں ہے بلکہ خدا نے چاہا
تو کرامات کے ثبوت میں ایک کتاب لکھنے کا عزم رکھتا ہوں۔

[2] ڈاکٹری میں جو مرض ہسٹیریا کے نام سے نامزد ہے کسی نے اُس کا ترجمہ باگولہ کیا ہے کسی نے
اختناق الرحم۔ خیر کچھ بھی ہو حقیقت میں ایک عصبی مرض ہے جسمیں مریضہ کے خیالات بیجا کچھ بگڑے رہتے ہیں۔

اوّل۔ بہت آدمی ایسے ہیں کہ جو ہر شب بلکہ ایک شب میں کئی بار صحبت کرنے کی طاقت جب اپنے میں نہیں پاتے تو نسخہ باہ کے متلاشی اور حکیموں سے علاج کے خواہاں رہتے ہیں اور جب مقصد حاصل نہیں ہوتا جیسا کہ بعض نسخوں کے خواص میں لکھا دیکھا ہے کہ "دو یک شب صحبت عورت نخواہد کرد" پھر حکیم صاحب کی ہدایت یا نسخہ بتانے میں روپیہ صرف ہونے کا افسوس کرتے پھرتے ہیں +

علاج۔ ایسے لوگوں کا علاج یہی ہے کہ کتاب ہذا کے صفحہ اوّل کو پڑھ کر سمجھ لیں کہ جماعت کا فعل حفظ نفس کے لئے نہیں بلکہ بقاء نسل کے لئے ہے +

مگر یہ بات ضرور ہے کہ جنگل بیابان میں تنہا رہنے والے شخص کے نفس کی خواہش روکنے کو صرف اتنا کہہ دینا کافی ہوتا ہے کہ [illegible] چاہئے کہ [illegible] کریں [illegible] کے اقوال [illegible] کو نہیں [illegible]

دوم۔ اکثر بعض نامرد بھی دیکھے گئے ہیں کہ جنہوں نے [illegible] یا طبق یا جائز کی [illegible] ان کو احتلام اکثر ہوتا ہے یا [illegible] تو وہ لوگ اپنے کو مرد محض جانتے ہیں اور جب احتلام [illegible] کریں یا جائز یا ناجائز [illegible] اتفاق ہو اور اسوقت کچھ نہ ہو سکے تو پھر بیکار ہونے میں کچھ شک ہی نہیں سمجھتے۔ اگرچہ یہ نامردی منی کی کمی یا عنوتناسل کی سستی کے سبب بھی ہوتی ہے لیکن طبق سے نامرد ہو جانا جو مشہور ہے وہ وہم زیادہ ترس کا باعث ہو جاتا ہے چنانچہ اسی وجہ سے ڈاکٹر بیچٹ صاحب کی رائے ہے کہ خصی کو بہت ڈرانا نہیں چاہئے +

یا اور ایسی ہی کتابوں کو جس غرض سے دیکھتا ہے کہ کوئی نسخہ اُس کے مطلب کا
نکل آئے مگر افلاس یا وقت یا افشاء راز کے سبب اکثر کچھ دوا نہیں کر سکتا۔
کسی سے اپنا حال نہیں کہتا۔ اور رفتہ رفتہ مالیخولیا میں مبتلا ہو کر اپنی جان کے
ضائع کرنے کا ارادہ کرتا ہے یا خودکشی کر لیتا ہے۔ راز فاش نہونیکے خیال سے
حکیم سے تو نہیں کسی جاہل سے علاج کا خواہاں ہوتا ہے جو بعض دفعہ ایسی تیز دواؤں
کی پٹی چڑھا دیتے ہیں جس سے قضیب سڑ کر گر پڑتا ہے۔ بعض وہمی بڑی ہمت
کر کے طبیب سے معالجہ کراتے ہیں اور شفا پاتے ہیں۔ قصہ مختصر ذرا سے وہم کے
سبب میل کا میل بنا کر ہزاروں طرح کی خرابیاں اُٹھانی پڑتی ہیں۔ عام علاج تو ایسے
وہمیوں کا یہی ہے کہ جس طرح ہو سکے وہم کو اُنکے دل سے دور کریں۔ اور اکثر حالتوں
میں عورت کو سمجھا دیں کہ خواہ کامل طور پر مرد مجامعت نہ کر سکے تب بھی اُسکی قوت
ولذت دہی کی تعریف کرے مگر اتنا مبالغہ نہو کہ مرد اُسکو ہجو ملیح سمجھے۔ غرضکہ جسطرح
ہو سکے ایک دو بار جماع پر قادر نہونے کے سبب کوئی حرکت ایسی نہ کرے کہ
جس سے مرد کی شرمندگی بڑھ جائے بلکہ عورت دانائی کے ساتھ اُس کو اسطرح
ٹالدے کہ گویا اُسنے مرد کے اتنا نہونے کو سمجھا ہی نہیں ہے۔ علاوہ بریں
حفظان صحت کے قواعد جنکا بیان ہدایت الموحم میں کسیقدر مفصل لکھا گیا ہے
اون کی پابندی کریں۔ طاقتور غذا و مقوی اعصاب دوا کھلائیں کیونکہ اکثر
کمزور و عصبی مزاج کے آدمی ہی ایسے وہموں میں مبتلا ہوتے ہیں +

پس مختصر علاج تو یہی ہے اور مفصل کیفیت یعنے جس جس قسم کے وہم سے وہمی اپنے
کو نامرد بنا لیتے ہیں اُن کا حال اور علاج ذیل میں ہم لکھتے ہیں +

بیجا وہم سما جاتا ہے اور ہر ایک عورت کو سنکھنی یا ڈکنی سمجھکر اُس سے خوف کرنے لگتے ہیں۔ اور اگر ابتدائی تعلیم خراب ہونیکے سبب جھوٹی حکایتوں کے سننے یا لغو کتابوں کے پڑھنے سے وہ خوف زدہ ہوں تو اُن کو کتاب ہذا کے حصہ اول کو خوب غور سے پڑھ کر ذہن نشین کرنا چاہیئے کہ سوا حالت مرض کسی عورت کو مرد سے زیادہ شہوت نہیں ہوتی اور نہ اُن کو بلا اشتعال کے اُبھرتی ہے۔ اور صرف عورت کی تنومندی باعث خوف کا ہو تو سمجھ لیں کہ مجامعت میں زور آزمانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہہ فعل صرف بقاء نسل کیواسطے ہے۔ چنانچہ بہت آہستگی کے ساتھ صرف دہانہ فرج میں بھی مرد منزل ہو جائے تو حمل کا قرار پانا ممکن ہے۔

چہارم۔ مرد مفلس و غریب یا رذیل قوم کا اور عورت امیرزادی یا شریف خاندان کی ہو تو بعض دفعہ عورت کی امارت یا شرافت کا رعب نامردی کا سبب ہو جاتا ہے۔

علاج۔ ناجائز جماع تو شرعاً و عرفاً ممنوع ہے اور نکاح اپنے ہمسر کے ساتھ کرنا مناسب ہے مگر اتفاقیہ بے میل ہی نکاح ہو جائے تو وہم کو یوں دُور کر سکتے ہیں کہ امیر ہو یا شریف منکوحہ ہمیشہ محکوم اور شوہر ہر حالت میں حاکم ہوتا ہے پھر حاکم کو محکوم کا خوف کرنا فضول ہے +

پنجم۔ جو عورت مرد کو حقیر یا غریب سمجھ کر یا کسی دوسری جگہہ تعلق خاطر یا جلق کی عادت یا جماع سے تکلیف یا صعوبت حمل و دردزہ کا خوف یا بوجہہ بیماری کے ضعف وغیرہ ہونے کے سبب مرد سے بہ رغبت پیش نہ آئے تو مرد کا دل افسردہ و غمگین ہو کر اوسکی شہوت جماع برسر موقع فرو ہو جاتی ہے۔ یا شروع سے ہوتی ہی نہیں کیونکہ یہہ بات تجربہ کاروں پر خوب روشن ہے کہ جب عورت مرد

علاج - مجامعت کے وقت شہوت کامل یا بالکل نہوئی ہو تو سمجھا دیں کہ بارہا ایسا اتفاق ہو جاتا ہے اور در حقیقت یہ جھوٹی تشفی نہیں ہے بلکہ گاہے گاہے کسی موقع پر ایسا ہو جانا ممکن ہے۔ اور باوجود گاہ گاہ مباشرت کرنے کے بھی نامردی کا وہم سمایا ہوا ہو تو کہدیں کہ مباشرت کی زیادہ خواہش ہونا چڑیا جیسے پرندو کبوتروں جیسے چرند کا کام ہے انسان کو شہوت زیادہ ہو تو وہ مرض ہے۔ اور منی کی کمی و قضیب کی سستی کی علامات ظاہر ہوں تو اُس کا علاج کریں جیسا کہ آگے بیان ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ +

بقول ڈاکٹر گراس صاحب مجلوق کو آرام ہو جانے کا یقین دلانا اور نسخہ ۱۵ کا دینا اُسکے تندرست ہونیکے لیئے کافی ہوتا ہے +

سوم - اگر عورت بہ نسبت مرد کے قوی ہو تو بعض آدمی کو شہوت جماع اُسکے دبدبہ سے جاتی رہتی ہے۔ اور کبھی تو یہہ وہم صرف اُسکی تنومندی دیکھہ کر پیدا ہوتا ہے مگر اکثر نوعمر جنکو مجامعت کا اتفاق نہوا ہو لذت النساء وغیرہ کتابیں پڑھکر یا اسی قسم کی حکایتیں سُنکر سمجھہ لیتے ہیں کہ چھوٹی ناک و گول آنکھہ و فراخ دہن و کوتاہ قد عورت سنکھنی۔ بدخو سُرخ چشم کوتہ گردن طویل القامت ڈنکنی وغیرہ ہوتی ہیں اور اُن کو مرد سے سیری نہیں ہوتی۔ تو جب ایسی عورت کے ساتھہ جو صفات مذکورہ سے موصوف ہو اُن کو مجامعت کا اتفاق ہوتا ہے تو اپنے کو کمزور اور عورت کو قوی سمجھہ کر بالکل قادر نہیں ہو سکتے +

علاج - حفظ ماتقدم علاج تو یہہ ہے کہ نوعمر لوگ ہرگز اس قسم کی لغو کتابیں نہ دیکھیں کیونکہ اُنسے اخلاق ہی خراب نہیں ہوتے بلکہ دروغ بیانوں سے جوانوں کے دلمیں

[illegible]

ہفتم بعض [illegible]

[illegible]

ہشتم بعض [illegible] مجامعت کیوقت افشاء راز کا [illegible] کا خوف [illegible] پیدا ہونے سے باہ میں فرق آجاتا ہے۔ اور یہ حالت یا تو غیر عورت کے ساتھ

کے ساتھ [illegible] ظاہر کرتا ہے [illegible] کو اتنا زیادہ [illegible] جماع کے
وقت [illegible] کی قوت [illegible] لذت [illegible] کی [illegible] ایجاد کی تو [illegible] تو [illegible]
وفرحت وقوت اور بھی بڑھ جاتی ہے اور [illegible] اسکے برخلاف عورت [illegible]
وغیرہ کو [illegible] یا جماع سے نفرت ظاہر رہے تو [illegible] شہرت وآرام وشہرت
جماع زائل ہو جاتی ہے اور [illegible] عورت مذکور کے
ساتھ جماع دینے کو [illegible] ہیں [illegible]

علاج۔ اگر عورت کا [illegible] تعلق ہو [illegible] اسکا [illegible]
دیدیں [illegible] یا بدصورتی کے [illegible] ہو تو [illegible]
کلامی سے اپنی طرف مائل کریں [illegible] عورت کو جلق کی [illegible]
باز رکھیں۔ اور [illegible] تدبیر کارگر نہ ہو [illegible]
ہی خوب نبھتا ہے کہ [illegible]
مجامعت میں [illegible] ہونا کیا اور بہت سی باتوں میں [illegible]
وبال جان ہو جاتی ہے۔

عورت کے [illegible] ہونا رغبت سے [illegible] ہو تو
اسکا علاج کرائیں [illegible] ہو [illegible] عورت [illegible]
دردزہ کا خیال [illegible] اسکو [illegible]
لذت نہ آتی ہو تو مقوی ادویہ واغذیہ کا استعمال کریں۔

ششم۔ مجامعت کرنے کی جگہ [illegible] خوف یا [illegible] ہو [illegible]
پر قادر نہ ہو سکے لیکن ایسی حالت زیادہ تر نابالغ عورتوں کی [illegible] ہو سکتی ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کرنے [illegible] ہے باعث [illegible] میں [illegible] سے بھی
جماع کرنے کی ممانعت ہے جیسے ہندوؤں میں ہر مہینے کی پورنماشی اور ماوس اور
اکادشی وغیرہ کے اندر [illegible] مگر مسلمانوں نے مکر شیعوں میں
عشرہ محرم کے اندر جماعت کرنا بند [illegible] ہے +

علاج [illegible] کرنے کے وقت شہوت زائل ہو جائے تو اللہ کا
شکر [illegible] کبھی بسے کام کے نزدیک نہ جائیں۔ اور
[illegible] ایسا اتفاق ہو تو بعد گذرنے ایام مذکورہ کے ضرور وہ وہم
[illegible] باقی نہ رہیگا +

نہم [illegible] کریہہ منظر ہو تو دل میں نفرت پیدا ہونے کے سبب اسکے ساتھ جماع کرنیکی رغبت نہیں
ہوتی [illegible] بری رسم کا نتیجہ ہوتی ہے جو ہندوستانی لوگ بیچارے ناسمجھ بچوں
کو نکاح مضبوط [illegible] کھینچکر باندھ دیتے ہیں کہ سمجھ دار ہونے پر ایک نے دوسرے
کو پسند کر لیا تو خیر ورنہ رو رو کر زندگی کاٹنی پڑتی ہے۔

علاج۔ جوان ہو کر فریقین کی رضامندی سے نکاح ہو جیسا کہ انگریزوں میں رائج
اور مسلمانوں میں جائز ہے تو یہ خرابی نہیں پیدا ہوتی مگر ہندوستان سے ابھی اس
رسم کا دور ہونا ناممکن ہے بدیں وجہ حفظ ماتقدم علاج تو ہو نہیں سکتا پس جب ایسا اتفاق
ہو تو بار بار عورت کی صورت کو نہ دیکھیں +

+ عورتوں کو اپنے محرم راز یعنے شوہر سے گھونگٹ نکالنے یعنے منہ چھپانے کا رواج ہند میں شاید اسی
بنا پر ہوا ہو کہ بدصورت کو دیکھ کر نفرت نہ ہو اور خوبصورت ہو تو شوق بڑھے۔

[illegible] وہ تو ایک ایسی [illegible] ہے جو [illegible] اور
مجامعت [illegible] بڑی [illegible] نسل ہے تو نام کا [illegible]
جماع [illegible] ہی کیا ہے۔ پس بہتر تو یہ [illegible] کا
شوق [illegible] اور جو اتفاقیہ بسبب شوق [illegible] جلد اثر [illegible] کرتندی جاتی
تو اسکو ایک عارضی بات سمجھکر وہم کو دل سے دور کر دیں۔

دوازدہم۔ کسی قسم کا رنج یا فکر بدرجہ غایت ہو [illegible] مجامعت [illegible]
پڑے تو دوسری طرف طبیعت کی توجہ ہونیکے سبب تندی کا ہونا ممکن ہے۔

علاج۔ [illegible] ہونے فکر و رنج کے مجامعت کرنے سے تندی [illegible] ہوتی ہے
کسی کے جی میں وہم سما جائے اور پھر بھی تندی ہو تو تسلی دلاسا [illegible] کو دور کر دیں
۳۔ [illegible] کہتے ہیں کہ باوجود صحت آلات و [illegible] محبوب کی حشمت و [illegible]
یا [illegible] یا اپنی کمزوری یا جادو وغیرہ کے اثر [illegible] پر [illegible] اور [illegible]
[illegible] امروں کا [illegible] ہو تو [illegible] اور کسی [illegible]
[illegible] ہوتا [illegible]
[illegible] شاید [illegible]
[illegible] باطل اندیشہ
[illegible] کا جلد اثر نہیں ہوتا +

رطوبت اعضاء خصوصہ زنان کا تنظیر

۱۔ حیض و نفاس کے ایام ہوں یا [illegible] رحم کا عارضہ ہو یا فرج کی بلغمی جھلی سے [illegible]
رطوبت [illegible] یا اور کسی قسم کا مواد بہتا ہو یا فرج بہت فراخ ہو تو ایسی عورتوں کے

۳۱۶

ب ۔ م ۔ ۔ ۔

رت تک مبتلا رہنے کے سبب آدمی ضعیف و لاغر ہو جاتا ہے تو مباشرت کی طاقت
ہی نہیں رہتی کیونکہ انتشار طبعی کا ہونا منی بننے پر منحصر ہے اور منی خون صالح سے
بنتی ہے اور حالت مذکورہ میں ضرور خون کم ہو جاتا ہے جس کے سبب باہ میں بھی فرق
آتا ہے خصیے لٹکتے رہتے ہیں تنگ کم سکڑتے ہیں ۔

علاج ۔ نفیس و مقوی غذا کھلائیں ۔ آب و ہوا تبدیل کرا دیں ۔ رنج و غم کو مناسب
تدبیروں سے دور کریں ۔ مرض سے شفا پانے کے بعد جو کمزوری ہوتی ہے اُسکے دور
کرنے کے لئے نسخہ ۲۴ یا ۲۵ دیں ہر قسم کی جنسی کمزوری میں کوئی خاص
سبب مانع نہ ہو تو مرکبات فولاد و کچھ دن اسفوس مثلاً ۲۵ و ۲۶ و ۲۷ اور
مرکبات منڈی مثلاً ۱۹ و ۲۰ کے دینے سے اکثر فائدہ ہوتا ہے ۔

۱ ۔ دیسی طبیب کہتے ہیں کہ غذا نہ ملنے کے سبب جسم لاغر و کمزور و زرد رنگ زرد ہو جاتا
ہے اور روح و خون جو شہوت کا مادہ ہے کم ہو کر باہ میں فتور اور قضیب میں
سستی پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ ظاہر ہے کہ غذا عمدہ اور جو مناسب و مزاج
کے موافق ہو کھلائیں ۔ جماع سے پرہیز رکھیں ۔ زیادہ عرصہ تک سونے کو کہیں
آگ و رنگ لہو و لعب میں مصروف کریں ۔ دوا و معجون لہو ۔ یا معجون سمی ۔ دیں
۲ ۔ بیٹوں نے لڑکے یا روپیہ یا عورت کے تلف ہو جانے وغیرہ سے جو رنج
غم ہوا اسکو نامردی کا سبب جو لکھا ہے اسکی یہی وجہ ہے کہ انسان ضعیف
ہو جاتا ہے پس ایسی حالت میں اُن کے نزدیک یہ علاج مناسب سمجھا گیا ہے
دشیریں و لذیذ غذا و پان میں مشک یا جوز سمی کا فورہ ڈال کر کھلائیں ۔
خوبصورت و دل پسند عورت (جائز ہو) سے صحبت کرائیں † باغ کی سیر کرائیں ۔

† اس کا خیال رہے کہ کمزوری کی حالت میں بجز خواہش کے بھی باہ کرنا نہیں چاہئے ۔

جماع کرنے سے رطوبت مذکورہ یا فراخی فرج کے سبب ایسی نفرت پیدا ہوتی
خصوصاً اُس عورت کے ساتھ مقاربت کرنے کو جی نہیں چاہتا اور اُس تنہ
کا سبب جانکر آدمی اپنے کو نامرد سمجھ لیتا ہے ✦

علاج - حفظ ماتقدم علاج یہہ ہے کہ جو عورتیں حالت مذکورہ میں مبتلا
اور جنکا بیان حصہ اول میں ہو چکا ہے ہرگز اُنسے مجامعت نہ کریں اور عورت
عارضہ ہوا اسکا علاج طبیب سے کرائیں اور انتشار کا فرد ہونا عورت
سے یقیناً جان لیں - اور عورت کے اندام نہانی کی بلغمی جھلی سے صرف
بکثرت نکلتی ہو تو مجامعت کے وقت رومال سفید پاس رکھیں اور عو
دوائیں مثلاً ٹانک کمپوزیٹ ۲۳ دیں ✦

۳ - عوام لوگوں کا قول ہے کہ گورے رنگ کی عورتوں کے مقام مخصوص
رطوبت خارج ہوتی ہے مگر یہہ کلیہ قاعدہ نہیں ہے - بعض دیسی طبیب
بلغمی مزاج کی عورتوں کے رطوبت زیادہ خارج ہو سکتی ہے ✦

علاج اسکا یہہ ہے کہ ماجو پھل کا سفوف کرکے باریک کپڑے میں ذرا
چھوٹی سی پوٹلی بناکر فرج میں رکھیں اور قبل مجامعت کے نکال ڈالیں لنخہ
کا استعمال کریں اور فراخی کم کرنے کے لئے فرزجہ ۱۹ مفید سمجھے جاتے ہیں
دوائیں بلاضرورت شدید استعمال کرنا از روئے حکمت منع ہے ✦

۴ - بید کہتے ہیں کہ ترش دہی سے آبدست لینا اخراج رطوبت زناں کو روکتا

جسمی کمزوری

۱ - جب عمدہ غذا نہ ملنے یا آب وہوا خراب ہونے یا رنج ومصیبت اُٹھانے یا مر

ان خفقان [illegible] قے [illegible] اسہال ہوتا ہے [illegible] اس کی جلد شناخت
نہیں ہو سکتی۔ بسبب تنگی [illegible] ہوتا۔ [illegible]
[illegible] ہوتا ہے [illegible] بھوک [illegible] میں بیچین ہو جاتا ہے [illegible]
[illegible] ہو جاتا ہے کیونکہ اول تو [illegible] کی زیادتی کے [illegible]
[illegible] قضیب کی جڑ کو چونکہ [illegible] دبا لیتا ہے [illegible]
[illegible] اس قابل نہیں رہتا کہ [illegible]

علاج اس کا یہ [illegible]
[illegible]

[illegible] ہو جاتے ہیں [illegible]
[illegible]

علاج اس کا یہ [illegible]
[illegible]
پانی میں ملا کر پلائیں +

تجربہ

ارجب یہ ثابت ہو چکا کہ منی [illegible] ہوتا ہے اور منی شہوانی
خون سے خصیتین [illegible]
کی طرف خیال [illegible]

[illegible]

فربہی

[illegible] ہو جاتی ہے تو آدمی نامرد ہو جاتا [illegible] ہے اُس [illegible] ہوتی ہے کہ جن لوگوں کی فربہی حد سے [illegible] ہے وہ کثرت [illegible] ہو جاتے ہیں عضلات [illegible] کے عارضہ میں مبتلا رہتے ہیں۔ [illegible] طاقت [illegible] ہو جاتی ہے۔ [illegible] کی [illegible] میں فتور پڑ جاتا ہے رنگ زرد [illegible] چہرہ [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] جلد صرف ہوتا ہے۔

علاج۔ [illegible] کہ ایک قسم کی اور ایسی غذا جس میں چربی [illegible] کم مقدار میں [illegible] بھی کم کھلائیں [illegible] ہونے کے لئے گرم غسل [illegible] ورزش [illegible] کا خیال رکھیں [illegible] صاف ہوتی رہے۔ جو فربہی کی تدبیریں [illegible] اُن کو عمل میں لائیں [illegible] کوئی دوا اس کام کے لئے [illegible] ہوتی لیکن [illegible] سوسیوشن آف [illegible] دینا چربی گلانے کے لئے مناسب ہوتا ہے۔ [illegible] فیوسائی [illegible] جو ایک نئی دوا ہے اور انگریزی دوا فروشوں [illegible] دوکان پر ملتی ہے فربہی کو لاغر کرنے کے لئے آج کل مجرب سمجھی جاتی ہے [illegible] مقدار خوراک تین گرین سے آٹھ گرین۔ غذا سے پہلے دیتے ہیں ایک صاحب [illegible] تین ہفتہ یہ دوا کھلانے سے چار سیر وزن کم ہونا لکھا ہے۔ اور حکمت عملی کے ساتھ [illegible] ورزش میں مریض کو ڈالنے سے بھی فربہی کم ہو جاتی ہے۔

[illegible] دیسی طبیب لکھتے ہیں کہ حد سے زیادہ موٹا ہونے سے تنگی تنفس غشی جریان

ایسی کتابیں جنمیں معشوقوں کی صفت و جماع کا ذکر ہو نہ پڑھیں مقوی باہ دوا
مثلاً [illegible] مقوی اغذیہ مثلاً انڈے گوشت حلوان و ہریسہ و کلا
و پائے کھائیں نیم گرم پانی [illegible] ب بڑ ڈالیں بعدہ قضیب پر اور اسکے گرد و پیش تک
شیر بیشن کی آہستہ آہستہ مالش کریں۔ روغن سوسن میں موم و گلاب کا پتہ
ملا کر یا عاقرقرحا مفرز بیہ دانہ کے ساتھ آمیز کر کے قضیب و خصیتین و پیڑو پر ملیں
یا روغن ۵۶ قضیب پر لگائیں۔ چنبیلی کا تیل بہت [illegible] لگائیں۔

محنت و فتور دماغی

کلیہ قاعدہ ہے کہ جس عضو کا فعل زیادہ ہوتا ہے اسی طرف کو خون زیادہ جاتا ہے
تاکہ فعل کی زیادتی سے جو عضو کی طاقت صرف ہو گئی ہے پوری ہو جائے اور کام
برابر جاری رہے مگر جب کافی غذا نہ ملے یا اور کسی وجہ سے بدل ما یتحلل نہ ہو سکے
تو کمزوری یا عضو کا فعل بہت ہی زیادہ ہونے کے سبب خون حد سے بڑھکر
اس طرف کو رجوع ہو تو اور خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں جن کا بیان کرنا اس
رسالہ کے متعلق نہیں ہے کہ اب ہم کو یہ بخوبی معلوم ہو گیا کہ جو لوگ دماغی
محنت بہت کرتے ہیں خصوصاً ایسے آدمی جنکو خیالات تناسل کی طرف بالکل
نہیں ہوتا انکے دماغ کی طرف خون زیادہ جاتا ہے اور خصیتین کی طرف کم جسکے سبب سے
منی کم بنتی ہے اور بوجہ کم یا بالکل نہ بننے منی کے ان کو تندرستی بہت کم یا بالکل
نہیں ہوتی۔ و جب دماغی محنت ہو اور عمدہ غذا بھی نہ ملے تو اور بھی کمزوری و
لاغری بڑھ کر انتشار [illegible] کیا کمی خون کی علامات ظاہر ہو جاتی ہیں۔ یعنے چہرہ
بلکہ تمام جسم کا رنگ [illegible] ہے رونق اور آنکھوں کے نیچے کچھ سفیدی مائل ہو جاتی

تی ہے اور ذ. اشتغالک کے سبب خارج ہوتی ہے بہرحال منی چاہے جسوقت بنے مگر
س شک نہیں کہ جب مجامعت کی طرف خیال نہو اور ریاضت ہوتی رہے تو ضرور
ی کا بننا موقوف ہو جاتا ہے اور منی بننے سے انتشار بھی نہیں ہوتا بلکہ آخرکار یہہ
ت ہو جاتی ہے کہ کیسی ہی جوان خوبرو عورت کے ساتھ مقاربت کا موقع میسر ہو
شہوت نہیں ہوتی چنانچہ ہندوؤں میں مشہور ہے کہ زمانہ سابق میں
بعض جت اندری تھے کہ کیسی ہی خوبصورت عورت بناؤ سنگار کرکے اُن کے
جاتی اور اظہار موانست کرتی لیکن اُن کو ذرا بھی خبر نہیں ہوتی پس اسکا سبب
تھا کہ مدت دراز تک جنگلوں میں بحالت تجرد جسمی و ذہنی ریاضت کرنے سے
ی قوت باہ زائل ہو جاتی تھی +

ج انڈوں کا خاگینہ و گوشت کا شوربہ و مصالح دار چیزیں و گرم غذائیں و حار
ب دوائیں مثلاً پورٹ وین یا پندرہ بیس قطرہ اسپرٹ امونیا ایرومٹک قدرے
ملاکر یا ٹانک مکسچر ۲۲ دینے و گلستان کا باب پنجم و فسانہ عجائب وغیرہ کا
ہ کا پڑھنے اور کوئی محرک مرہم مثلاً مرہم عنہ ۱۲ قضیب پر ملنے سے اس قسم کی
ی میں آرام ہو سکتا ہے +

یسی طبیب کہتے ہیں کہ جیسے بچہ کا دودھ چھوٹنے کے بعد پستان میں دودھ نہیں
ی طرح مدت تک جماع ترک کرنے کے سبب طبیعت منی پیدا کرنے سے
ی ہے اور چونکہ بیکار عضو کا لاغر ہونا ضرور ہے بدینوجہ نامرد کا عضو تناسل بھی لاغر
ہے اور سکڑ جاتا ہے۔ پس اسکا یہہ علاج ہے کہ عورتوں کا گانا و باجے کی آواز جماع
سنیں حیوانات کو مجامعت کرتے ہوئے اور خوبصورت عورتوں کو دیکھیں

ڈاکٹر ڈی بیورن صاحب فرماتے ہیں کہ عصبی یا دماغی فتور سے آدمی نامرد ہو جاتا
تو جماع کی خواہش پیدا کرنے کے لئے عورتوں کے ساتھ کھیل تماشے [illegible]
رکھنا ٭ اور تندرست ہونے کے لئے جسم کو [illegible] ملنا۔ آب [illegible] ممکن
تو سمندر کے پانی سے غسل کرنا عمدہ غذا کھلانا اور [illegible] کینیا [illegible]
کنیتھرائیڈس کے مرکبات [illegible] کا بلا ناغہ استعمال مناسب ہے ٭

قلت منی

[illegible] کا بڑا سبب منی
کیونکہ ایک بار انزال ہو چکنے کے بعد جب تک دوبارہ منی تیار ہو جائے ہر
[illegible] نہیں ہوتی لیکن [illegible] منی کا بننا کم یا موقوف ہو جائے تو ضرور شہوت
یا جماع میں فتور پڑ جاتا ہے چنانچہ جسمی کمزوری یا خیال کے دوسری طرف متوجہ
ہونے سے جب منی نہیں بنتی ہے تو [illegible] فرق آ جاتا ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا ہے
مگر یہ ایسے اسباب ہیں کہ جس سے تو جسم کے اعضا بگڑتے ہیں نہ ظروف منی خراب
ہوتے ہیں صرف مقویات و محرکات دینے سے سبب کو دور کرنے سے کام ہو جاتا
ہے لیکن جب جماع یا جلق یا احتلام کی زیادتی سے منی کی کمی ہو تو اکثر اس کا تدارک
ناممکن ہو جاتا ہے کیونکہ اس حالت میں اخراج منی کی کثرت ہونے سے خون کم
اعضا جسم کمزور و ظروف منی و دیگر آلات تناسل خراب ہو جاتے ہیں اور بباعث
لذت کے انسان سبب کو دور نہیں کر سکتا یعنے عادات کو نہیں چھوڑتا ٭
اور گو کہ کمزوری و کمئی خون کی علامات نمایاں ہو جاتی ہیں لیکن کچھ روز تک کلیہ قاعدہ

٭ اعتدال کو ضرور نگاہ رکھنا چاہئے ٭

میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رہتے ہیں۔ کاروبار کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ یا ذرا سا کام کرنے سے دل گھبراتا ہے کبھی سر میں درد ہو جاتا ہے۔ یا چکر آنے لگتا ہے غرضکہ ایسی ہی کمزوری کی علامات نمایاں ہو جاتی ہیں +

علاج۔ اگر طالبعلموں کو صرف انتشار ہوتا ہو تو کچھ فکر کی بات نہیں ہے۔ قواعد حفظان صحت مندرجہ ہدایت المنعم کے پابند رہنے و غذا عمدہ کھانے و ریاضت کرنے اور اعتدال کے ساتھ پڑھنے لکھنے سے کمئی خون کا عارضہ بھی نہیں ہو سکتا اور جب وہ تحصیل علم سے فارغ ہو کر شادی بیاہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو خود بخود صرف تبدیلی خیالات سے انتشار ہونے لگتا ہے اور جو کسی اور شخص کو دماغی محنت سے نامردی ہو جائے تو سبب کو دور کریں یعنی مطالعہ کرنے کی کثرت یا سوچ فکر کا کوئی کام نہ ہو تو اسکو مطابق کمی بیشی مرض چھوڑنے یا کم کرنے کی تاکید کرائیں اور بچوں کے ساتھ بازی کرنے یا دریا ہی ہلکے کاموں میں مصروف رکھیں جسمیں دماغ پر بوجھ نہ پڑے ذرا زیادہ دیر تک سلائیں۔ حفظان صحت کے قواعد کی پابندی کرنے مقوی غذا مثلاً مچھلی و دودھ + و گوشت و انڈے و میوہ جات مثلاً بادام و پستہ و چلغوزہ وغیرہ جو چیز موافق ہو حسب برداشت کھلائیں اور مقوی دماغ ادویہ مثلاً معجون عنبر و عنبر یا مرکبات فولاد مثلاً شربت ۲۳ یا کچلہ یا فاسفورس ۲۳ و عنبر و عنبر کا استعمال کریں اور کمئی خون کی علامات ظاہر ہو جائیں تو بھی مرکبات فولاد وغیرہ (جنکا ذکر ہوا) دینے اور مچھلی کا تیل پلانے اور غذا کا کافی بندوبست کرنے سے آرام ہو جاتا ہے

+ دیسی طبیب مچھلی و دودھ ایک ساتھ کھانے کو منع کرتے ہیں اس کا خیال رکھیں +

مقوی و مولد منی دوائیں جیسے حلوا ۱۴۱ و معجون ۱۳۳ کھلائیں اور روغن ۵۴ قضیب پر لگائیں اور پوٹلی ۱۳۱ کی سینک کریں اور قواعد نظام صحت مندرجہ ہدایت الوہم کے پابند رہیں +

اور جب مریض بالکل نامرد ہو گیا ہو تو کو مقوی و مولد منی اغذیہ و ادویہ کے کھلانے و محرک و تہیج انگیز دوا کے قضیب پر لگانے سے کچھ فائدہ ہوتا ہے لیکن کہ کامل شفا نہیں ہوتی اور بسبب رشحے نرے بڑے مبالغوں کے ساتھ فائدہ مند ہوتا بیان کیا گیا ہے انکے کھلانے و لگانے سے کچھ نہیں ہوتا جب مریض کسی خراب نتیجہ بعض مسل کے عارضہ میں مبتلا ہو جائے تو اُس مرض کا علاج کریں +

۲ دیسی طبیب کہتے ہیں کہ جب قلت منی کی آلات منی کی لاغری و خشکی کے باعث سے ہو تو منی غلیظ ہوتی ہے اور مرطوب غذا کھانے و عام کرنے سے افاقہ معلوم ہوتا ہے اسکا علاج یہ ہے کہ سیال اغذیہ مثلاً دودھ و بے مصالح کا شوربا وغیرہ کھلائیں اور دودھ تربخبین یعنی ماسے کے دودھ میں اس سے تہائی یا چوتھائی حصہ تربخبین ڈال کر پکا کر دیں کوئی روغن بدن پر ملیں غسل کرائیں کھیل میں مصروف رکھیں اور ایسی تدبیر کریں جس سے فرحت و رطوبت زیادہ ہو + اگر آلات منی کی سردی سے منی کم ہو تو منی بہت غلیظ ہوتی ہے اور سخت صدمات و حرکات کے بعد نکلتی ہے اور بھوک و معتدل حرکت و گرم ادویہ و گرم ہوا سے فائدہ معلوم ہوتا ہے اور بعد دخول اندام نہانی کی حرارت کے سبب تندی کامل ہوتی ہے اسکا یہ علاج ہے کہ مربہ زنجبیل ۱۱۶ و معجون لبوب ۱۳۰ و معجون کرم ۱۳۳

بموجب آلات تناسل کا فعل زیادہ ہونے سے اُدہر کو خون زیادہ آکر انتشار جو ہوتا
ہتا ہے وہ اُسکو بالکل غافل رکھتا ہے بلکہ جب ایسا جب اس قاعدہ کے کہ جو عضو
مدمعینہ سے بڑھ کر اپنا فعل کرتا ہے کچھ مدت بعد تک کر اصلی فعل بھی نہیں کر سکتا
یہ حالت ہو جاتی ہے کہ قضیب مسترخی ہو جاتا ہے خصیتین منی بنانے کے قابل
ہیں رہتے۔ ظروف منی ذراسی اشتعالک سے کچی پکی منی کو بلا انتشار باہر پھینکدیتے
ہیں۔ لذت نام کو نہیں حاصل ہوتی تب بھی چند روز عادتاً ناکامل طور پر فعل مذکور
رتا ہے آخر الامر جب اُن نتائج میں مبتلا ہوتا ہے جنکا ذکر ہم باب دوم میں
رچکے ہیں۔ تب بی بی عصمت بے چادری اپنی حرکت سے باز رہتا ہے اور
پتا تا ہے جو باز رہنا وہ پچھتانا کچھ کام نہیں آتا +

علاج۔ حفظ ماتقدم علاج تو یہی ہے کہ کتاب ہذا کے باب دوم کو پڑھ کر اُسپر
ل کریں تاکہ خراب نتائج میں مبتلا نہ ہونا پڑے اور جو آدمی خراب تعلیم یا بُری
حبت کی وجہ سے جماع کی کثرت کرتا ہو تو جب بعد جماع فرحت نہ معلوم ہو فوراً
اع سے باز رہے اور ترک مجامعت کے واسطے عین شباب میں مرنے اور
ندگی کا لطف نہ اُٹھانے کا خوف کچھ کم نہیں ہے اور جو کوئی نامہذب شخص جلق
اغلام کا عادی ہو اور لامذہب ہو تو جان تلف ہونے کا خطرہ اور کسی مذہب کا
بند ہو تو اُسکے لئے مرنے کا ڈر اور بعد مرنیکے باوجود مذہبی ممانعت بد افعال کرنے
سبب دوزخ کے عذابوں کا اندیشہ عمدہ ذریعہ عادت کے ترک کرنے کا ہے۔
ب مریض اپنی عادت مذکورہ سے قطعی توبہ کرلے اور سن بڑھ جانے سے نکل گیا ہو تو منی
اکرنیوالی اور قوت بڑھانیوالی غذائیں مثلاً گوشت وانڈا اور دودھ و مچھلی وغیرہ

دھات کو نقصان پہنچتا ہے اور دھاتوں کے نقصان سے کھانا کم کھایا جاتا ہے
طعام خشک ہو جاتا ہے آرام اور خوشی پیدا نہیں ہوتی مزاج میں تغیر ہو جاتا ہے
گرما و سرما و بارش و بھوک و پیاس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ صفرا کی زیادتی ہو
ترش ڈکاریں آتی ہیں تشنگی کی شدت ہوتی ہے دل دھڑکتا ہے +
شرح سسرت میں لکھا ہے کہ منی کم ہونے سے خصیتین میں درد ہوتا
جماع کی خواہش نہیں ہوتی اور جماع کرے تو دیر میں انزال ہوتا ہے
قلیل المقدار اور کبھی بجائے منی کے خون نکلتا ہے + اس کا علاج بہت
خایہ منڈوس و خاوس و جانوران خانگی و آبی پکا کر کھلائیں اور دیگر منی
کرنیوالی ادویہ دیں جنکا باب دوم میں ذکر ہو چکا ہے یعنی ماش کی کھیر
پر سکیہ ۱۵ و سکمرن ۶۹ و شیر مادہ گاؤ و تازہ مسکہ و گندم و صلی و
شکر و مشاول وغیرہ +

منی کی خرابی

منی میں پیدائش سے ہی قوت تولید نہ ہو یعنی حیوانات منی اسمیں نہ ہوں
تو یہ لاعلاج مرض ہے جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں مگر کبھی جماع کی کثرت
ہوا کی خرابی وغیرہ سے منی ایسی خراب و فاسد ہو جاتی ہے کہ اسمیں قوت تولید
علاج سبب کو دور کریں یعنی تبدیل آب و ہوا کرائیں جماع سے باز رکھ
مقوی و مولد منی غذا و دوا کھلائیں +
اور جو منی میں حدت پیدا ہو جائے تو سرد لعاب دار اشیا پلائیں جنکا
بیان جریان منی میں کیا جائے گا +

و دیگر گرم اشیا کو کھانے و لگانے کے کام میں لائیں اور گوشت میں دارچینی وغیرہ ڈال کر اور چنے کے پانی میں گرم دوائیں ملا کر و چڑیوں و مرغ کا گوشت کھلائیں۔ اور شہد میں گائے کا پتہ ملا کر یا صرف شیر کی چربی یا طلاء قضیب پر لگائیں +

اگر آلات منی کی حرارت کے سبب سے منی کی قلت ہو تو بھی منی گاڑھی ہوتی ہے ٭ مگر رنگ زرد ہوتا ہے اور بہ آسانی خارج ہو جاتی ہے اور سردی سے اس حالت میں فائدہ معلوم ہوتا ہے خصیتین بڑے اور ذکر کی رگیں نمودار ہوتی ہیں۔ ایسی صورت میں گرم غذا و دوا سے پرہیز کرنا اور دودھ و دہی و شیرہ خرفہ وغیرہ یعنے ایسی چیزیں جو مسکن حرارت ہیں اُن کا استعمال کرنا اور گوشت میں ککڑی ڈال کر و پالک کا ساگ کھانا اور خصیوں پر روغن بادام یا روغن بنفشہ لگانا مفید ہوتا ہے

اگر آلات منی کے رطوبت کے سبب منی کم ہو تو منی میں رقت اور اُسکی کثرت و قضیب میں سستی ہوتی ہے پیشاب سفید و گاڑھا آتا ہے۔ پانی سے نقصان اور خشک کرنیوالی چیزوں سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کا علاج یہی ہے کہ خشک دوائیں جیسے اطریفل دیں اور مرغ و تیتر و چڑیوں کا گوشت و گرم مصالحجات جیسے دارچینی زیرہ و صعتر و سداب وغیرہ خشکی پیدا کرنیوالی چیزیں کھلائیں اور مرطوب اشیا سے پرہیز رکھیں اور طلاء عنہ کی ذکر و اُسکے قرب و جوار میں مالش کریں +

۳۔ بیدوں کا قول ہے کہ منجملہ سات دھاتوں کے ایک دھات منی ہے جس سے خواہش جماع و محبت زنان و طاقت اولاد پیدا ہوتی ہے۔ پس کثرت جماع سے ساتوں

٭ یہ بھی ویسی اطبا کا قول ہے کہ جب حرارت بہت زیادہ ہو تو منی کی خشکی کے سبب اسمیں غلظت ہو جاتی ہے ورنہ بحالت کمی حرارت منی میں ضرور رقت ہوتی ہے +

[illegible] ایک ایسا بڑا عارضہ ہے جس کا مفصل بیان کیا جائے تو علیحدہ ایک بڑی کتاب
[illegible] ہو سکتی ہے مگر ہم فضول باتوں کو ترک کر کے ضروری اور واجبی حالات قلمبند
[illegible] اور کثرت احتلام و سرعت انزال جو دونوں اس مرض کی علامات ہیں ان کو بوجہ زیادہ
تفصیل طلب ہونے کے علیحدہ بیان کریں گے مگر ضعف جسمانی و [illegible] وغیرہ جو کثرت
اخراج کے خراب نتائج ہیں ان کو اسی بیان میں لکھیں گے

[illegible] خراب نتائج مذکورہ کا نام ڈاکٹر چیتن شاہ صاحب نے [illegible]
[illegible] ہیں اسپرمٹو یا ✱ اور بقول بقراط ضعف کمر [illegible]
[illegible] پیدا ہوتے ہیں اور ان کا [illegible] سے زیادہ خاتمہ ہو جاتا [illegible]
نہیں ہے بلکہ جاتے یا جلتے یا اعلاج یا احتلام و [illegible] کی کثرت سے [illegible]
میں کثرت جماع وغیرہ کے [illegible] مست مخی کے [illegible]
[illegible] مناسب [illegible]
[illegible] کا [illegible]
[illegible]

[illegible] ہوتے ہی پیشاب [illegible]
ہوا [illegible] غرضکہ سبب کامل مجامعت کے ہوا کس [illegible]

[illegible]
[illegible]
✱ یہاں [illegible] ارادہ سے مطلب نہیں ہے [illegible]
اور [illegible] کے لئے دوا کھانے پھرنے [illegible] ✱

ا۔ دا ہی طبیب کہتے ہیں کہ جب منی کا قوام خراب
ا ر د ہوتا ہے اور سوزش کے ساتھ خارج ہوتی۔
علاج۔ اس کا یہ ہے کہ زیادہ دینفشہ وعناب وخرا
فائدہ۔ اسپغول پیا ہوا زہر سمجھا جاتا ہے اسلئے ا
۳۔ بید کہتے ہیں کہ منی آٹھ طور پر فاسد ہوتی ہے
ا ہ ی د ر د و منی کا رنگ سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے
ہے اور منی کی رنگت زرد و بدبودار ہوتی ہے۔ بلغ
سفید ہوتا ہے۔ خون سے فاسد ہو تو منی ہمرنگ خور
گندہ گوشت کے ہوتی ہے۔ باد و بلغم سے فاسد ہو تو
و بلغم سے فاسد ہو تو منی کی رنگت و بو مثل پیپ
سے منی فاسد ہو اور اسکی بو مانند پائخانہ کے ہوتی
گرہ پڑیں یا گندہ گوشت یا ریم کی سی بو آئے تو بد
پائخانہ کی سی بو آئے تو مرض لاعلاج ہے باقی تین ق
اگر منی باد یا بلغم یا پت سے فاسد ہو تو روغن زرد
کریں اور اکثر قسم کے فساد میں جو و شراب و گوشت

جریان منی

جریان کے نام جریان منی کو عربی میں سب
میں بیرج وراو یا بیرج اسکھنڈت یا پرتیہ یا دھار
امیشن یا ڈائیرل پولیوشن کہتے ہیں۔

[illegible] مرض کے اسباب [illegible] فقروں میں بیان
کئے جاتے ہیں [illegible] کی کثرت ہو [illegible] تجربہ ہو جاتا [illegible] کی لمبائی یا اس
میں میل [illegible] یا آلات بول کے امراض [illegible] قبض [illegible]
وجہ [illegible] ماغ وغیرہ [illegible] ہونا [illegible] والے اسباب
اعضاء تناسل [illegible] زیادہ [illegible] +

اول [illegible] مجرد آدمی [illegible] پیدا کرنیوالی غذائیں
مثلاً [illegible] انڈے [illegible] چلغوزہ [illegible] محنت و ورزش
نہیں کرتا [illegible] بلا ارادہ [illegible] ہوتی [illegible] کے یا اور طرح سے +

دوم [illegible] منی میں کسی تغیر [illegible] ہوتی ہے کہ منی نکلنے والے
کو اور جس جگہ جا کر تازہ منی [illegible] ہوتی ہے چنانچہ
[illegible] کئی مریض [illegible] دیکھے [illegible] صاحب بھی
اس امر کی تصدیق فرماتے ہیں [illegible] منی کی [illegible]
[illegible] باعث ہو جاتی [illegible] +

سوم [illegible] منی [illegible] منی
پر تاثیر تحریک کی ہو کر [illegible] +

چہارم [illegible] بول [illegible] ہو جاتے ہیں چنانچہ
پیشاب کی [illegible] غلبہ سے [illegible] ہو تو کیسہ المنی پر بھی
تحریک کی تاثیر ہو کر [illegible] کرتے [illegible] منی نکل جاتی ہے یا کروٹ لیٹ
آتی ہو تو بھی [illegible] منی [illegible] جاتا ہے [illegible] کی تنگی

[illegible] یا زیادہ [illegible] باوری خارج ہو [illegible] کہیں کے گرمی [illegible] غذا کھانیوالے شخص [illegible] دن
اختتام ہو جایا کرے تو وہ مرض نہیں بلکہ کسی قدر صحت کے لیے [illegible] ہے ہاتھ دی
کے وقت اتنی ذرا سی شفاف لیسدار رطوبت یعنی مذی نکل آئے کہ ہاتھ لگانے
سے معلوم ہو تو وہ بھی مضر نہیں ہے بلکہ مذی کے بعد اسکا نہ نکلنا ضعف کی
[illegible] پیشاب کے وقت قدرے ودی مائیدہ کے منہ پر آجائے تو اس کا
بھی کچھ مضائقہ نہیں ہے یا ایک دو بار قبض کے سبب اتفاقیہ ذرا سی منی ہی نکل
آئے اور بعد رفع ہونے قبض کے پھر نہ نکلے تو اسکا شمار بھی مرض میں نہیں ہو سکتا
بعد [illegible] پیشاب کرنے کے وقت قدرے غلیظ رطوبت خارج ہو یا پیشاب کی
حدت سے دو چار قطرے منی کے نکل آئیں اور بار بار یہ امر واقع نہو تو اسکو بھی سخت
مرض نہیں کہہ سکتے لیکن خفیف قسم جلد جلد ہو تو اس کا نتیجہ بھی خراب ہو سکتا ہے +

۲- بقول دیسی اطبا جب کثیر المقدار مذی یا ودی خارج ہو یا منی کا سیلان
ہوتا رہے تو یہ سب حالتیں مرض میں داخل ہیں اور سیلان منی کی چند قسمیں
ہیں جن کا آگے بیان ہوگا +

۳- بید کہتے ہیں کہ چربی و گوشت و شحم کا پانی پڑ و میں پہنچکر بلغم کے سبب خراب
ہو تو دنبہ قسم کا اور صفرا سے خراب ہو تو چھ قسم کا اور باد سے خراب ہو تو چار قسم کا
پرمیہ پیدا ہوتا ہے چنانچہ بیس قسم کے پرمیہ کے نام و علامات علیحدہ علیحدہ ہیں
اور انکے سوا اور بھی کئی قسم کے پرمیہ ہیں مگر جنمیں منی خارج ہوتی ہے اسکا نام
بیدک میں شکر پرمیہ ہے اور اسی کا بیان جائے موقع پر ہوگا +

جسمی ریاضت نہیں کرتے اور مطالعہ کتب میں زیادہ مصروف رہتے ہیں تو جریان منی کے نتائج میں بہ نسبت دوسروں کے جلد مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اگرچہ بعض عصبی امراض مثلاً مرگی و مالیخولیا وغیرہ اس عارضہ کے سبب سے پیدا ہوتے ہیں لیکن تاہم جن کو کوئی عصبی مرض موروثی ہوتا ہے اُن کو جریان کے نتیجوں میں گرفتار ہونے کا زیادہ اندیشہ رہتا ہے ؛

ہشتم۔ سب سے بڑا سبب جریان کا اعضاء تناسل کا ذکی الحس ہونا ہے بلکہ سوائے کثرت منی کے دیگر اسباب مذکورہ بالا کا بھی زیادہ ترجیب ہی اثر ہوتا ہے کہ اعضاء تناسل کی حس زیادہ ہو اور اُس حس کی زیادتی کی وجوہات بہت سی ہیں ایک تو اسکی وجہ کثرت جماع ہے جس سے تمام جسم خصوصاً آلات تناسل کمزور ہو جاتے ہیں اور جلد جلد منی کے بننے اور خارج ہونے کے باعث خصیتین پر منی بنانے وادعیہ منی پر موجودہ منی خارج کرنے کا کام و اعصاب و حرام مغز پر صدمہ پہنچنے سے اعضائے مذکرہ کا فعل و مزاج ایسا خراب و حس ایسی تیز ہو جاتی ہے کہ ادنےٰ تحریک سے موثر ہو کر وے اپنا کام جیسا تیسا کر ڈالتے ہیں اور ذرا بھی کیسے الفی پر قبض وغیرہ سے دباؤ یا خراش مقعد یا برائے نام شہوت انگیز خیال سے دغدغہ پہنچے تو منی خارج ہو جاتی ہے۔

دوسری وجہ جلق ہے جس سے علاوہ اُس نقصان کے بزیادتی اخراج منی کے سبب جماع کی کثرت سے ہوتا ہے یا نہ کہ غیر معمولی گھساؤ سے اور بھی کئی قسم کا ضرر پہنچتا ہے جس کا مفصل بیان کتاب ہذا کے باب دوم میں ہم لکھ چکے ہیں۔ اور نائیدہ کی ساخت خراب اور اُسکے اندر خفیف ورم اور اُسکا منہ سُرخ و کشادہ

مثانہ کے مرض کے سبب پیشاب کرنے میں زور لگاتے وقت کبھی کبھی منی بھی نکل آتی ہے۔
پنجم۔ آلات تناسل کی بیماریوں کے علاوہ کئی بیماریوں سے عارضی طور پر یہہ عارضہ
ہو جاتا ہے چنانچہ جب قبض ہو تو بوقت دفع براز کیسۂ المنی پر دباؤ پڑنے سے
منی باہر نکل پڑتی ہے لیکن بعد رفع ہونے قبض کے یہہ علامت بھی دور ہو جائے
اور شاذ و نادر ایسا اتفاق ہو تو وہ مرض نہیں ہے اور اگر ذرا سے قبض کے سبب
ہمیشہ پاخانہ کے وقت منی نکل جایا کرے تو ضرور کیسۂ المنی کا ضعف سمجھا جائیگا۔
خطوں میں کھجلی یا بواسیر یا پھنسیوں کے باعث جب مقعد میں خراش ہوتا ہے
تو بوجہ مشارکت خصیہ کیسۂ المنی کمزور بھی ہوں تو انہیں دغدغہ ہو کر منی خارج
ہو جاتی ہے۔ یخم مثانہ ہونے کے بعد مقعد کے تنگ ہو جانے یا شقاق المقعد
کا عارضہ ہونے سے بھی یہہ بیماری ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر نووا سیچک صاحب نے بعد لاحق
ہونے مرض نائیٹس نیورسٹی کی مطبقہ تشریح کی اور ڈاکٹر گراس صاحب نے
دماغ کے خراش سے بھی اس مرض کا ہونا بیان کیا ہے +

ششم جب کسی وجہ سے منی کے عضلاتی ریشوں میں فالج ہو جائے تو
قوت انقباض زائل ہونے کے سبب بلا ارادہ منی خارج ہو جاتی ہے۔ اور جب نائیٹہ
میں زیادتی حس کی کوئی علامت اور دغدغہ کا کوئی عارضی سبب موجود نہو تو
ضعف منی کا استرخائی سیلان منی کا سبب ہوتا ہے +

ہفتم۔ بعض اسباب ایسے ہیں جو اکثر اس مرض کو پیدا تو نہیں کر سکتے لیکن
ان سے مرض کی ترقی ضرور ہوتی ہے۔ مثلاً چاء یا قہوہ یا شراب یا تمباکو کا استعمال
بکثرت کرنے یا اوندھا سونے یا میلا رہنے سے مرض بڑھ جاتا ہے۔ یا جو طالب علم

بہت کم بچتے ہیں کیونکہ کثرت جماع کا [illegible] ترشادی [illegible] عیاشوں
کو میسر آتا ہے اور جلق یا اغلام میں [illegible] لوگ مبتلا ہوتے ہیں [illegible]
خراب ہو اور مبتلا ہونے کے بعد [illegible] مضرت کا ڈر [illegible] خوف کر کے جلق
حرکات سے باز رہکر بھی بُرے نتیجوں سے بچ جاتے ہیں [illegible] خیالات کی تعلیم جو کہ
ابتدا سے [illegible] ہوتی ہے یعنی چھوٹی عمر سے ہی [illegible] کتاب [illegible]
بہار دانش کے پڑھنے سے فحش خیالات نقش کالحجر [illegible] اور پھر اس پر
واسوخت [illegible] میر حسن کی مثنوی [illegible] صاحب دیوان وغیرہ کے مطالعہ سے ترقی
ہوتی رہتی ہے [illegible] باوجود خراب نتائج لاحق ہونے کے بھی مرتے دم تک بُرے خیالات
کی عادت نہیں جاتی اور کسی کا یہہ قول صادق آتا ہے کہ ؎

دل سے شوق بُت نکل گیا	جھانکتا تاکتا بھول گیا

اگرچہ اس [illegible] حرکت یعنی بدخیالی میں بلا مزاحمت غیر سے بلا صرف ذرا ایک
قسم کی لذت حاصل ہوتی ہے مگر اعضائے تناسل خیال کے حکم کی متابعت کرتے
کرتے [illegible] ہو جاتے ہیں [illegible] اشارہ یا [illegible] تحریک کو [illegible]
خیال کا [illegible] کرنے لگتے ہیں یعنی جن حالتوں سے اور لوگوں کو
[illegible] ہوتی ہے [illegible] تناسل کو خبر بھی نہیں ہوتی بدخیالات کے
تابعدار [illegible] انزال ہو جاتا ہے حتیٰ کہ اپنے محبوب کے دیکھنے یا اُس سے
گفتگو کرنے یا پائجامہ کی رگڑ وغیرہ لگنے سے بھی منزل ہو جاتے ہیں علاوہ بریں
زیادہ خیال کرنے سے دل و دماغ کا خراب اور تمام اعضا جسم کا کمزور ہونا ظاہر ہے
چھٹی وجہ جنسی کمزوری ہے جو جماع یا جلق یا اغلام یا [illegible] کی کثرت سے پیدا ہوتی

ہو جاتا ہے پیشاب بار بار آنے لگتا ہے ظروف منی کی حس نہایت تیز ہو جاتی ہے
اور چونکہ جلد جلد بننے و خارج ہونے سے منی کی اصلیت بھی خراب ہو جاتی ہے اسلئے
کیسٹ الفی اسکو خارجی شے سمجھکر اور بھی جلد بننے فوراً باہر نکال دیتے ہیں۔ ڈاکٹر
ہنٹر صاحب کہتے ہیں کہ جلق سے بہ نسبت مجامعت کے کم نقصان پہونچتا ہے
مگر ملٹن صاحب و سونڈر یار صاحب ہنٹر صاحب کے قول کو خلاف سمجھتے ہیں اور وہ
بہ نسبت مجامعت کے جلق کو زیادہ تر جریان کے ہونے کا سبب جانتے ہیں *
تیسری وجہ اغلام ہے اس سے بھی ضرر ویسے ہی ہوتے ہیں جیسے کثرت جماع
و جلق یعنی کمزوری و درد کمر کا صدمہ وغیرہ علاوہ اسکے مقعد کے گرد کے عضلاتی
ریشے جو مالغ دخول ہوتے ہیں اُنکے سبب سے سر حشفہ پر زیادہ صدمہ پہنچتا ہے
اور مُنوا ئزہ کا کشادہ اور اوسکی ساخت خراب ہو جاتی ہے *
چوتھی وجہ احتلام ہے جو کبھی کبھی یعنی مہینے میں ایک آدھ بار قوی آدمی کو ہو تو
کچھ مضائقہ نہیں لیکن رات اور دن میں جلد جلد ہونے لگے تو اعضاء تناسل
ذکی الحس ہو جاتے ہیں اور پھر یہہ مرض نہایت خوفناک ہو جاتا ہے کیونکہ
بار بار منی خارج ہونے سے جسمی کمزوری اور جسمی کمزوری کے سبب جلد جلد
اعضائے تناسل انگیخت پذیر ہو کر احتلام کی ترقی روز بروز ہونے لگتی ہے
اور دونوں باتیں جو لازم ملزوم ہیں ایک دوسرے کی مددگار ہو کر مریض کو پریشان
کر دیتی ہیں مگر اکثر احتلام کی کثرت جماع یا جلق یا اغلام کی زیادتی کے بعد ہوتی ہے
یا خراب خیالات کے سبب سے چنانچہ اس کا مفصل بیان آئندہ لکھا جائیگا انشاء اللہ *
پانچویں وجہ خراب خیالات ہیں اور یہہ سبب ایسا ہے کہ اس سے آجکل کے نوجوان

نوجوانی میں ہوتی ہے اور اگر بہت انزال یا جماع یا جلق وغیرہ کی کثرت کی جاتی ہے تو اول تو مرد
رشادہ کی حالت بگڑ جاتی ہے یعنی پیشاب کرنے میں دقت ہوتی ہے اور کبھی دل پسند گدگدی
بھی معدوم ہوتی ہے پیشاب بار بار کثیر المقدار آتا ہے اور مثانہ سخت ہو جاتا ہے
بعض مریض قضیب و خصیتین میں درد کے دورے ہوتے ہیں بعض مریض بیان کرتے ہیں
اگر رات کو دو بار بھی مساوی سب کو دو دفعہ سے زائد جماع یا جلق وغیرہ سے کام لیا جائے
تو بعد ازاں پھر یہ صورت ہوتی ہے کہ مجامعت میں لذت کم آنے لگتی ہے انزال دیر
ہو جاتا ہے یعنی عورت سے پہلے ہی منی خارج ہو جاتی ہے جس سے اکثر مریضوں کو بہت
شرمندگی حاصل ہوتی ہے۔ پیشاب و پاخانہ کے وقت خصیہ جب قبض ہو یا عورت
کے ساتھ مساس کرنے میں تھوڑی بہت ندی یا منی نکل آتی ہے جس سے طبیعت
سست و انتشار فرد ہو جاتا ہے مجبور ہونے کا اتفاق ہو تو رات کو بھی دن کو بھی
اکثر احتلام ہونے لگتا ہے جس کا مفصل بیان آئندہ ہوگا انشاء اللہ۔

اس کے بعد ایسی خاصی حالت میں منی کا عارضہ قدیم ہو جاتا ہے اور اعضاء تناسل
کی حس تیز اور کیفیت المنی وغیرہ کے ضعیف ہونے میں کچھ شک نہیں رہتا کیونکہ
جب مریض پیشاب کرنے بیٹھتا ہے تو زور کرنے سے یا بغیر زور کے کیفیت المنی
کے ضعف کے سبب چند قطرے منی کے علیحدہ یا پیشاب میں ملے ہوئے پیشاب
یا بعد پیشاب کرنے کے نکل آتے ہیں اور اجابت کے وقت خصوصاً جب قبض
بھی ہو تو منی نکل جاتی ہے اور جب مرض کی بہت زیادتی ہوتی ہے تو پیشاب
کرنے کے لئے زور کرنے میں منی نکلتی رہتی ہے اس حالت میں منی جاری رہتی
ہے کبھی تو پتلی و کثیر المقدار بلا سوزش آتی ہے اور کبھی صرف قلیل المقدار یا تھوڑی مقدار

ہو یا دیگر عوارض جسمی سے - بہر حال جب اور اعضا کمزور ہوتے ہیں تو ظروف منی بھی ضعیف و ذکی الحس ہو جاتے ہیں +

۲- دیسی طبیبوں نے سیلان منی کے یہہ اسباب بیان کئے ہیں - استعمال اغذیہ مولد منی و ترک جماع سے منی کی کثرت ہونا - منی کی حرارت کے سبب دغدغہ ہونے سے جماع کا اسکے دفع کرنے میں کوشش کرنا - بوجہ برودت و رطوبت اوعیہ منی کے منضج ہونے سے قوت ماسکہ کا ضعیف ہو جانا - اوعیہ منی کے عضلات میں تشنج واقع ہونا - جماع کا خیال زیادہ کرنا - عضلہ محافظہ میں تشنج یا فالج ہونا - مغز یا حرام مغز میں کچھہ خلل ہونا +

۳- بید کہتے ہیں کہ جب زیادہ بیٹھنے یا زیادہ سونے یا خراب پانی یا شراب بکثرت پینے یا جماع کی کثرت کرنے یا قند سیاہ وغیرہ شیریں و دہی وغیرہ بلغم پیدا کرنے والی و تلخ و خلاف طبیعت چیزوں کے کھانے یا حد سے زیادہ ریاضت کرنے کے سبب بلغم میں خرابی ہو پانی کی زیادتی ہو تو شکر پرمیہ یعنی جریان منی کا عارضہ پیدا ہو سکتا ہے +

جریان کی علامات - جب منی کی کثرت سے یہہ عارضہ پیدا ہوتا ہے تو مہینے میں ایک دو بار احتلام ہو جاتا ہے یا پیشاب یا پائخانہ کے وقت خصوصاً قبض کی حالت میں دو چار قطرے منی کے یا ذرا سی مذی نکل آتی ہے مگر نہ تو منی کے قوام میں کچھہ فرق آتا ہے اور نہ بعد احتلام وغیرہ کے ضعف لاحق ہوتا ہے - علی ہذا القیاس آلات البول کے امراض یا دیگر جسمی عوارض کے سبب عارضی طور پر یہہ عارضہ ہو جائے اور مستقل نہونے پائے تو بھی شدید علامتیں نمایاں نہیں ہوتیں اور نہ منی میں کچھہ تغیر ہوتا ہے اور جب اصل مرض کو دور کر دیا جائے تو جریان منی کی علامات بھی

[illegible] اسے جسم بھی کمزور ہوتے جاتے ہیں چنانچہ شروع میں تو صرف ضعف و سستی و کاہلی، اعضا شکنی و کمر میں کم و بیش درد رہتا ہے۔ پھر لاغر و ضعیف [illegible] مسلول سا نظر آتا ہے۔ بعد ان برے نتائج میں مبتلا ہو جاتا ہے جن کا آگے بیان ہوگا۔

[illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] ہو تو جماع کے وقت [illegible] قوام کی [illegible] منی خارج ہوتی ہے [illegible] ضعف نہیں ہوتا بلکہ ٹھیک [illegible] جسم [illegible] قوی نہیں کیونکہ اعضائے منی کی [illegible] کے سبب منی کی بیش [illegible] زیادہ ہوتے [illegible] جسم [illegible] زیادہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

